April-2014
ترجمہ "کہہ دو کہ اگر خدا تمہارے ساتھ برائی کا ارادہ کرے تو کون تم کو اس سے بچا سکتا ہے یا اگر تم پر مہربانی کرنی چاہے
تو (کون اس کو ہٹا سکتا ہے) اور یہ لوگ خدا کے سوا کسی کو نہ اپنا دوست پائیں گے اور نہ مددگار۔" (الاحزاب: ۱۷)
روحانی و جسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات میں
جلد نمبر 4
شمارہ نمبر 12
ماہنامہ
خزینہ روحانیات
لاہور
قیمت
100 روپے
"حل المشکلات نمبر"
"ساتواں خاص نمبر"
پریشانیاں اور ان کا علاج
مشکلات کے حل کے خاص خاص اعمال
مشکلات اور پریشانیوں سے نجات کیلئے قرآنی اعمال
عاملین کاملین کے مشکلات سے نجات کیلئے مجرب اعمال
مشکلات اور پریشانیوں سے نجات کیلئے اسماء الحسنیٰ کے اعمال
مشکلات اور پریشانیوں سے نجات کیلئے درود شریف کے اعمال
پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات کے نفسیاتی طریقے اور جدید تحقیقات
مفتیان و علمائے کرام کے پریشانیوں سے نجات کیلئے مجرب اعمال
اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین کے پریشانیوں سے نجات کیلئے مجرب اعمال
جو تیرا نصیب ہے، تجھے ضرور ملے گا
چاہے دو پہاڑوں کے نیچے ہی
کیوں نہ ہو۔۔۔ جو تیرے نصیب میں
نہیں ہے، تجھے کہیں نہیں ملے گا
چاہے دو ہونٹوں کے درمیان
میں ہی کیوں نہ ہو۔

روحانی و مخفی علوم سکھانے کا منفرد ادارہ

خط و کتابت: روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور
موبائل: 0343-7772772,0321-4661681,0321-4168008

روحانی درسگاہ میں سکھائے جانے والے علوم اور اعمال درج ذیل طریقوں پر سکھائے جاتے ہیں۔

۱......فی سبیل اللہ سکھائے جانے والے اعمال
خزینۂ روحانیات کے ممبران کے لئے اعمال

درج ذیل اعمال فی سبیل اللہ سکھائے جا رہے ہیں۔ جوابی لفافہ بھیج کر عمل منگوا سکتے ہیں۔ (۱) سورۂ واقعہ (۲) سورۂ ناس (۳) دعا حزب البحر (۴) دعا حزب النصر (۵) درود تنجینا (۶) منزل (۷) حصار (۸) فراخی رزق (۹) خاص فرد کی تسخیر (۱۰) لاحول ولاقوۃ الاباللہ کا عمل۔

عوام کے لئے اعمال

درج ذیل اعمال فی سبیل اللہ سکھائے جا رہے ہیں۔ جوابی لفافہ بھیج کر عمل منگوا سکتے ہیں۔ (۱) سورۂ فاتحہ (۲) آیت الکرسی (۳) معوذتین (سورۂ فلق و ناس) (۴) درود ابراہیمی۔

۲......نقد صدقہ ادا کر کے (بغیر چلہ کشی) اجازت والے اعمال

درج ذیل اعمال بغیر چلہ کشی، نقد صدقہ ادا کر کے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ اجازت ملتے ہی عمل استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مکمل طریقہ استعمال کے لئے کاپی ساتھ دی جاتی ہے۔ (۱) منزل (۲) حصار خاص (۳) حصار قرآنی کبیر (۴) چہل کاف (۵) امنت باللہ کا عمل (۶) ھانڈی کے اعمال (۷) دعائے حزب البحر (۸) دعائے حزب النصر (۹) واپسی سحر کے اعمال (۱۰) بکرے کے صدقہ کے اعمال (۱۱) بکرے کی سری والا خاص عمل۔

اور بھی کافی اعمال ہیں مگر وہ عامل کی قابلیت کے لحاظ سے دئے جاتے ہیں۔

۳......نقد صدقہ ادا کر کے چلہ کشی والے اعمال

نقد صدقہ ادا کرنے سے عمل لینا ایسا ہے جیسے ایک ہتھیار لے لیا۔ جو لوگ صحیح اور مضبوط عامل بننا چاہتے ہیں، وہ نقد صدقہ ادا کر کے چلہ کشی بھی کریں تا کہ کسی بھی عمل کی طاقت کا صحیح لطف اٹھائیں۔ فی الحال ان اعمال کی چلہ کشی کروائی جا رہی ہے۔ (۱) منزل (۲) حصار خاص (۳) حصار قرآنی کبیر (۴) چہل کاف (۵) امنت باللہ کا عمل (۶) دعائے حزب البحر (۷) دعائے حزب النصر (۸) نورانی مندرہ (۹) عمل خاص واپسی سحر۔

۴......باقاعدہ کورسز

کوئی بھی کورس کرنا ہو، اس کے لئے درسگاہ میں باقاعدہ داخلہ لینا ضروری ہوتا ہے۔ کورسز کے اعمال سبقاً ارسال کئے جاتے ہیں۔ درسگاہ میں درج ذیل کورسز کروائے جا رہے ہیں: (۱) عامل جنات ابتدائی و ماہر (۲) علاج السحر ابتدائی و ماہر (۳) علمِ دفاع ابتدائی و ماہر (۴) علم التشخیص ابتدائی و ماہر (۵) طبیب روحانی ابتدائی و ماہر (۶) علم الحاضرات (۷) علم الحب (۸) علم البغض و جدائی (۹) واپسی سحر (۱۰) علم النقوش (۱۱) علم الاعداد (۱۲) علم الساعات (۱۳) علم الحروف (۱۴) اسم اعظم کورس (۱۵) بندش کورس (۱۶) تسخیرات ہمزاد، جنات، مؤکلات، غیبی مخلوق۔

داخلے کا طریقہ کار: درسگاہ میں باقاعدہ داخلہ لینا ہو تو ایک ہزار روپے داخلہ فیس کے ساتھ، ایک شناختی کارڈ کی کاپی اور دو عدد تازہ تصاویر درسگاہ کے پتہ پر ارسال کریں۔ جوابی لفافہ لازمی ساتھ ارسال فرمائیں۔

سندِ عملیات

جو افراد باقاعدہ سند حاصل کرنا چاہیں، ان کو خوبصورت سند دی جاتی ہے۔ سند کا ہدیہ پانچ سو روپے ہے۔ ڈاک خرچ علاوہ ہے۔

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah.blogspot.com, info@darulamal.org

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 4 جمادی الثانی ۱۴۳۵ھ ...... اپریل 2014ء شمارہ 12

چیف ایڈیٹر: ابونافع خالد مقبول عارف چشتی قادری شاذلی نقشبندی سہروردی

ایڈیٹر: مولانا علی آفاق 0321-4168008

سب ایڈیٹر: مولانا محمد عرفان 0321-4661681

سرکولیشن، اشتہارات وشکایات 0322-4773786

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور ـ 54570

فون: 042-35033371 موبائل: 0343-7772772

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈوکیٹ ہائی کورٹ)

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا پہلا رسالہ جو ایک سال میں "دو خاص نمبرز" شائع کرتا ہے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: magazine@darulamal.org
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت خاص نمبر	سالانہ ممبرشپ عام ڈاک	سالانہ ممبرشپ رجسٹرڈ ڈاک
100 روپے	650 روپے	900 روپے

رقم کی ادائیگی کے طریقے

منی آرڈر 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

ایزی پیسہ موبائل اکاؤنٹ اپنا شناختی کارڈ لے کر کسی بھی ایزی پیسہ دکان پر جا کر اکاؤنٹ نمبر 03437727721 میں رقم جمع کروائیں۔

شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں۔ موبائل نمبر 0322-4773786 استعمال کریں۔

ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ موبی کیش (موبی لنک)۔ ٹائم پے (زونگ)۔ یو پیسہ (یوفون)۔ موبائل پیسہ (وارد)۔ اومنی (یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ)۔ حبیب ایکسپریس (حبیب بینک لمیٹڈ)۔

بینک ڈرافٹ میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔

برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0100377637

نوٹ: رقم جمع کروانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ (موبائل: 0322-4773786)

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین ....اپریل ۲۰۱۴ء.......جمادی الثانی ۱۴۳۵ھ

توجہ فرمائیں

ہم ان تمام افراد کے مشکور ہیں، جنہوں نے اپنے مضامین بھیجے۔ کئی مضامین دیر سے موصول ہونے وجہ سے خاص نمبر میں شائع نہ ہو سکے۔ان شاءاللہ، آئندہ شماروں میں شائع کئے جائیں گے۔ (ادارہ)

نعتِ محسنِ انسانیت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پیار نبیؐ سے کرتا ہے جو نام اُس کا متوالا ہے
محبانِ رسول اللہؐ کا اللہ ہی رکھوالا ہے
سیرت پہ تم جلسے کرو سیرت پہ تم عمل کرو!
سیرت سے ہی اس دنیا میں چاروں طرف اُجالا ہے
نعت نبیؐ کی سن کر جس کے ماتھے پر بل پڑتے ہوں
اُس انسان کا دل ہی نہیں اُس کا سب کچھ کالا ہے
راہِ نبیؐ پر جو چلتا ہے اس کی جیت ہے ہار نہیں
عشقِ نبیؐ میں جو کھو جائے رتبہ اُس کا اعلیٰ ہے
علم و عمل سے بات بنے گی نبیؐ نے یہ فرمایا ہے
قول و عمل میں جو سچا ہے وہ ہی سب سے اچھا ہے
ہر انسان کے دُکھ کا مداوا سیرتؐ ہی میں پاؤ گے
سیرتؐ پہ جو چلتا ہے وہ ہی اللہ والا ہے
ذکرِ نبیؐ کے بل بوتے پر بخشش تم بھی پاؤ گے
ذکرِ نبیؐ کا کرنے والا دونوں جہاں میں اعلیٰ ہے
پیارے نبیؐ کی شان میں کیا لکھوں تعریف شفیق
سارا زمانہ آپؐ کے در کا عاشق اور دیوانہ ہے

(محمد شفیق اعوان، اٹک)

ادارے سے بذریعہ انٹرنیٹ رابطہ کے طریقے

Skype:darulamalchishtia, kik:DarulAmal

ادارے کے مختلف شعبوں کی جنرل معلومات حاصل کرنے کے لئے درج ذیل سروسز استعمال کرنے والے افراد یہ نمبر لکھیں

WhatsApp,WeChat,Viber,Nimbuzz,ICQ,
Fringe,Line,Tango,BBM:+92-322-7772772

اہم گذارشات

تمام قارئین، ممبران اور روحانی درسگاہ کے طالب علموں سے گذارش ہے کہ درج ذیل نمبرز کے علاوہ رابطہ نہ فرمائیں۔

** ......خالد مقبول صاحب کی مصروفیات کے پیش نظر ان کو خط لکھیں یا ای میل کر سکتے ہیں۔ جواب کے لئے جلدی نہ فرمائیں۔ان کی بہت زیادہ مصروفیات ہیں۔ای میل: spiritualist77@gmail.com

** ......تمام کتب، رسائل، ادویات، عطر، روحانی دم شدہ اشیاء، تیار روحانی علاج، اگربتیاں، بخور، صدقہ، خیرات وزکوۃ (ٹرسٹ)، شعبہ ترسیل، خزینہ روحانیات اور تمام مالی امور کے لئے حافظ علی مقبول صاحب سے رابطہ کریں 0322-4773786، 042-35033371

** ......مولانا محمد عرفان صاحب: روحانی درسگاہ و روحانی علاج گاہ۔ ظہر تا مغرب (علاوہ جمعہ و اتوار) 0321-4661681

** ......روحانی علاج کیلئے: سید عامر علوی 0300-8439477 مولانا علی آفاق 0321-4168008 ادارہ موبائل 0343-7772772

** ......ادارے کے تمام شعبوں کی بنیادی معلومات کے لئے صبح گیارہ بجے سے رات سات بجے تک 0343-7772772 (ادارہ)

کراچی، حیدرآباد اور سندھ والوں کے لئے خوشخبری

ماہنامہ خزینہ روحانیات کے نائب مدیر، روحانی درسگاہ کے ناظم اور ماہر روحانی معالج مولانا محمد عرفان صاحب اور روحانی علاج گاہ کے سینئر رکن اور ماہر روحانی معالج جناب سید محمد عامر صاحب مورخہ 14 اپریل 2014ء کو کراچی تشریف لا رہے ہیں۔

جو لوگ روحانی علوم سیکھنا چاہتے ہیں یا روحانی علاج کروانا چاہتے ہیں، وہ ان نمبرز پر رابطہ فرمالیں۔

مولانا محمد عرفان 0321-4661681
سید محمد عامر 0300-8439477

اداریہ

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم و علی الہ و اصحابہ اجمعین

اللہ ﷻ کا جتنا شکر ادا کروں، کم ہے کہ محض اس کے فضل سے ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا ساتواں خاص نمبر آپ حضرات کے ہاتھوں میں ہے۔ اس خاص نمبر کا موضوع ''حل المشکلات'' ہے۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، اس میں مشکلات کے حل کے لئے اعمال درج کئے گئے ہیں۔ کسی خاص مشکل کو سامنے نہیں رکھا گیا جیسے شادی نہ ہونا، بیماری سے شفا نہ ملنا، رزق کا مسئلہ ہو، جادو یا جنات کے مسائل ہوں وغیرہ وغیرہ، بلکہ ایسے اعمال کو منتخب کیا گیا ہے جو ہر مشکل کے لئے پڑھے جاسکتے ہیں۔ کوشش یہی کی گئی ہے کہ جو اعمال درج کئے جائیں، وہ مستند اور معتبر ذرائع سے حاصل ہوئے ہوں۔

اس خاص نمبر میں ایسے اعمال ہی منتخب کئے گئے ہیں، جو آسان ہوں اور ان کی عام اجازت ہو۔ تعویذات و نقوش والے اعمال بہت کم ہیں۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ عوام ایسے اعمال سے مستفیض نہیں ہو پاتے اور غلط نقوش یا تعویذات لکھتے ہیں اور پھر فائدہ نہیں ہوتا۔ اصل میں نقوش و تعویذات لکھنا، عاملین کا شعبہ ہے، عوام کا نہیں۔ اور ''حل المشکلات نمبر'' میں عوام کو سامنے رکھا گیا ہے۔

چند اہم سوالات ہیں جیسے کہ مشکلات کے حل کے اعمال کب کرنے چاہئیں؟ اگر مدت نہ لکھی ہو تو کتنے دن پڑھنا چاہیئے؟ درود شریف اول و آخر کتنی بار پڑھنا ہے؟ کس وقت عمل پڑھنا ہے؟ کوئی پرہیز تو نہیں؟ اور اس طرح کے بہت سے سوالات ہیں۔ مختصر جوابات یہ ہیں کہ ایسے اعمال اس وقت کرنے چاہئیں جب کوئی مشکل درپیش ہو اور اس سے نجات کے لئے کسی قسم کی تدابیر کارگر نہ ہو رہی ہوں یعنی مشکل سے نجات نہ مل رہی ہو۔ اگر مدت نہ لکھی ہو تو سات، گیارہ، اکیس یا چالیس یوم وظیفہ پڑھنا چاہیئے۔ درود شریف لازمی اول و آخر تین، سات یا گیارہ بار پڑھا جائے۔ وقت کے لئے اصول یہ ہے کہ وہ وقت منتخب کریں، جس میں سہولت سے وظیفہ کیا جاسکے۔ پھر اختتام تک اس وقت کی پابندی کریں۔ پرہیز صرف گناہوں کا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کو مسلسل ناراض کرتے جائیں گے تو پھر اعمال میں اثر کیسے پیدا ہوگا؟ جس سے مانگ رہے ہیں، اسی کی مسلسل نافرمانی اس کے غصہ کو دعوت دے گی، نہ کہ رحمت کو۔ تب بھی وہ رحیم و کریم ذات اپنی رحمت نہیں روکتی۔ مگر یہ ذہن نشین رکھیں کہ اگر ہمارے گناہوں پر بھی وہ رحمت برسا رہا ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہمیں عذاب نہ دے گا۔

ایک اہم بات یہ کہ کئی لوگ سوال کرتے ہیں کہ کوئی خاص عمل لکھیں، اپنے سینے کے راز لکھیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ایسے قیمتی اعمال جو انسان کو کئی مشقتوں کے بعد عطا ہوتے ہیں، ان کو ہر کسی کو بتانا، روحانیات کے اصولوں کے خلاف ہے۔ بہت سے ایسے اعمال ہوتے ہیں، جب وہ عطا ہوتے ہیں تو اسی وقت پابندی بھی لگ جاتی ہے کہ اس کو آگے نہیں بتانا۔ اور یہ پابندی ہر اس عامل اور روحانیت کے شعبہ سے منسلک فرد کو معلوم ہے کہ نااہل لوگ یا ایسے لوگ، جو استعداد نہ رکھتے ہوں، ان کے سامنے ایسے رازوں کو افشا نہیں کیا جاتا۔ اس سے راز افشا کرنے والے کو نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس میں فوری نقصان ''محرومی'' ہوتی ہے۔ یعنی مزید ترقی سے محرومی۔ یہ بھی عجیب بات ہے کہ پوچھنے والے کی استعداد نہ ہو لیکن لازمی اس کو ایسے اعمال بتائے جائیں۔ نہ بتائیں تو ناراض ہوتے ہیں۔ اسی طرح کئی عاملین کو بھی یہ خوش فہمی ہوتی ہے کہ ہم تو کامل ہیں۔ اس لئے ہم مکمل اہل ہیں کہ ہمیں ایسے راز بتائیں جائیں۔ بھائی! اگر آپ کو اللہ تعالیٰ نے کامل بنا ہی دیا ہے تو پھر مزید ضرورت کیا ہے؟ کاملین تو دیتے ہیں، لیتے نہیں۔ ہم تو اب بھی یہی دعویٰ کرتے ہیں کہ روحانیت کے ادنیٰ طالب علم ہیں۔ جو کچھ اپنے بڑوں کا علم دیکھا ہے، جتنا ان کا مقام دیکھا ہے، اپنے آپ کو بڑا سمجھنے کی نہ ہمت ہوتی ہے، نہ عقل اجازت دیتی ہے۔

کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو استعداد تو رکھتے ہیں مگر ضبط نہیں رکھتے۔ یعنی اگر ان کو بتا بھی دیا جائے تو اپنے سینے میں رکھنے کے بجائے، دوسروں کو بتانا شروع کر دیتے ہیں۔ اور کچھ تو استاد بن کر بتاتے ہیں۔ ایسے افراد بھی اس بات کے اہل نہیں کہ ان کو ایسے رازوں سے آگاہ کیا جائے۔

المختصر، خاص عمل ہو یا عام، اللہ ﷻ پر کوئی جبر نہیں ہے کہ فلاں عمل پڑھا جائے گا تو لازمی اللہ ﷻ آپ کے ہی حق میں فیصلہ کریں گے۔ عمل کرنا آپ کا کام، نتیجہ مرتب کرنا اللہ ﷻ کا کام۔ اور نتیجہ پر راضی رہنا، مسلمان کا کام۔ نتیجہ موافق آجائے تو شکر، ورنہ صبر کریں۔

مصیبت کے بعد راحت

مولانا حبیب الرحمٰن صاحب

امام ابن الجوزی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ صاحب ایمان کو یہ بات زیب نہیں دیتی کہ بیماری یا موت کے خیال سے گھبرائے۔ اگرچہ طبیعت پر قابو نہیں چلتا ہے، لیکن جتنا ہو سکے صبر کی کوشش کرنا چاہئے۔ خواہ یہ سوچ کر کہ مشقتوں پر اجر حاصل ہوگا اور خواہ تقدیر پر رضا کو حاصل کرنے کے لئے۔ جب کہ مصیبت کیسی ہی ہو، تھوڑے وقت کے لئے ہوتی ہے، پھر ختم ہو جاتی ہے۔

چنانچہ جو شخص کسی بیماری میں مبتلا رہ چکا ہو، وہ صحت کے زمانہ میں ان گھڑیوں کو سوچے، جن میں وہ بیمار تھا کہ آخر وہ تکلیفیں کہاں ہیں؟ مصیبت زائل ہو گئی ہے اور ثواب لکھا جا چکا ہے۔

جیسے حرام لذتیں فنا ہو جاتی ہیں اور ان کا گناہ باقی رہ جاتا ہے اور تقدیر پر ناراضگی کا زمانہ گزر جاتا ہے لیکن اس کا عتاب باقی رہ جاتا ہے۔

موت سوائے اس کے اور کیا ہے کہ تکلیفیں اتنی بڑھ جائیں جس کے تحمل سے انسان عاجز ہو جائے۔ پھر وہ تکلیفیں بھی زائل ہو جاتی ہیں۔ لہٰذا بیمار کو یہ تصور کرنا چاہئے کہ روح کے نکل جانے کے بعد راحت ہو جائے گی تاکہ وہ بیماری جس میں وہ مبتلا ہے، ہلکی ہو جائے۔ جیسے کڑوی دوا پیتے وقت یہ تصور رکھنا کہ اس کے بعد صحت حاصل ہو جائے گی۔

اور جسم کے گل، سڑ جانے کو سوچ کر بھی گھبرانے کے کوئی معنی نہیں کیونکہ یہ سڑنا اور گلنا سواری کو پیش آوے گا۔ سوار تو (باقی رہے گا، پھر) جنت میں جائے گا یا جہنم میں۔

لہٰذا اس بات کا پورا اہتمام کرنا چاہئے کہ رکاوٹوں کے پیش آنے سے پہلے ہی فضائل اور درجات میں اضافہ کر لے کیونکہ نیک بخت وہی ہے جس نے عافیت کے زمانہ کی قدر کی اور عافیت کے وقت میں افضل سے افضل عمل کو حاصل کرتا رہے۔

خوب سمجھ لو کہ یہاں جس قدر فضائل حاصل کئے جائیں گے، جنت میں اسی کے بقدر مراتب حاصل ہوں گے۔ جبکہ عمر تھوڑی ہے اور فضائل بہت ہیں۔ لہٰذا جلد از جلد فضیلتوں کے حصول کی کوشش میں لگ جانا چاہئے۔

ہائے کس قدر طویل ہوگی یہاں کی مشقتوں کے بدلہ میں وہاں کی راحت! ہائے کیا خوب ہوگی یہاں کے غم زدوں کیلئے وہاں کی فرحت اور ہائے کس قدر زیادہ ہوگی یہاں کے مبتلا آلام کے لئے وہاں کی مسرت۔

جب کبھی خیال آجاتا ہے کہ جنت میں ہر لذت ہمیشہ رہے گی، نہ اس میں کوئی کدورت شامل ہوگی اور نہ کبھی ختم ہوگی تو پھر ہر مصیبت اور سختی ہلکی معلوم ہونے لگتی ہے۔

اللہ تعالیٰ کا معاملہ کافروں کے ساتھ کچھ اور ہے اور مسلمانوں کے ساتھ کچھ اور ہے۔

کافروں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا معاملہ یہ ہے کہ چونکہ کافر بھی دنیا میں نیک اعمال کرتے رہتے ہیں۔ مثلاً کبھی صدقہ خیرات کر دیا۔ کبھی کسی فقیر کی مدد کر دی۔ ان کے یہ نیک اعمال اگرچہ آخرت میں اللہ ﷻ کے ہاں مقبول نہیں ہیں لیکن اللہ ﷻ ان کے نیک اعمال کا حساب دنیا میں چکا دیتے ہیں تاکہ یہ آخرت میں اللہ ﷻ کے پاس آئیں تو ان کے نیک اعمال کا حساب چکایا جا چکا ہو اور اللہ ﷻ کے ذمے ان کی کسی نیکی کا بدلہ باقی نہ ہو اور مسلمانوں کے ساتھ معاملہ جدا ہے۔ وہ یہ کہ اللہ ﷻ یہ چاہتے ہیں کہ مسلمانوں کے گناہوں کا حساب دنیا کے اندر ہی چکا دیں تاکہ جب یہ اللہ ﷻ کے پاس آئیں تو گناہوں سے پاک وصاف ہو کر آئیں۔

حکیم الامت حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہٗ نے مواعظ میں فرمایا کہ دنیا میں راحت سے رہنے کا صرف ایک ہی نسخہ ہے۔ وہ یہ کہ مخلوق سے توقعات ختم کر دو۔ مثلاً یہ توقع رکھنا کہ فلاں شخص میرے ساتھ اچھائی کرے گا، فلاں شخص میرے کام آئے گا، فلاں شخص میرے دکھ درد میں شریک ہوگا۔ یہ تمام توقعات ختم کر کے صرف ایک ذات یعنی اللہ جل شانہ سے توقع رکھو۔ اس لئے کہ مخلوقات سے توقع ختم کرنے کے بعد اگر ان کی طرف سے کوئی اچھائی ملے گی تو وہ خلاف توقع ملے گی۔ اس کے نتیجے میں خوشی بہت ہوگی کیونکہ خلاف توقع ملی ہے اور اگر مخلوق کی طرف سے کوئی تکلیف پہنچے گی تو پھر رنج زیادہ نہیں ہوگا۔ اس لئے کہ اچھائی کی توقع تو تھی نہیں۔ تکلیف ہی کی توقع تھی۔ وہ تکلیف توقع کے مطابق ہی ملی۔ اس لئے صدمہ اور رنج زیادہ نہیں ہوگا۔

اپنے اوپر اللہ جل جلالہ کی نعمتوں اور روشن پہلوؤں کے درمیان اور آنے والی آفت و آزمائش کے درمیان تقابل کرو

عامر محمد عامر الھلالی

اے مومنو! اپنے اوپر اللہ کی نعمتوں کو دیکھو اور ان کا اپنے اوپر آنے والی آفت و مصیبت سے موازنہ کرو۔

کیا اللہ نے تمہیں دو آنکھیں، ایک زبان اور دو ہونٹ نہیں عطا کر رکھے، جبکہ تمہارے علاوہ کئی لوگ ان تمام نعمتوں یا ان میں سے بعض نعمتوں سے محروم ہیں؟

کیا ایسا نہیں ہے کہ تم امن و سکون کے ساتھ سوتے ہو اور تمہارے علاوہ کئی لوگوں کی آنکھوں سے خوف و فکر نے نیند اڑا رکھی ہے؟

کیا اللہ نے تم کو عقل جیسی نعمت سے نہیں نوازا ہے، جبکہ تمہارے علاوہ کئی لوگ دیوانے اور مجنون کہلاتے ہیں؟

کیا اس طرح نہیں کہ اللہ نے تمہیں مال کی فراوانی عطا کر رکھی ہے جبکہ تمہارے علاوہ کتنے ہی لوگ ہیں جو اس مال سے محروم ہیں؟

تمہارے پاس بیوی، بچے، پُرآسائش گھر اور خوبصورت گاڑی ہے جبکہ تمہارے علاوہ دوسرے کئی لوگ ان سہولتوں سے یا ان میں سے بعض سہولتوں سے محروم ہیں؟

ان کے علاوہ کتنی نعمتیں تمہیں حاصل ہیں، صدقِ دل سے اپنی طرف نگاہ دوڑاؤ، تعصب کی عینک اتار کر دیکھو تو تمہیں اپنے اوپر اللہ کی بے شمار نعمتیں دکھائی دیں گی۔

علامہ ابن سعدی رحمہ اللہ نے کہا: ''مومن کو لائق ہے کہ جب اس کو کوئی آفت و مصیبت پہنچے یا وہ اس سے خوف زدہ ہو تو وہ اپنے اوپر دینی اور دنیاوی نعمتوں اور اس آفت و مصیبت کے درمیان موازنہ کرے۔ پس موازنے کے بعد اس کو معلوم ہوگا کہ اس پر نعمتیں، بہت زیادہ ہیں اور اس کو جو مصیبت پہنچی ہے، وہ ان نعمتوں کے مقابلے میں بہت کمزور اور ہلکی ہے''۔ **(الرسائل المفید ص14)**

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ۭ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ۝ **(ابراھیم:۳۴)**

ترجمہ: ''اور تمہیں ہر اس چیز میں سے دیا جو تم نے اس سے مانگی اور اگر تم اللہ کی نعمت شمار کرو تو اسے شمار نہ کر پاؤ گے''۔

پس اس آزمائش اور تکالیف سے بھری ہوئی دنیا میں لذت، سرور، بھلائی، نعمتیں، عافیت، مصلحت اور رحمت ...... اپنے مقابل آفات سے کہیں زیادہ ہیں۔ لہٰذا مومن کی لذت اور اس کی تکالیف کا کیا مقابلہ؟ اس کی صحت کی اس کی بیماری سے کیا نسبت؟ کہاں اس کا سیر اور سیراب ہونا اور کہاں اس کی بھوک و پیاس؟ کہاں اس کی تھکاوٹ اور کہاں اس کی راحت و آرام؟ اس کے غم و فکر کی اس کے سرور، عافیت اور راحت سے کیا نسبت؟

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ **(الانشراح:۵-۶)**

ترجمہ: ''پس بے شک ہر مشکل کے ساتھ ایک آسانی ہے۔ بے شک اس مشکل کے ساتھ ایک اور آسانی ہے''۔

ابن القیم رحمہ اللہ نے فرمایا:

لن یغلب عسر یسرین **(شفاء الغلیل: 2/685)**

''ایک تنگی دو آسانیوں پر غالب و بھاری نہیں ہے''۔

لیکن ہماری مشکل یہ ہے کہ ہم اپنی زندگی میں برے پہلو سے متاثر ہوتے ہیں جو دوسرے (روشن) پہلوؤں پر غالب آجاتا ہے۔ حالانکہ وہ (روشن پہلو) اس مصیبت سے کہیں زیادہ ہوتے ہیں، جو مصیبت ہمیں پہنچی ہوتی ہے۔ اگر ہم اپنی زندگی میں اپنے اوپر اللہ کی نعمتوں اور روشن پہلوؤں کو دیکھیں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ وہ کہیں بہتر اور زیادہ ہیں۔ ہمیں اس حقیقت کا بھی ادراک ہوگا کہ بلاشبہ جو چیز ہماری خوشی کا باعث بنتی ہیں، وہ ان چیزوں سے کہیں زیادہ بڑھی ہوتی ہیں جو ہمیں بری لگتی ہیں اور ہمیں غمگین کرتی ہیں۔

اور سچ ہی تو کہا جس نے کہا:

''ہم انسان ان چیزوں کے متعلق فکر مند رہتے ہیں جو ہمیں ملی **(التبیہ ص11)**

پریشانیاں اور ان کا علاج

مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی شفیع صاحب نور اللہ مرقدہٗ

مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیق صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ:

❁ سارے دکھ اور پریشانی کا مدار یہی "تجویز" ہے کہ انسان اپنے لئے یا اپنے متعلقین کے لئے ایک خیالی پلاؤ پکا لیتا ہے۔ (چنانچہ) اگر پہلے سے کوئی تجویز نہ ہو تو پریشانی کبھی پاس نہ پھٹکے۔

❁ تم اپنی طرف سے نہ بلا تجویز کرو نہ راحت، بلکہ جو اللہ تعالیٰ تجویز کردیں، اس پر راضی رہو۔

❁ پریشانی کے رفع ہونے سے تو امید ہی منقطع کرلینی چاہیے کیونکہ آپ تو پریشانی کے لئے پیدا ہوئے ہیں۔ یہ تو جنت میں پہنچ کر ہی ختم ہوگی۔

❁ حدیث میں ہے کہ تقدیر پر ایمان رکھنا سب افکار (یعنی غموں) کو دور کردیتا ہے۔

❁ پریشانی کا علاج رضائے خالق کی سعی ہے۔ (یعنی اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کی کوشش اور) پریشانی کا سبب ہمیشہ معصیت ہوتی ہے جس کی حقیقت اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہے۔

❁ جس پریشانی میں اپنے اختیار کو دخل نہ ہو، وہ ذرا بھی مضر نہیں، بلکہ مفید ہے۔

❁ پریشانی غیر اختیاری، واقعی مجاہدہ اور خیر ہی خیر ہے۔ اور پریشانی اختیاری میں نور نہیں ظلمت ہوتی ہے۔ اور فرمایا جس مصیبت سے انقباض اور پریشانی بڑھے وہ تو گناہوں کی وجہ سے ہے اور جس سے تعلق مع اللہ میں ترقی ہو، تسلیم و رضا زیادہ ہو، وہ حقیقت میں مصیبت نہیں، گو صورتِ مصیبت ہے اور یہ صورتِ مصیبت، رفع درجات و امتحان محبت کے واسطے ہے۔

❁ یہ قاعدہ کلیہ عمر بھر یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جو امور اختیار میں ہوں اور فضول نہ ہوں، ان کا تو قصد کرے اور جو اختیار میں نہ ہوں، ان کا ہرگز قصد نہ کرے۔ پریشانی تو ایسے شخص کے پاس پھٹک ہی نہیں سکتی۔ اللہ تعالیٰ سے دل لگائے رکھے۔ پریشانی میں آدمی عبادت نہیں کرسکتا، جمعیت بڑی دولت ہے۔ مگر پھر پریشانی بھی وہی مضر ہے جو اپنے اختیار سے لائی جائے۔

☆ غیر اختیاری امور کے درپے نہ ہونا اور اختیار امور میں ہمت کرنا، اس میں جو کوتاہی ہوجائے اس پر استغفار اور توفیق کی دعا کرنا اصلاح ہے اور غیر اختیاری امور کے لئے صرف دعا ہی طریق ہے۔

پریشانیوں کا علاج

(الف) ایسا شخص تلاش کیا جاوے جس میں یہ اوصاف ہوں:

1. دل سے اپنا خیر خواہ ہو، محب و ہمدرد ہو۔
2. عاقل ہو اور اگر صاحب تجربہ بھی ہو تو سونے پر سہاگہ۔
3. رازدار ہو۔
4. بے تکلف ہو۔ اگر اس کی رائے میں آپ کی غلطی ہو تو وہ اس کو محبت سے ظاہر کردے۔
5. اگر دیندار ہو تو نور علیٰ نور۔ ایسا شخص مل جانے کے بعد کسی غم و فکر کا بوجھ اپنے دل پر نہ رکھا جاوے بلکہ ہر واقعہ کو، جس سے خلجان بڑھنے لگے، اس پر ظاہر کردیا کرے۔ خود اس اظہار ہی میں خاصیت ہے کہ غم خفیف ہو جائے گا۔ اگر وہ کچھ تسلی دے یا کوئی مناسب تدبیر بتلادے تو غم اور خفیف ہو جائے گا۔

(ب) رہا یہ کہ پریشانیاں پھر بھی باقی رہیں تو اس کے لئے حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے ملفوظات میں فرمایا ہے کہ دنیا کی تمام پریشانیوں سے بچنے کا ایک واحد طریقہ ہے۔ آخر ہیں تو

حکیم الامت! کیا حکمت کی بات بتلائی ہے کہ پریشانیوں کو پریشانیاں نہ سمجھو تو کوئی پریشانی باقی نہیں رہتی۔ اب ہم یہ کہیں گے کہ صاحب درد تو ہو رہا ہے۔ اس کو درد نہ سمجھا جائے تو پھر کیا کریں؟ تو آج کل بھی اس زمانے میں، نفسیات کو علاج میں بڑا دخل دیا جا رہا ہے۔ یہاں تو باقاعدہ اس کا شعبہ قائم ہے کہ ہر بیماری کا نفسیات سے علاج ہو رہا ہے۔ نفسیات کیا ہے؟ کہ دماغ کو اس تکلیف سے ہٹالو تو تکلیف جاتی رہتی ہے۔ یعنی اگر کسی کو بخار ہے اور دوسرے نے کہہ دیا کہ یہ بخار بہت خطرناک ہے تو اب تک تو خطرناک نہ تھا، ہاں اب خطرناک بن گیا۔ اسی طرح پریشانی کو یہ سمجھا جائے کہ یہ پریشانی کچھ بھی نہیں ہے تو وہ پریشانی نہیں رہتی۔ بہت سے مریض اور پریشانی میں مبتلا شخص اس پر عمل کر کے اپنے آپ کو صحت مند اور راحت میں محسوس کر سکتے ہیں اور اصل اس کی یہ ہے کہ دنیا میں جتنے لوگ ہیں، ان میں ایک بھی ایسا نہیں ہے جو کسی نہ کسی تکلیف میں گھرا ہوا نہ ہو۔ ایسا تو کوئی بھی نہیں جس کی تمام خواہشات پوری ہو جائیں۔ یہ تو صرف اللہ تعالیٰ کو درجہ حاصل ہے۔ یہاں تک کہ انبیاء کرام علیہم السلام کے اوپر بھی پریشانیاں آئیں۔ تو اب یہ سمجھا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے ہم کو اس پریشانی میں جو مبتلا کیا ہے، یہ ان کی مہربانی ہے۔ ورنہ اس سے زیادہ اور پریشانی اور تکلیف دہ چیزیں دنیا میں موجود ہیں۔ ہو سکتا ہے ہم کو اس سے نکال کر اس سے زیادہ خطرناک پریشانی میں مبتلا کر دیں جو دنیوی نہیں تو دین کے لحاظ سے خطرہ کا باعث ہوں۔ چونکہ ظاہری امراض تو انسان دیکھ سکتا ہے اور اس کا علاج بھی کر سکتا ہے مگر باطنی روگ ایسے ہیں کہ اللہ ان سے محفوظ رکھے۔ عُجب، کبر، حسد، غیبت، بے ایمانی، بے انصافی، دل آزاری...... یہ ایسے روگ ہیں کہ نظر بھی نہیں آتے اور انسان ان کو جب اپنے اندر محسوس ہی نہیں کرتا تو علاج کس طرح کرائے گا؟ غرض باطنی بیماریاں زیادہ خطرناک ہیں اور سب سے زیادہ خطرناک بیماری یہ ہے کہ یہ سمجھے کہ ہم کو باطن کا کوئی روگ نہیں۔

(مجالس مفتی اعظم)

ان ارشادات کو بار بار پڑھئے اور اپنی پریشانیوں کا علاج کیجئے۔

مسلمان کسی بھی حال میں مایوس نہیں ہوتا

حضرت مولانا اسلم شیخوپوری ؒ

حضرت مولانا اسلم شیخوپوری صاحب رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

اسلام کی تعلیم یہ ہے کہ انسان کو کسی حالت میں بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہیں ہونا چاہیے۔

وہ ملاح جس کی کشتی طوفانی موجوں میں پھنس چکی ہو...... وہ مریض جو کسی لاعلاج مرض میں مبتلا ہو اور اسے ڈاکٹروں اور حکیموں نے جواب دے دیا ہو ...... وہ غریب اور بے روزگار انسان جسے چاروں جانب روزگار کے دروازے بند ہوتے محسوس ہوں...... وہ لاولد (بے اولاد) جوڑا جس کی شادی کو کئی برس گزر گئے ہوں، نخل تمنا کے بار آور ہونے (اولاد نہ ہوئی ہو) کی کوئی صورت دکھائی نہ دے...... وہ سپہ سالار جسے طاقت ور حریف کا سامنا ہو اور اسے فتح کوسوں دور دکھائی دیتی ہو...... وہ گناہ گار بوڑھا جس کے شب و روز گناہوں میں بسر ہوئے ہوں اور اب موت کی آہٹ بہت قریب سنائی دیتی ہو۔

اسلام ان سب کے دل میں امید کا چراغ روشن کرتا ہے اور انہیں مایوسی سے پناہ مانگنے کی تلقین کرتا ہے۔ حضرت یعقوب علیہ السلام نے جب اپنے گم شدہ بیٹے کے بارے میں اپنے دوسرے بیٹوں کو مایوسی کی باتیں کرتے ہوئے سنا تو فرمایا تھا: ”اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو جاؤ، بے شک اللہ کی رحمت سے صرف کافر ہی ناامید ہوتے ہیں“۔

حضرت زکریا علیہ السلام کی عمر 95 سال ہو چکی تھی۔ داڑھی اور سر کے بال سفید ہو گئے، جسم میں طاقت باقی نہ رہی تھی، اہلیہ بھی بوڑھی اور بانجھ تھیں۔ خود انہیں بھی بڑھاپے نے آلیا تھا۔ مگر اس کے باوجود مایوس نہ ہوئے اور رب العلمین کی بارگاہ میں ہاتھ اٹھاتے ہوئے عرض کیا: ”اے میرے پروردگار! میری ہڈیاں بڑھاپے کے سبب کمزور ہو گئی ہیں اور سر شعلہ مارنے لگا ہے (سر کے بال سفید ہو چکے ہیں) اور اے میرے پروردگار! میں تجھ سے مانگ کر کبھی محروم نہیں رہا“۔

چنانچہ اس بار بھی اللہ تعالیٰ نے انہیں محروم نہ کیا اور انہیں بیٹے کی خوشخبری سنا دی۔ (اقتباس 11)

یہ پریشانیاں اور ہمارے اعمال

حضرت مولانا مفتی عبدالوکیل سواتی

انسانوں پر جو بھی پریشانیاں، مصیبتیں، آزمائشیں آتی ہیں، اس کی اور وجوہات کے ساتھ ایک وجہ انسانوں کے اعمال کی خرابی، دینی احکام سے دوری اور خواہش پرستی بھی ہے۔ قرآن کریم میں ارشاد خداوندی ہے:

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيقَهُمْ بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ

﴿سُوْرَةُ الرُّوْم: ۴۱﴾

ترجمہ: "پھیل پڑی ہے خرابی جنگل میں اور دریا میں لوگوں کے ہاتھ کی کمائی سے، چکھانا چاہیے مزہ ان کے کام کا تاکہ وہ پھر آئیں"۔

اپنا جائزہ

اب آیئے اپنا اور اپنے معاشرہ کا جائزہ لیتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ کیا ہمارے معاشرہ میں وہ اعمال واخلاق، وہ طرزِ معاشرت ہے جو قرآن وحدیث میں مذکور ہے اور صحابہ کرامؓ کی زندگی میں موجود تھا۔ یا ہم وہ سب کچھ کر رہے ہیں جو یہود ونصاریٰ کرتے تھے اور وہ اب مغربی معاشرہ کا طرۂ امتیاز ہے؟

صحابہ کرامؓ ایک ہی خدا کے سامنے جھکتے تھے۔ خدا ہی کو معبود حقیقی مانتے تھے، نبی کریم ﷺ کی ایک ایک ادا پر قربان ہوتے تھے۔ ان کی ایک ایک سنت کے لئے مرمٹنے پر تیار ہوتے تھے۔ ذاتی مفادات کی بجائے، ملی مفادات کو ترجیح دیتے تھے۔ نماز پڑھتے تھے۔ روزہ رکھتے تھے۔ حلال کماتے، حرام سے بچتے تھے۔ شراب وجوا، حرام ہونے کے بعد ان کے ہاں اس چیز کا تصور ہی نہ رہا۔ سچ بولتے تھے۔ جھوٹ، فریب، دھوکہ بازی اور فراڈ سے بے خبر رہتے تھے۔ نہ کسی کو دھوکہ دیتے تھے اور نہ کسی سے دھوکہ کھاتے تھے۔ لیکن افسوس آج ہمارے معاشرہ میں یہ اوصاف، یہ اعمال، مفقود ہیں۔ ہمارے اور غیر مسلم معاشرہ میں کوئی فرق نظر نہیں آتا۔ ہمارے ہی مسلمان بھائی قبروں پر جھک جاتے ہیں۔ غیر اللہ سے اپنی حاجات مانگتے ہیں۔ مال ودولت کے لئے ایمانی تقاضاؤں کو پامال کرتے ہیں۔ شعائر اسلام کا مذاق اڑاتے ہیں۔ زنا کرتے ہیں۔ شراب پیتے ہیں۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے احکام بھول جاتے ہیں۔ کھانے پینے کی چیزوں میں ملاوٹ کرتے ہیں۔ مضرِ صحت چیزیں بیچ کر لوگوں کی صحت سے کھیلتے ہیں۔ قسمیں کھا کر، سودی کاروبار کر کے، چند کوڑیاں کماتے ہیں۔ اذان کی آواز سنتے ہیں مگر نماز نہیں پڑھتے۔ زکوٰۃ فرض ہونے کے باوجود ادا نہیں کرتے۔ روزے نہیں رکھتے۔ حج کی استطاعت کے باوجود حج کرنے نہیں جاتے۔ ٹی وی، ڈش انٹینا، کیبل کو عام کر کے فحاشی پھیلاتے ہیں۔ اسلامی معاشرتی احکام کی دھجیاں اڑاتے ہیں۔ مسلمانوں کے حقوق مارتے ہیں۔ کمزوروں پر ظلم کرتے ہیں۔ ناحق خون بہاتے ہیں۔ ایک دوسرے کی عزت وآبرو پر حملے کرتے ہیں۔ یہ سب کچھ کرنے والے کوئی یہودی ونصرانی نہیں ہیں یا کسی امریکی وروسی معاشرہ میں پیدا نہیں ہوئے ہیں بلکہ اسلامی معاشرہ، مسلم گھرانوں اور مسلم ماؤں کی گود میں پلے ہیں، بڑھے ہیں، پروان چڑھے ہیں۔ یہی وہ زندگی وطرزِ عمل ہے جس سے ہماری ہوا اکھڑ گئی ہے، ہمارا رعب ختم ہو چکا ہے اور اسی طرزِ عمل نے دشمن کو آنکھیں دکھانے کا موقع فراہم کیا ہے۔

(مختصر یہ ہے کہ جب تک اپنے اعمال کی درستگی پر توجہ نہیں دی جائے گی، ان پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات ملنا بہت مشکل ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے اعمال کی اصلاح کی توفیق عطا فرمائیں۔ خ)

بقیہ : نعمتوں اور آفات کے درمیان تقابل

نہیں ہوتیں اور جو چیزیں ہمیں عطا ہوئیں ہیں، ان پر اللہ کا شکر ادا نہیں کرتے۔ ہم اپنی زندگی کے برے اور تاریک پہلو کو ہی دیکھے جاتے ہیں اور روشن پہلو کو آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتے ہیں۔ جس چیز کی کمی ہوتی ہے، ہم اس پر حسرت سے ہاتھ ملتے رہتے ہیں اور جو کچھ ہمارے پاس ہوتا ہے، اس پر اپنی سعادت مندی کو نہیں دیکھتے"۔ (الزن:189)

بقیہ : مسلمان کسی بھی حال میں مایوس نہیں ہوتا

حالات جو بھی پیش آئیں، حقیقی مسلمان کبھی دل برداشتہ ہو کر نہ زندگی سے بیزار ہوتا ہے اور نہ ہی احساسِ کمتری میں مبتلا ہوتا ہے۔ اس کی زندگی میں کیسی ہی ناکامیاں کیوں نہ آئیں اور ظاہری اسباب کیسے ہی ناموافق کیوں نہ ہوں...... وہ کبھی ناامید نہیں ہوتا۔ وہ اجاڑ موسم میں بہار دیکھتا ہے، تپتے صحرا میں آبشار کا تصور رکھتا ہے، سوکھی ہوئی شاخ میں شجر سایہ دار دیکھتا ہے۔

مشکلات و مصائب سے نجات کیسے؟

حافظ سردار علی خان

قرآن کریم نے مشکلات سے نجات پانے اور مصائب کے نرغے سے رہائی حاصل کرنے کا ایک طریقہ بتایا ہے۔ وہ یہ ہے کہ اپنے دل میں خوف خدا پیدا کرلو۔ جن کاموں سے اس نے روکا ہے، بھولے سے بھی ان کے قریب مت پھٹکو۔ جن احکام کی بجا آوری کا حکم اس نے دیا ہے، ان کی پوری طرح پابندی کرو۔ اس کی یاد اور اس کے ذکر میں صدقِ دل سے مشغول ہو جاؤ۔ تم دیکھو گے کہ اس کا دستِ کرم کس طرح آگے بڑھ کر تمہاری چارہ سازی کرتا ہے۔ اس کی چشمِ کرم کس طرح تمہاری بگڑی بناتی ہے۔ وہ اپنے خزانوں کے منہ کس طرح تمہارے لئے کھول دیتا ہے۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ﴿۲﴾ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ﴿۳﴾ (الطلاق: ۲-۳)

"اور جو (خوش بخت) ڈرتا رہتا ہے اللہ تعالیٰ سے، بنا دیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے نجات کا راستہ۔ اور اسے (وہاں سے) رزق دیتا ہے، جہاں سے اس کو گمان بھی نہیں ہوتا اور جو (خوش نصیب) اللہ تعالیٰ پہ بھروسہ کرتا ہے تو وہ اس کیلئے کافی ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ اپنا کام پورا کرنے والا ہے۔ مقرر کر رکھا ہے اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کے لئے ایک اندازہ"

اس آیت طیبہ میں بندہ مومن کو اس کی یقینی نجات، حقیقی کامرانی اور سچی خوشی کا راستہ دکھایا گیا ہے۔ کاش ہم کان کھول کر سن لیں، دلوں میں اس کو جگہ دیں اور صدق دل سے اس پر عمل کریں۔

(الف) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: قال جعل رسول اللہ ﷺ یتلو علی ھذہ الایۃ ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا ویرزقہ من حیث لا یحتسب حتی فرغ من الایۃ ثم قال یا اباذر لو ان الناس کلھم اخذوا بھا کفتھم (ابن کثیر)

رسول اللہ ﷺ مجھے یہ آیت سناتے رہے اور جب فارغ ہوئے تو ارشاد فرمایا۔ "اے ابوذر! اگر سارے لوگ اس پر عمل کرنا شروع کر دیں تو یہ آیت ان سب کے لیے کافی ہو جائے"۔

(ب) حضرت علامہ قرطبی رحمہ اللہ اس آیت کی تفسیر میں ایک واقعہ لکھتے ہیں کہ عوف بن اشجعی بارگاہِ رسالت ﷺ میں حاضر ہوئے اور عرض کی "یارسول اللہ ﷺ! میرے لڑکے کو دشمنوں نے قید کرلیا ہے اور اس کی ماں اس کی جدائی میں سخت بے چین ہے، مجھے حضور ﷺ کیا فرماتے ہیں؟" حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "اتق اللہ واصبر وامرك وایاھا ان تستکثرا من قول لاحول ولا قوۃ الا باللہ"۔

اللہ تعالیٰ سے ڈرو، صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑلو، میں تجھے اور تیری بیوی کو حکم دیتا ہوں کہ تم کثرت سے لاحول ولاقوۃ الا باللہ کا ورد کیا کرو۔

ارشاد نبوی ﷺ سن کر وہ اپنے گھر لوٹ آئے اور اپنی بیوی کو سارا ماجرا آکر بتایا۔ وہ نیک بخت کہنے لگی۔ نعم ما امرنا بہ۔ حضور ﷺ نے جس چیز کا حکم دیا ہے وہ بہت ہی عمدہ ہے۔ پھر ان دونوں میاں بیوی نے بکثرت ورد شروع کر دیا۔ چنانچہ اس کی برکت سے دشمن ان کے بیٹے کی طرف سے غافل ہو گئے اور وہ ان کی غفلت کا فائدہ اٹھا کر وہاں سے بھاگ نکلا اور ان کی بھیڑ بکریاں ہانکتا ہوا بخیر و عافیت اپنے ماں باپ کے پاس پہنچ گیا۔

(ج) علامہ پانی پتی رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر مظہری میں اس آیت کے ضمن میں حل مشکلات کیلئے ایک وظیفہ بتایا کہ ہر روز پانچ سو مرتبہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھے، اول و آخر ایک ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے۔

دُعا مصیبت کے وقت بھی اور خوشحالی کے دور میں بھی

نعمان احمد

عام طور پر لوگ مصیبت کے وقت ہی دعا کرتے ہیں، یہ بندہ کی خود غرضی کی بات ہے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو چاہتا ہو کہ مشکل وقتوں میں اس کی دعا قبول کی جائے اسے چاہئے کہ بہتر وقت میں خوب دعا کیا کرے۔''

(ترمذی عن ابی ہریرہؓ)

دعا چونکہ خود عبادت ہے، اس لئے وہ کبھی رایئگاں نہیں جاتی، آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا: ''یا تو اس کی دعا اسی طرح قبول کر لی جاتی ہے، یا آخرت کے اجر کی صورت میں محفوظ ہو جاتی ہے، یا اسی مطلوب کے بقدر مصیبت اس سے دور کر دی جاتی ہے''۔

(مشکوٰۃ عن ابی سعید خدری: 2259)

چنانچہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تمہارے پروردگار بہت حیا والے اور کریم ہیں، جب بندہ ہاتھ پھیلاتا تو اس سے حیا کرتے ہیں کہ اس کے ہاتھوں کو خالی واپس کر دیں''۔ (مشکوٰۃ: 2244)

البتہ دعا کے معاملہ میں عجلت اور بے صبری نہیں ہونی چاہئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اگر انسان گناہ یا قطع رحمی کی دعا نہ کرے تو اس کی دعا قبول ہوتی ہے، بشرطیکہ جلد بازی سے کام نہ لے''۔ دریافت کیا گیا: ''جلد بازی سے کیا مراد ہے؟'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یوں کہے میں نے بہت دعا کی لیکن لگتا ہے میری دعا قبول نہیں ہوئی۔ چنانچہ نا اُمید ہو کر دعا کرنا چھوڑ دے''۔ (مشکوٰۃ عن ابی ہریرہؓ: 2337)

اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:

خوش حالی اور کشادگی کا انتظار بھی افضل ترین عبادت ہے۔

(مشکوٰۃ: 2237)

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کی ایجنسیز کی تفصیل

۱ فیصل آباد: اختر بک سٹال، چیمہ کلینک نزد اوالہ چوک۔ 0313-7091558

۲ سکھر: الفتح نیوز ایجنسی، دکان نمبر 106، مہران مرکز۔ 0300-9313528

۳ پشاور: اطلس نیوز ایجنسی۔ 0314-9007293, 091-2573666

۴ راولپنڈی: کمبائینڈ نیوز ایجنسی۔ 051-5505194

۵ کوئٹہ: عامر تونسوی بک ڈپو، میزان چوک۔ 0345-8312362

۶ کراچی صدر: اقبال نعمانی بک سنٹر۔ 0332-2177934

۷ لاہور: سلطان نیوز ایجنسی: اخبار مارکیٹ۔ 0423-7249813

۸ مانسہرہ: دانش نیوز ایجنسی۔ 0331-9352260

۹ اٹک: مکتبہ ظفر۔ 0321-5247893

۱۰ کراچی صدر: رہبر نیوز ایجنسی۔ 0333-2168390

۱۱ حیدر آباد: مہران نیوز ایجنسی۔ 0315-2063470

۱۲ میانوالی: محمدی نیوز ایجنسی، لاری اڈہ۔ 0321-6077778

۱۳ لاہور: بھائی بھائی بک ڈپو، مون مارکیٹ، علامہ اقبال ٹاؤن۔

۱۴ چکوال: حاجی برادرز بک سیلرز۔ 0306-5785684

۱۵ گجرات: خالد بک سنٹر، مسلم بازار۔ 0333-8421027

۱۶ پاکپتن: مہر آباد نیوز ایجنسی، ساہیوال روڈ۔ 0333-6954044

۱۷ جھنگ: شیخ محمد حسین نیوز ایجنسی: فوارہ چوک صدر۔ 0477-626420

۱۸ ساہیوال: زمیندار نیوز ایجنسی: جناح روڈ۔ 0344-6804050

۱۹ چنیوٹ: عبدالرحمان ٹریڈرز۔ 03322544447

۲۰ عارفوالا: الہلال بک ڈپو۔ 0457-832899

۲۱ ایبٹ آباد: طیبہ بک ڈپو، سپلائی بازار۔ 0331-9381998

۲۲ رائیونڈ: پاکستان نیوز ایجنسی۔ 35390737

۲۳ بہاولنگر: المدینہ بک ڈپو۔ 0333-6320766

۲۴ حضرو: بلال خوشبو محل۔ 0314-2192166

۲۵ رحیم یار خان: چودھری امانت علی اینڈ سنز۔ 0300-9672343

۲۶ غذر: شفاء خانہ طبی اسلامی اینڈ حجامہ سنٹر ضلع۔ 0344-5419941

۲۷ اٹک: علمی بک ڈپو، مدنی چوک۔ 057-2602020

پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات کے لئے مسنون اعمال

مرتب: شعبہ روحانی علاج، دارالعمل چشتیہ، لاہور

صلوٰۃ الحاجۃ

جامع ترمذی میں ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا:

''جس کسی کو اللہ تعالیٰ یا کسی انسان سے کوئی حاجت ہو تو اسے چاہیئے کہ اچھی طرح وضو کرے۔ پھر دو رکعت پڑھے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء اور بارگاہِ رسالت جناب نبی کریم ﷺ پر تحفۂ درود پیش کر کے یہ دعا مانگے''

لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔ أَسْأَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ إِثْمٍ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا إِلَّا غَفَرْتَهُ وَلَا هَمًّا إِلَّا فَرَّجْتَهُ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا إِلَّا قَضَيْتَهَا يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

ترجمہ: ''نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے۔ اللہ بردبار بزرگی والا پاک ہے۔ اللہ جو عظمت والے عرش کا مالک ہے۔ سب تعریف اس اللہ ہی کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ مانگتا ہوں میں تجھ سے اسباب، تیری رحمت کے اور وسائل، تیری بخشش کے اور غنیمت جاننے کا جذبہ ہر نیکی کو اور سلامتی ہر گناہ سے۔ نہ چھوڑ میرے کسی گناہ کو مگر اس طرح کہ تو اسے بخش دے اور نہ چھوڑ کوئی غم مگر اس طرح کہ تو اسے کھول دے اور نہ چھوڑ کوئی حاجت جو تیری مرضی کے تحت ہے مگر اس کو پورا فرما۔ اے تمام رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے''۔

..........................*.............*

دعائے پریشان حال

حضور اکرم ﷺ نے اپنے غلاموں کو حالت اضطرار میں جس طرح اپنے مولا کریم کے سامنے دعا کرنے کا سبق دیا ہے، وہ تحریر ہے تا کہ سب غلامانِ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء اس سے استفادہ کر سکیں۔

عن ابی بکرۃ قال قال رسول اللہ ﷺ فی دعاء المضطر۔ اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَ أَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ (قرطبی)

ترجمہ: ''اے اللہ! میں صرف تیری رحمت کا امیدوار ہوں۔ مجھے آنکھ جھپکنے کی دیر بھی میرے نفس کے حوالے نہ کر۔ میرے کام درست فرما دے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں''۔

..........................*.............*

ہر مصیبت و تکلیف دور ہونے کا وظیفہ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم ایک روز حضور نبی کریم ﷺ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ''کیا تمہیں ایسی چیز بتلا دوں، جس کے پڑھنے سے ہر مصیبت و تکلیف جو کسی انسان پر پڑ گئی ہو، دور ہو جائے''۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا ''یا رسول اللہ (ﷺ) ضرور ارشاد فرمائیں''۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''حضرت ذوالنون (حضرت یونس علیہ السلام) کی دعا یعنی آیت کریمہ لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ سُبْحٰنَكَ إِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ''

..........................*.............*

ہر مصیبت و پریشانی سے نجات کی دعا

ایک شخص نے بیان کیا کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ایک صاحب ہمارے مہمان ہوئے۔ جب رخصت ہونے لگے تو مجھے کچھ ہدیہ دینا چاہا۔ میں نے انکار کر دیا تو فرمایا کہ اچھا! ہم تمہیں ایک دعا بتلاتے ہیں جو ہمارے جد امجد حضرت انس رضی اللہ عنہ کی دعا ہے اور میں

نے جب کبھی یہ دعا کی، اللہ تعالیٰ نے ہر مصیبت و پریشانی سے نجات عطا فرمائی۔ وہ دعا یہ ہے:

اللّٰھم ان ذنوبی لم تبق لی الارجاء عفوک و قد قدمت الۃ الحرمان بین یدی. فان اسئلک بما لا استحقہ و ادعوک بما لا استوجبہ و اتضرع الیک بما لا استاھلہ فلم یخفی علیک حالی و ان خفی علی الناس کنہ معرفۃ امری. اللھم ان کان رزقی من السماء فاھبطہ و ان کان بعید افقربہ و ان کان قریبا فیسرہ و ان کان قلیلا فکثرہ و بارک لی فیہ.

ترجمہ: ''اے اللہ! میرے گناہوں نے بجز تیری معافی کے اور کوئی امید باقی نہیں چھوڑی اور میں نے محرومی کا سامان اپنے آگے بھیجا ہے۔ میں تجھ سے ایسی چیز مانگتا ہوں ہوں، جس کا مستحق نہیں اور ایسی دعا کرتا ہوں، جس کا سزاوار نہیں اور ایسی چیز سے تیری تضرع وزاری کرتا ہوں، جس کا میں اہل نہیں۔ تجھ پر میرا کوئی حال مخفی نہیں، اگرچہ لوگوں پر میرے معاملات کی حقیقت ظاہر نہ ہو۔ اے اللہ! اگر میرا رزق آسمان میں ہے، تو اس کو اتار دے اور زمین میں ہے، تو اس کو ظاہر کر دے۔ اور اگر دور ہے، تو اس کو قریب کر دے اور اگر قریب ہے، تو اس کو آسان کر دے۔ اور اگر کم ہے تو اس کو زیادہ کر دے اور اس میں برکت عطا فرما''۔

روحانی و مخفی علوم پر کتب کا ذخیرہ

خط و کتابت: مکتبۃ العارف، دار العمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور

رابطہ: 042-35033371, 0332-4487877, 0322-4773786

اس ماہ کی منتخب روحانی کتب پیش خدمت ہیں

ممبران، علماء، عاملین اور خواص کے لئے زبردست ڈسکاؤنٹ

مکتبے، بک سٹالز، بک شاپس، نیوز ایجنسیز، خصوصی رعایت حاصل کرنے کے لئے رابطہ فرمائیں۔

روحانی، طبی اور اسلامی (PRINTED) کتب کی مکمل فہرستیں طلب فرمائیں۔ اور جلد ہی اپنا آرڈر بک کروائیں۔

نام کتاب	مصنف	عام قیمت
علاج بالنقوش	پیرزادہ محمد تبین ہاشمی	400
علاج بالقرآن	پیرزادہ محمد تبین ہاشمی	400
طلسمات عجائب	حضرت مولانا شاہ عرشی نقشبندی مجددی	170
مجرب حل المشکلات	ادارہ تصنیف وتالیف	250
رحمت للعالمین ﷺ کی دعائیں	مرتب محمد سلیم صدیقی	150
عملیات تسخیر قلوب	شاہ محمد فضل حسین صابری	180
جادو کا مستند علاج	ابوالکاشف کشفی قلندری	300
مجرب عملیات التعویذات	مولانا سید ظہور احمد شاہ جہانپوری	160
خزینہ عملیات وتعویذات	صوفی عزیز الرحمن نقشبندی	140
خواص کامل سورہ مزمل	السید علی حسین شاہ	100
تعویذات نقشبندی	صوفی محمد ندیم مجددی	100
تعویذات سہروردی	صوفی محمد ندیم مجددی	100
ہاتھ اور شخصیت	عامر شہزاد	250
ہمارے ہاتھ	عامر شہزاد	180
ہاتھ شخصیت کا آئینہ	انجینئر رانا محمد امین	200
مکمل رمل سرخاب	پروفیسر حکیم منشی دلگیر سنگھ صاحب	400
مکمل دست شناسی	علیم اقبال	160
پتھروں کے اثرات	معظم جاوید	60
ٹیلی پیتھی کا انسائیکلوپیڈیا	علیم اقبال	200
ہپناٹزم کا انسائیکلوپیڈیا	علیم اقبال	160
سراج النجوم مع جوتش	علیم اقبال	180
علم نجوم سے بیماریوں کا علاج		75
مفتاح الجفر	غلام حسین جفار	150
علم جفر	آغا اشرف	130
عددوں کے اثرات (ترمیم واضافہ)	علیم اقبال	200
عدد بولتے ہیں (ترمیم واضافہ)	علیم اقبال	200
ہپناٹزم	محمد جاوید شیخ	60
ساعات کا انسائیکلوپیڈیا (ترمیم واضافہ)	علیم اقبال	150
ٹیلی پیتھی کے نئے انداز	علامہ جاوید قادری	60
ٹیلی پیتھی معہ مراقبہ		60
شعبدہ بازی	آغا اشرف	80

نام کتاب	مصنف	عام قیمت
وظائف نبوی ﷺ	مفتی زین العابدین	90
وظائف الصالحین (وظائف وعملیات)	مولانا حافظ اقبال قریشی	220
خوابوں کی تعبیر کا انسائیکلوپیڈیا اعلیٰ	عبدالغنی نابلسی	940
خوابوں کی تعبیر کا انسائیکلوپیڈیا سادہ	عبدالغنی نابلسی	600
آداب اعمال اور دعائیں	مولانا احمد عمر	230
برکت کے اسباب اور محنت کی اہمیت	مولانا آصف نسیم	500
ہماری پریشانیاں اور ان کا حل	مولانا خالد محمود	240
جادو کا علاج	عبدالسلام بالی صاحب	250
مستند علاج قرآنی	احمد بن ذیب صاحب	390
تعبیر الرویا کلاں	امام ابن سیرین	480
پریشانیوں کا حل	حافظ پیر ذوالفقار احمد نقشبندی	110
دعائیں قبول نہ ہونے کی وجوہات	حافظ پیر ذوالفقار احمد نقشبندی	110
ڈیپریشن کا سستا علاج	حافظ سیف اللہ نقشبندی	180
مجموعہ اوراد و وظائف بر سورۂ قرآنیہ واحادیث نبویہ ﷺ		200
روحانی عملیات ووظائف	سید ذیشان نظامی	380
دعائیں، وظائف اور تسبیحات نبوی ﷺ (خیر و برکت کا لازوال ذخیرہ)	خالد محمود	150
تعبیر الرؤیا	علامہ ابن سیرین	300
عملیات، دعائیں اور عبادات (تسبیح تحفہ ساتھ)	علامہ محمد اکرام اللہ صدیقی	180
اسماء الحسنیٰ سے دکھوں اور پریشانیوں کا روحانی علاج	میاں یاور حسین	240
دکھ درد اور بیماریوں کا روحانی علاج	سید ذیشان نظامی عفی عنہ	280
دعاؤں اور وظائف سے گھریلو پریشانیوں کا حل	〃	200
نافع الدارین، تحفہ درود شریف (درود شریف سے ہر طرح کی دینی ودنیاوی پریشانیوں کا علاج)	〃	370
فیضان دعا (دعاؤں اور وظائف سے مصیبتوں اور مشکلات سے نجات حاصل کیجئے)	〃	350
دعاؤں اور وظائف کا انسائیکلوپیڈیا	منصور احمد بٹ	295
اسماء الحسنیٰ سے دکھوں اور پریشانیوں کا روحانی علاج	میاں یاور حسین	240

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا

darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif.blogspot.com, info@darulamal.org

ولی کامل، استاذِ مکرم، استاذ العالمین حضرت مولانا محمد امان اللہ صاحب نقشبندی نور اللہ مرقدہٗ کے مشکلات سے نجات کے لئے مجرب اعمال

خالد مقبول حفظہ اللہ

چہل کاف کا خاص وظیفہ

نوچندی شبِ پنجشنبہ (جمعرات) کو بعد نماز عشاء چالیس (۴۰) مرتبہ درود شریف پڑھ کر چہل کاف چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھیں۔ ہر ایک مرتبہ پڑھنے پر ربّ ذوالجلال کے حضور نہایت عاجزی وانکساری کے ساتھ دل کی گہرائیوں سے دعا مانگیں۔ آخر میں دوبارہ چالیس (۴۰) مرتبہ درود شریف پڑھ کر وظیفہ ختم کریں۔ اس عمل کو چالیس دن تک بلاناغہ جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ، اللہ جل شانہٗ کے فضل سے چالیس (۴۰) دن سے قبل مراد پوری ہوگی۔ مگر پھر بھی چالیس (۴۰) دن تک پڑھتے رہنا ہے۔ درمیان میں نہ چھوڑیں۔ اس کا پورا فائدہ حاصل کرنے کیلئے نماز پنجگانہ ادا کریں۔ گناہوں سے پرہیز لازمی ہے۔ وقت اور جگہ ایک رکھیں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے اس کا تلفظ خوب درست کریں تاکہ غلطی نہ ہو۔

نوٹ چہل کاف کے وظیفہ کے لئے اجازت لینی بہت ضروری ہے۔ جس کے عمل میں جو بھی چہل کاف ہو، وہ اس وظیفہ کو پڑھتے وقت اپنا والا چہل کاف ہی پڑھے۔ چہل کاف ایک عمل ہے اور یہ اس کا ایک طریقہ استعمال لکھا ہے۔ جو لوگ چہل کاف کے عامل بننا چاہتے ہیں، وہ روحانی درسگاہ سے رابطہ کرلیں۔ (خ)

حل المشکلات

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

ہر روز بعد از نماز عشاء پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ، اول و آخر درود شریف پڑھیں۔ بلاناغہ کریں۔ مجرب ہے۔

کام بگڑ جاتے ہوں

جس کا کام ہوتے ہوتے بگڑ جاتا ہو تو ”اھدنا الصراط المستقیم“ کو جتنے ایام میں ہو سکے سوا لاکھ دفعہ پورا کرے۔ اس کے بعد ۳۱۳ مرتبہ ہر روز پڑھتا رہے اور دعا بھی کرتا رہے اور اول و آخر درود شریف بھی لازمی پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، سب کام سیدھے ہو جائیں گے۔

ہر مقصد کے لئے

عشاء کی نماز پڑھ کر بغیر کسی سے کلام کئے باوضو قرآن مجید سامنے رکھ کر شروع سے اخیر تک ہر سطر پر انگلی رکھتا جائے اور ”بسم اللہ الرحمن الرحیم“ پڑھتا رہے۔ حتیٰ کہ پورا قرآنِ پاک ختم کردیں۔ پھر عاجزی وانکساری سے دعا مانگیں۔ ہر مہینہ میں ایک بار۔ پھر دوسرے مہینہ میں ایک بار۔ پھر تیسرے مہینہ میں ایک بار۔ ان شاء اللہ جو بھی جائز مقصد ہوگا، ضرور پورا ہوگا۔ (مجرب ہے)

برائے ہر حاجت

اگر صبح کی نماز کے بعد سورۃ فاتحہ کو اس کے حروف کی تعداد کے برابر (یعنی ایک سو پچیس مرتبہ) پڑھے، تو بغیر کسی شک شبہ کے مطلوب کا حصول ہوگا“۔ ولھذا الترتیب خواص عجیبة واسرار غریبة۔

حل المشکلات

ایک سو دفعہ بعد نماز عشاء و فجر مندرجہ ذیل آیت پڑھے اور اول و آخر درود شریف بھی پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے:

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿سُوْرَۃُ الْقَمَرِ: ۱۰﴾

حل المشکلات

ہر روز سورۂ مزمل فجر کی سنتوں کے بعد ایک مرتبہ اور پانچوں نمازوں کے فرضوں کے بعد دو دو مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ مقصد حاصل ہوگا۔

اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین کے پریشانیوں، مصیبتوں اور مشکلات سے نجات کے لئے

مجرب اعمال

مرتب: شعبہ روحانی علاج، دارالعمل چشتیہ، لاہور

اس مضمون میں دئے گئے تمام اعمال کی ہر خاص و عام کو اجازت ہے۔

شیخ ابوالحسن شاذلی نوراللہ مرقدہٗ

حل مشکلات کا خاص عمل

علامہ یافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تحریر کردہ کتاب ”نور الیقین و اشارۃ اھل التمکین“ میں فرمایا کہ جن اوصاف و خصوصیات سے اولیاء اللہ کو مخصوص کیا گیا ہے (ایک یہ ہے کہ) جب کوئی کسی حاجت کی قبولیت کا ارادہ کرے تو جمعرات کی شام کو غسل کرے اور اپنی نماز کی جگہ اعتکاف کی نیت کر کے بیٹھ جائے۔ حتیٰ کہ مغرب کی نماز پڑھے اور پھر ذکر کرتا رہے۔ حتیٰ کہ عشاء کی نماز بھی پڑھ لے اور اس کے بعد جتنی طاقت ہو نماز میں مشغول رہے۔ جب وتروں کے آخری سجدہ میں پہنچے تو سجدہ میں ہی سو مرتبہ ”یارب، یارحمٰن، یارحیم، یاحی یاقیوم برحمتک استغیث“ کہے۔

اللہ کے حکم سے اس کی حاجت پوری ہوگی۔ (الدرالنظیم ص:38)

نوٹ: عشاء کی نماز کی سنتیں اور نوافل پڑھ کر اس وظیفہ کی نماز شروع کرے اور وتر بالکل اخیر میں پڑھے۔

....................*..........*

امام غزالی نوراللہ مرقدہٗ

برائے حاجت برآری

تین دن روزے رکھو، ریاضت کی شرطوں کے ساتھ۔ اور تیسرے روزے صبح کی نماز کے بعد اسماء کے حروف کو جدا جدا مشک، عرق گلاب، زعفران یا بارش کے پانی سے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر، بائیں ہاتھ سے لکھو۔ اور اسی طرح بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر دائیں ہاتھ سے لکھو۔ پھر دو رکعت نماز پڑھو اور اپنے ہاتھوں کو آسمان کی طرف اٹھاؤ (یعنی دعا کے لئے ہاتھ اٹھاؤ) اور اللہ تعالیٰ سے سچی اور خالص نیت سے سوال کرو۔ ضروری ہے کہ نیت اور عمل ساتھ ساتھ ہوں۔ اور نیت (توجہ) اول سے آخر تک کسی دوسری حاجت کی جانب مبذول نہ ہو اور اپنی حاجت اور ضرورت کا نام لے کر دعا کرے۔ اور کہے ”یااللہ! آپ ان تمام اسرار کے وسیلے سے میری حاجت کو پورا فرما دیں“ اور اس مذکورہ دعا کو بار بار دہراؤ تو تم اپنی مجلسِ دعا سے فارغ بھی نہ ہوگے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری حاجت پورا فرما دیں گے اور بغیر کسی شک کے، دعا مقبول ہوگی۔ اور مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر اپنے سجدے کی جگہ رکھ دو۔ اور اسماء یہ ہیں: اسحس سعطف

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

ع ص ح

....................*

شیخ ابن عربی نوراللہ مرقدہٗ

ہر مطلب کے لئے

اگر کسی کو حاجت ہو تو بعد نمازِ مغرب، فرض و سنت سے فارغ ہو کر اسی مقام پر، جہاں اس نے نماز پڑھی ہے، سورۃ فاتحہ چالیس (۴۰) بار بعج وصل میم کے پڑھے اور اس طرح دعا کرے کہ ”اے اللہ! تیرا علم کافی ہے، اس امر سے کہ سوال سورۃ فاتحہ کی حرمت سے میرا سوال پورا فرما۔ سورۃ فاتحہ

کی حرمت سے مجھے عزت بخش اور میری مراد پوری فرما"۔ حق تعالیٰ ضرور حاجت پوری فرمادیں گے۔

............*......*......*

حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نور اللہ مرقدہٗ

کسی بھی مشکل کے لیے

❶......اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آئے تو سورۂ یٰسین شریف پڑھیں۔ اور مبین پر پہنچ کر سات بار سورۂ فاتحہ مع تسمیہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔

تمام حوائج و مصائب کے لیے

❷...... تین سو اکتالیس (۳۴۱) مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ. نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ، ہر روز صبح کی نماز کے بعد پابندی سے پڑھیں۔

............*......*......*

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی صاحب نور اللہ مرقدہٗ

ہر مشکل کے حل کے لئے

تمام مشکلات کے حل کے لئے اسم **يَا لَطِيْفُ** بعد نمازِ عشاء گیارہ سو گیارہ بار پڑھے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے اور پھر دعا کرے۔

............*......*......*

حضرت ڈاکٹر عبد الحیٔ عارفی نور اللہ مرقدہٗ

حلِ مشکلات کے لئے

آیت کریمہ کو ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ بعد نمازِ عشاء، اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ پڑھ کر اپنی حاجت اور پریشانی کے خاتمے کی دعا کی جائے۔ ان شاء اللہ مقصد حاصل ہوگا۔

ہر پریشانی سے نجات کے لیے

جب کسی پریشانی یا کسی کی ایذا رسانی سے تکلیف ہو یا کوئی لاینحل مشکل درپیش ہو تو کثرت سے یہ دعا پڑھیں:

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ.

ان شاء اللہ تعالیٰ پریشانی سے نجات ہوگی اور اطمینانِ قلب حاصل ہوگا۔

............*......*......*

حضرت مولانا شاہ ابرار الحق صاحب نور اللہ مرقدہٗ

برائے کفالت از مصائب و پریشانی

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

ایک سو چالیس (۱۴۰) مرتبہ روز پڑھیں۔

............*......*......*

حضرت مولانا احمد علی لاہوری نور اللہ مرقدہٗ

حلِ مشکلات کے لیے سورۂ یٰسین کا ورد

سورۂ یٰسین یوں پڑھے کہ ہر مبین پر **يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ** گیارہ دفعہ پڑھے اور جب کلمہ کُن پر پہنچے تو **يَا اَللّٰهُ يَا غَنِيُّ يَا مُغْنِيُّ يَا فَتَّاحُ** پڑھ کر ختم کردے۔ ان شاء اللہ سب تکالیف کا خاتمہ ہوجائے گا۔

مصائب دور کرنے کے لیے

مصائب دور کرنے کے لئے مندرجہ ذیل دعا بارہ ہزار (۱۲۰۰۰) دفعہ روزانہ بارہ (۱۲) دن متواتر اس طرح پڑھنی چاہئے کہ اگر دن میں یہ تعداد پوری نہ ہوسکے تو شام کے بعد نیند سے پہلے پوری کرلے۔ دعا یہ ہے:

يَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ

............*......*......*

شیخ المشائخ حضرت مولانا خان محمد صاحب نور اللہ مرقدہٗ

مشکل مسائل کے حل کے لئے وظیفہ

جناب میاں واجد محمود سرگانہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ خواجہ صاحب رحمہ اللہ کی مجلس میں بیٹھا تھا۔ایک ساتھی حضرت رحمہ اللہ کے قریب ہوا اور اپنی گھریلو بیماری، کاروباری، معاشی اور رشتہ داروں کے سلوک کی درد بھری کہانی سنائی، جس سے قریب لوگوں کا بھی دل بھر آیا اور پھر عرض کیا ''حضرت جی! ان تمام پریشانیوں سے نکلنے کے لئے وظیفہ بتائیں''

حضرت والا (رحمہ اللہ) نے عشاء کی نماز کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ سورہ اخلاص بمع بسم اللہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرنے کے لئے کہا کہ ''اے اللہ تعالیٰ! اس کلام پاک کی برکت سے میرے مسائل حل فرما''۔ اللہ تعالیٰ مہربانی کرے گا اور پھر اجتماعی دعا بھی مانگی۔

(تذکرہ خواجہ خواجگان)

..........................*.............*.............*

حافظ الحدیث حضرت مولانا عبداللہ درخواستی رحمہ اللہ

تمام مشکلات کے حل کیلئے

اگر کوئی شخص ایسی مصیبت کا شکار ہوگیا ہے جو عزت و مال کے درپے ہو یا جس کی وجہ سے انسان کا چین وسکون ختم ہوگیا ہو یا اگر کوئی شخص ایسی ناگہانی بلا کا شکار ہو کر رہ گیا ہو جس کی وجہ سے اس کا آرام، اس کی عزت اور اس کا سکون غارت ہوگیا ہو۔اور اس شخص کو اس مصیبت سے چھٹکارے کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو ایسے حالات میں اس کو سورۃ فاتحہ کا یہ عمل کرنا چاہئے۔سورۃ فاتحہ کے کل حروف کی تعداد ایک سو پچیس (۱۲۵) ہے۔اگر ہر حرف کے بدلے میں ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ سورۃ فاتحہ کو پڑھا جائے تو تعداد ایک لاکھ پچیس ہزار (۱۲۵۰۰۰) مرتبہ بیٹھے گی۔اس طریقہ ختم کو''ختمِ کبیر'' کہتے ہیں۔اگر ہر حرف کے بدلہ میں ایک سو (۱۰۰) مرتبہ سورۃ فاتحہ کو پڑھا جائے تو تعداد بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) مرتبہ بیٹھے گی۔اس طریقہ ختم کو''ختمِ وسیط'' کہتے ہیں۔

اگر ہر حرف کے بدلہ میں دس (۱۰) مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھی جائے تو تعداد بارہ سو پچاس (۱۲۵۰) مرتبہ بیٹھے گی۔اس طریقہ ختم کو''ختمِ صغیر'' کہتے ہیں۔

ان تینوں ختم میں جو بھی ختم فوری طور پر ممکن ہو، اس پر عمل کرے۔ان شاء اللہ کیسی بھی مصیبت ہوگی، رفع ہو جائے گی۔

اگر ختمِ صغیر پڑھنا ہو تو پھر ایک ہی آدمی باوضو ہو کر پڑھے۔اگر مصیبت ختم نہ ہو تو لگا تار چھ (۶) مہینوں تک نوچندی جمعرات یا نوچندی اتوار کو

پڑھے۔اگر مصیبت سے نجات مل جائے تو عمل موقوف کردے۔ باقی دونوں ختم ایک سے زائد افراد مل کر پڑھیں۔ختم کے بعد ہر بار اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں اور اپنی بے بسی اور کمزوری کا کھلے الفاظ میں اقرار کریں۔ان شاء اللہ رحمتِ خداوندی جوش میں آئے گی اور مصائب رفع ہوں گے۔

حاجت کی تکمیل کے لئے

کسی بھی ایسی حاجت کی تکمیل کے لئے جو پوری نہ ہوتی ہو، تین روز تک یہ عمل کریں کہ ہر فرض نماز کے بعد بیس مرتبہ سورۂ رحمٰن پڑھیں اور دعا مانگیں۔حاجت کیسی بھی ہو، ان شاء اللہ پوری ہوگی۔

کسی مصیبت سے نجات کے لئے

یاَاللہ انت ربی۔ یاَ اللہ انت حسبی

قبلہ رو ہو کر پہلے پانچ سو مرتبہ کھڑے ہو کر پڑھے۔ پھر سو مرتبہ بیٹھ کر اور پھر سو مرتبہ لیٹ کر۔ پرہیز کچھ نہیں۔البتہ وقت اور جگہ کی پابندی کرنی چاہیے۔عمل کے شروع اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا چاہیے۔عمل ہلکی روشنی میں کرنا چاہیے نہ تیز روشنی میں اور نہ بالکل اندھیرے میں۔سات دن میں ہی ان شاء اللہ مراد پوری ہوگی اور مشکل حل ہوگی۔

آخری دن یعنی ساتویں دن، عمل یہ پڑھا جائے گا:

یاَاللہ انت ربی۔ یاَ اللہ انت حسبی۔ تنصر من تشآء و انت العزیز الرحیم۔

عمل ردِّ بلا

اُنْصُرْنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ النّٰصِرِیْنَ

اس کا ترجمہ ہے کہ (اے اللہ) ہماری مدد کر، بے شک تو ہی بہتر مدد کرنے والا ہے۔اس عمل کی کوئی زکوٰۃ نہیں ہے۔جس کسی پر مصیبت آجائے تو اس کے گھر والے اور وہ خود بھی شامل ہو کر گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ اس کو پڑھیں۔ پڑھنے والوں کی تعداد ۳،۷،۹،۱۱ ہونی چاہیے ورنہ پھر انسان خود تنہا یہ عمل کرے۔اس عمل کو لگاتار سات دن تک کریں۔سات دن میں بڑی سے بڑی مصیبت سے نجات مل جائے گی۔ان شاء اللہ

خطاؤں کی وجہ سے مصیبت کا شکار

وَاغْفِرْ لَنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ الْغَافِرِیْنَ

اس کا مطلب یہ ہے کہ بخش دے ہم کو کیوں کہ تو بہترین بخشنے والا ہے۔

یہ عمل خاص طور پر اس وقت کرنا چاہیے کہ جب اپنی خطاؤں کی وجہ سے کوئی انسان یا کوئی گھرانہ کسی مصیبت کا شکار ہو گیا ہو۔اس عمل کو لگاتار سات دن تک کریں۔نوچندی جمعرات کو شروع کریں اور روزانہ اتنی مرتبہ مختلف لوگ مل کر پڑھیں کہ سات دن میں سوا لاکھ کی تعداد پوری ہو جائے۔ نوچندی جمعرات سے شروع کر کے بدھ کے دن تک پڑھیں۔اگر دن یا رات کے وقت زوال کے وقت سے پہلے پہلے پڑھیں تو بہتر ہے۔ پڑھنے والوں کی تعداد طاق ہونی چاہیے یعنی ۳، ۵، ۷، ۹ اور زیادہ سے زیادہ گیارہ افراد۔

جب کوئی تدبیر کارگر نہ ہو

وَارْحَمْنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ

اس کا مطلب یہ ہے کہ اے رب ہم پر رحم کر، کیوں کہ تو بہت رحم کرنے والا ہے۔

یہ عمل اس وقت کرنا چاہیے، جب دوائیں، دعائیں اور تعویزات کارگر نہ ہو رہے ہوں۔گھر کے تین لوگ اس عمل کو اس طرح کریں کہ نمازِ عشاء کے بعد ہر فرد گیارہ سو مرتبہ پڑھے۔اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔پھر اجتماعی دعا مانگیں اور اللہ سے مدد چاہیں۔

حلِ مشکلات کے لئے

جب کوئی مشکل پیش آئے تو وضو کر کے مکمل تنہائی میں دو رکعت نماز نفل پڑھ کر دو سو انیس (۲۱۹) مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔ پھر سجدے میں جا کر دعا کریں۔ان شاء اللہ، کیسی بھی مشکل ہوگی، اس سے نجات مل جائے گی۔

دعا یہ ہے: اَللّٰھُمَّ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ وَجْھِکَ الَّذِیْ اَرْکَانَ عَرْشِکَ وَ بِقُدْرَتِکَ الَّذِیْ قَدَّرْتَ بِھَا

عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِكَ وَ بِرَحْمَتِكَ كُلَّ شَیْءٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا غَیَاثُ اَغِثْنِیْ یَا غَیَاثُ اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ۔

ناگہانی پریشانی سے نجات

اگر کوئی شخص کسی ناگہانی پریشانی میں مبتلا ہو جائے تو بعد نمازِ عصر، سورۂ فاتحہ ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ پڑھے۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔ ان شاء اللہ پریشانی دفع ہوگی۔ لگاتار اس عمل کو تین دن تک کرے۔

مصیبت سے نجات کیلئے

اگر کوئی شخص کسی مصیبت کا شکار ہو جائے تو اس کو چاہیے لگاتار تین دنوں تک بدھ جمعرات، جمعہ نمازِ فجر کے بعد 41 مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور سجدے میں جاکر دعا کرے۔ ان شاءاللہ مصیبت سے نجات مل جائے گی۔

حاجت روائی کیلئے

اگر کسی کی حاجت پوری نہ ہوتی ہو تو اس کو چاہیے کہ نمازِ عصر کے بعد تین مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھے اور اس عمل کو لگاتار 21 روز تک کرے۔ ان شاءاللہ حاجت پوری ہوگی۔ کلمات یہ ہیں۔

یا حیی یا حلیم یا عزیز یا کریم اقض حاجتی بحق ایاك نعبد وایاك نستعین۔

ان شاءاللہ 21 روز میں حاجت پوری ہوگی۔

دینی و دنیاوی حاجات کیلئے

جو شخص حسبِ ذیل انداز سے سورۂ فاتحہ ہر نماز کے بعد پڑھے گا اور اس تعداد کو معمول بنالے گا تو اس کی تمام دینی و دنیاوی خواہشات پوری ہو جائیں گی۔ نمازِ فجر کے بعد 30 مرتبہ، نماز ظہر کے بعد 25 مرتبہ، نماز عصر کے بعد 20 مرتبہ، نماز مغرب کے بعد 15 مرتبہ اور نماز عشاء کے بعد 10 مرتبہ پڑھے۔ اس طرح کل 100 مرتبہ پڑھے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ جس مقصد کو بھی ذہن میں رکھے گا، اس میں کامیابی ملے گی۔

ہر حاجت کیلئے

نوچندی جمعرات سے اس عمل کو شروع کریں۔ اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور سورۂ فاتحہ روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ اگر اتنی تعداد میں روزانہ پڑھنا مشکل ہو تو 313 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو 125 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ چالیسویں دن اپنی حاجت کیلئے گڑگڑا کر دعا کریں۔

برائے قضائے حاجت

سورۂ فاتحہ کا ایک عمل جو قضائے حاجت کیلئے بے حد مجرب ہے۔ یہاں نقل کیا جاتا ہے۔ جو تمام کتب قدیم میں مذکور ہے اور بلاشبہ بے حد مؤثر ہے۔ طریقہ عمل یہ ہے کہ جب کسی حاجت کیلئے عمل کرے تو سب سے پہلے نیا لباس سلوائے۔ اگر گنجائش نہ ہو تو سفید لباس جو بھی بہتر موجود ہو، اس کو دھلوالے اور پہلے دن غسل کرکے، عروج ماہ کے کسی بھی اتوار کو، بشرطیکہ چاند برج عقرب میں نہ ہو، اسمائے رجال کا خیال کرکے بیٹھ جائے اور روزانہ عمل سے پہلے مصلے پر بیٹھ کر ایک مرتبہ آیت الکرسی ایک مرتبہ سورۂ بقرہ کا پہلا رکوع اور ایک مرتبہ سورۂ بقرہ کی آخری دو آیات آمن الرسول سے ختم سورۃ تک اور ایک ایک مرتبہ چاروں قل پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کرے۔ اس کے بعد پہلے دن یعنی اتوار کو بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العلمین پانچ سو بیاسی (۵۸۲) مرتبہ۔ پیر کے دن الرحمن الرحیم چھ سو اٹھارہ (۶۱۸) مرتبہ۔ منگل کے دن مالك یوم الدین دو سو بیالیس (۲۴۲) مرتبہ۔ بدھ کے دن ایاك نعبد و ایاك نستعین دو سو چھتیس (۲۳۶) مرتبہ۔ جمعہ کے دن اھدنا الصراط المستقیم ایک ہزار تہتر (۱۰۷۳) مرتبہ۔ جمعہ کے دن صراط الذین انعمت علیھم آٹھ سو سات (۸۰۷) مرتبہ۔ ہفتے کے دن غیر المغضوب علیھم والا الضالین تیرہ سو چار (۱۳۰۴) مرتبہ پڑھیں۔ ان شاءاللہ سات ہی دن میں مراد برآئے گی۔

محسن الملت، استاذ العالمین، سرپرست اعلیٰ ہاشمی روحانی مرکز دیوبند، ایڈیٹر ماہنامہ طلسماتی دنیا کی دیوبند (انڈیا) کی اصل کتب کی فوٹوسٹیٹ دستیاب ہیں

۱) علم الاسرار...... قیمت: 250، ۲) بچوں کے نام رکھنے کا فن...... قیمت: 335، ۳) سورہ فاتحہ کی عظمت و افادیت...... قیمت: 250، ۴) سورہ یٰسین کی عظمت و افادیت...... قیمت: 150، ۵) سورہ رحمٰن کی عظمت و افادیت...... قیمت: 250، ۶) سورہ مزمل کی عظمت و افادیت...... قیمت: 240، ۷) آیۃ الکرسی کی عظمت و افادیت...... قیمت: 150، ۸) بسم اللہ کی عظمت و افادیت...... قیمت: 240، ۹) تعلقات اعداد...... قیمت: 225، ۱۰) اعمال حزب البحر...... قیمت: 170، ۱۱) مجموعہ آیات قرآنی...... قیمت: 175، ۱۲) جانوروں کے طبی اور روحانی فائدے...... قیمت: 215، ۱۳) اسماء حسنیٰ کے ذریعے علاج...... قیمت: 900، ۱۴) تحفۃ العالمین...... قیمت: 400، ۱۵) اعداد بولتے ہیں...... قیمت: 400، ۱۶) اذان بت کدہ...... قیمت: 480، ۱۷) علم الحروف...... قیمت: 330، ۱۸) اعداد کی دنیا...... قیمت: 270، ۱۹) اعداد کا جادو...... قیمت: 220، ۲۰) کشکول عملیات...... قیمت: 400، ۲۱) اعمال ناسوتی...... قیمت: 200، ۲۲) کرشمۂ اعداد...... قیمت: 200، ۲۳) پتھروں کی خصوصیات...... قیمت: 270، ۲۴) مشکلات کا روحانی حل...... قیمت: 300، ۲۵) شرعی استخارہ پریشانیوں سے چھٹکارا...... رعائتی قیمت: 75، ۲۶) عملیات عشق و محبت...... رعائتی قیمت: 190، ۲۷) روحانی اعداد کا انسائیکلوپیڈیا...... رعائتی قیمت: 225

نیز طلسماتی دنیا کے درج ذیل خاص نمبرز کی فوٹو سٹیٹ بھی حاصل کریں

۱) رد اعتراضات نمبر ۲) امراض روحانی نمبر ۳) دستِ غیب نمبر ۴) علم جفر نمبر ۵) مجرب عملیات نمبر ۶) درود و سلام نمبر ۷) اعمال شر نمبر ۸) استخارہ نمبر ۹) روحانی مسائل نمبر ۱۰) عملیات محبت نمبر ۱۱) موکلات نمبر ۱۲) امراض جسمانی نمبر ۱۳) ہمزاد نمبر ۱۴) خوفناک واقعات نمبر 15) حاضرات نمبر ۱۶) روحانی ڈاک نمبر ۱۷) جادو ٹونا نمبر ۱۸) شیطان نمبر ۱۹) جنات نمبر ۲۰) پراسرار تحریریں

ماہنامہ طلسماتی دنیا (انڈیا) کا ہر ماہ کا نیا شمارہ (فوٹوسٹیٹ) بھی حاصل کریں

رابطہ المکتبۃ العارف، دار العمل چشتیہ
042-35033371, 0322-4773786, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, info@darulamal.org

عملیات میں استعمال ہونے والے اعلیٰ کوالٹی عربی بخورات جو آپ کے گھر کو خوشبوؤں میں بسانے اور عمل کو کامیاب کرنے میں بے حد موثر ہیں

لکڑی بخوردان بڑا سائز قیمت: 210 | سیرامک بخوردان بڑا سائز قیمت: 300

☆ بخور امواج قیمت: 395 | ☆ بخور عود ابیض قیمت: 495 | ☆ بخور عود میثاق قیمت: 600 | ☆ بخور عود صحار قیمت: 600

☆ بخور خلود قیمت: 600 | ☆ بخور (الخلیج) ❶ ذہبی ❷ ہبہ ❸ وصال قیمت: 150 | ☆ بخور الحرم قیمت: 100

1)AlHunain Rs- 360 2) Zain Oudh muattar (Small) Rs-370 3) Baitul Arab Rs- 280
4) Ana Wa Zawji Rs-280 5) Oudh Ma'almuattar (Big) Rs- 500 9)Jazeera Rs-350
6) Oudh Slalah Eman (Tin) Rs-225 7)Bakhur Plastick Packing Rs- 385 8)Eman Rs-180

SCENTED CANDLE Rs: 150/- EACH

1) Perfect Pear 2) Pumpkin Pie 3) Cucumber Melon

BAKHUR INSENSE STICK (12 Pcs) Rs: 125/-

1) Musk Hina 2) Touch Me 3) Rose Oudh 4) Oudh 5) Oudh Al Shams
6) Musk-e- amber 7) Musk Zafran 8) Tayebah 9) Sandal

روحانی دکان، دار العمل چشتیہ، لاہور
فون (دفتر): 042-35033371 موبائل (دفتر): 0322-4773786
darulamal.org/ruhanishop, info@darulamal.org

عامل کامل ماسٹر شفیع الدین نظامی مرحوم کے ہر مشکل و پریشانی سے نجات کے لئے مجرب اعمال

مرتب: محمد عارف

درود تنجینا کا مجرب عمل

سات روز تک ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھنے سے مشکل حل ہو جاتی ہے۔

ہر مشکل کے حل کے لئے درود شریف کا زود اثر ختم

یہ ختم جملہ جائز مشکلات کے حل میں بہترین اور کارآمد ثابت ہوا ہے۔ اس درود شریف کا پہلا ختم ساٹھ ہزار (۶۰۰۰۰) کی تعداد میں کرایا۔ تعداد بھی پوری نہ ہوئی تھی کہ کام ہو گیا۔ اس کے بعد اور بہت سے لوگوں کو بتایا، الحمدللہ سب ہی کامیاب ہوئے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً وَّ سَلَامًا دَائِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ

شرائط: کمرہ علیحدہ پاک صاف کرلیا جائے۔ سوا تین میٹر مربع سفید لٹھے کی چادر، شمار کے لئے کنکریاں یا تخم املی رکھے جائیں۔ پڑھنے والے بالغ عورت اور مرد ہوں اور گھر والے ہوں، جو کسی نہ کسی صورت میں اس مشکل سے متاثر ہوئے ہوں۔ بالفاظ دیگر کوئی غیر نہ ہو۔ روزانہ تین، پانچ یا چھ ہزار پڑھ کر ساٹھ ہزار کی تعداد پوری کریں۔ وقت جو پہلے دن ہو، وہی رہے۔ ختم میں شامل عورت احتیاط کرے کہ تا اختتامِ تعداد، شامل رہنا ہے۔ کمرہ پہلے اگر بتی جلا کر مہکا لیا جائے۔ دورانِ ختم، کمرے میں کوئی دوسرا نہ آئے اور نہ ہی ختم میں شامل حضرات میں سے کوئی اٹھے۔ بعد ختم، کمرہ بند کر دیا جائے۔ دورانِ ختم کوئی کسی سے اشارہ سے بھی بات نہ کرے۔ بعد ختم تعداد، حسبِ توفیق کھانا پکا کر غریبوں میں بانٹ دیں اور اس کا ثواب حضور علیہ السلام کو ھدیہ کریں۔ چادر کسی نمازی یا ضرورت مند غریب آدمی کو دے دی جائے۔

درودِ نور سے مشکلات سے نجات

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَ سِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَیِّدِ الْاَبْرَارِ۔

ایک دوست کو تین سو تیرہ (۳۱۳) روزانہ پڑھنا بتایا۔ اس کی ایسی مشکل حل ہوگئی، جس کے حل ہونے کی کوئی صورت نظر نہ آتی تھی۔ دل و دماغ میں نور پیدا ہو گیا تھا اور دیدار سے بھی مشرف ہوا۔

مشکلات سے نجات کے لئے سورۂ مزمل کے اعمال

۱...... ڈیڑھ گز لمبا سفید جائے نماز بنالیں۔ سجدہ کی جگہ ڈیڑھ انچ قطر کا سیاہ رنگ کپڑے کا گول ٹکڑا لگوائیں۔ کامل تنہائی میں اس مصلے پر دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت ادا کریں۔ سورۂ فاتحہ کے بعد اول رکعت میں اکیس بار اور دوسری رکعت میں بیس بار سورہ مزمل معہ بسم اللہ پڑھیں۔ قیام کی حالت میں جائے سجدہ پر لگے ہوئے گول ٹکڑے پر نظر رکھیں۔ بعد سلام درود شریف پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں گڑگڑا کر دعا مانگیں۔ نہ صرف بہت جلد بامراد ہوں گے بلکہ قلب و ذہن میں نورانیت پیدا ہو جائے گی۔ متواتر گیارہ رات پڑھیں۔ ہمارا مجرب عمل ہے۔

۲...... فتاویٰ عزیزیہ کا مجرب عمل

دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت پڑھیں۔ رکعت اول میں تین بار اور دوم میں دو بار سورۂ مزمل پڑھیں۔ بعد سلام تین بار سورۂ مزمل پڑھیں۔ ہر بار جب آیت رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا پڑھ چکیں تو پچیس بار حسبنا اللہ ونعم الوکیل پڑھیں۔ پھر سورت آگے پڑھیں یعنی واصبر سے شروع کریں۔ ان شاء اللہ ایک ہفتہ میں ہر جائز مراد پوری ہوگی۔ مجرب اور تصدیق شدہ عمل ہے۔

۳ ...... بعد نمازِ عشاء، کامل تنہائی، باطہارت جسم ولباس، دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت ادا کریں۔ پہلی رکعت میں بعد فاتحہ گیارہ بار اور دوسری رکعت میں دس بار سورۂ الم نشرح پڑھیں۔ بعد سلام اندھیرا کرلیں۔ چار زانو یا دوزانو بیٹھ جائیں۔ توجہ کاملہ کے ساتھ گیارہ بار درود ناریہ پڑھیں۔ اور بسم اللہ شریف پڑھ کر گیارہ سو بار آیۃ رب المشرق والمغرب لا الہ الا ھو فاتخذہ وکیلا پڑھیں۔ بعد ختم، گیارہ بار درود ناریہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ ایک ہفتہ میں بڑی سے بڑی مشکل سے نجات حاصل ہوجائے گی۔

حلِ مشکلات کے لئے سورۂ فاتحہ کے اعمال

۱ ...... جملہ مصائب سے نجات حاصل کرنے کا عمل

کیسی ہی مشکل کا وقت ہو اور کوئی راہ نجات کی نظر نہ آتی ہو تو سورۂ فاتحہ مندرجہ ذیل طریقے سے پڑھئے۔ ان شاء اللہ سات روز میں نجات ہوجائے گی۔

نوچندی شب جمعرات سے علیحدہ کمرے میں سورۂ فاتحہ گیارہ بار پڑھیں۔ ایاک نعبد وایاک نستعین پڑھ کر ایک سو (۱۰۰) بار مندرجہ ذیل دعا پڑھیں۔ پھر سورۂ فاتحہ آگے اھدنا الصراط المستقیم سے شروع کریں۔ ہر بار اسی مقام پر ایک سو (۱۰۰) بار دعا پڑھیں۔ اس دعا کے ساتھ بسم اللہ شریف نہیں پڑھنا۔ دعا یہ ہے:

اَقْوٰی مُعِیْنٍ وَ اَھْدٰی دَلِیْلٍ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔

اسی طرح گیارہ بار سورۂ فاتحہ پڑھیں۔ اول وآخر طاق بار درود شریف پڑھیں اور ہر بار بسم اللہ پڑھ کر شروع کریں۔ ان شاء اللہ بہت جلد مراد پائیں گے۔

۲ ...... مصائب سے نجات حاصل کرنے کا طریقہ

کامل تنہائی میں رات ایک بجے کے بعد دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت پڑھیں۔ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر سورۂ فاتحہ شروع کردیں۔ جب آیت الرحمن الرحیم پڑھ چکیں تو فوراً بعد مندرجہ ذیل دعا گیارہ بار کامل توجہ سے پڑھ کر آگے سورۂ فاتحہ پڑھیں۔ دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّحِیْمُ وَ اَنَا الْخَاطِیُٔ فَمَنْ یَّدْعُ الْخَاطِیُٔ اِلَّا الرَّحِیْمُ یَارَبِّ ارْحَمْنِیْ۔

اسی طرح اکتالیس بار سورۂ فاتحہ پڑھیں اور اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ ان شاء اللہ ایک ہفتہ میں بڑی سے بڑی مصیبت سے نجات حاصل ہوجائے گی۔

سورۂ الم نشرح کا عمل برائے حل المشکلات

سورہ الم نشرح ایک دوست کو پانچ سو بار پڑھنا بتایا۔ تیسرے روز اس کی بہت بڑی مشکل حل ہوگئی۔

سورۂ رحمٰن کا عمل برائے حل المشکلات

بعد نماز عشاء تنہائی میں توجہ کاملہ کے ساتھ دو رکعت نماز نفل پڑھ کر سورۂ رحمٰن گیارہ بار پڑھیں اور سوجائیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد آپ کی مشکل حل ہوجائے گی۔ اول وآخر درود شریف طاق اعداد میں ضرور پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا عمل برائے حل المشکلات

موت کے علاوہ ہر مشکل اور ہر مرض کا علاج

دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت پڑھیں۔ رکعت اول میں بعد فاتحہ تین بار اور رکعت دوم میں دو بار سورۂ اخلاص پڑھیں۔ بعد سلامِ نماز تین بار درود شریف پڑھ کر بسم اللہ شریف دو ہزار بار اور درود شریف تین بار پڑھیں۔ پانی بیمار کے لئے پڑھنا ہے تو پانی پر دم کریں۔ ورنہ اپنے مطلب کی مختصر دعا مانگ کر پھر دو نفل حسب سابق پڑھ کر دو ہزار بار بسم اللہ شریف پڑھیں۔

علٰی ھٰذا القیاس دو نفل دو ہزار بار بسم اللہ شریف۔ دو نفل دو ہزار بار بسم اللہ شریف۔ اس طرح بارہ ہزار بار بسم اللہ شریف، بارہ نفلوں کے ساتھ پڑھیں۔ بیمار کے لئے پانی پر دم کرنا ہے تو یہ پانی تین روز یا سات روز پلائیں۔ پھر نیا پانی پڑھ دیں۔ اگر کوئی حاجت ہے تو متواتر تین روز پڑھیں۔ ان شاء اللہ کامیاب ہوں گے۔

امدادِ غیبی

دوست کے گھر بیٹھا تھا۔ پنجاب سے ٹیلیفون آیا۔ دوست کی بیوی نے ٹیلی فون سنا اور کہا "میرے استاد بیٹھے ہیں۔ ان سے بات کرو۔" یہ کہہ کر ٹیلیفون مجھے تھمادیا۔ ٹیلیفون پر مالکہ مکان کی بہن ہچکیوں سے رو رہی تھی۔ پوچھنے پر بتایا کہ میں بذریعہ ٹیلیفون اس عزیز لڑکے سے بات کر رہی تھی، جس سے شادی کرنا چاہتی ہوں۔ بھائی آگیا۔ اس نے ٹیلیفون توڑ دیا اور کہا اس لڑکے کو اور تجھے، دونوں کو قتل کردوں گا۔ اگرچہ میں نے حلفیہ بتایا کہ سوائے ٹیلیفون رابطہ کے، اس لڑکے سے کوئی تعلق نہیں۔ مگر بھائی نہیں مانتا۔ دو روز سے گھر میں کھانا بھی نہیں کھا رہا۔ میں اور بھابھی، دونوں پریشان ہیں۔ یہ عمل ٹیلیفون پر لڑکی کو بتایا۔ پانچ دن کے بعد لڑکی کا ٹیلیفون آیا کہ بھائی نے معاف کردیا اور اب پہلے سے زیادہ پیار کرنے لگا ہے۔

المختصر......اس دعا میں بڑی تاثیر ہے۔ مختلف طریق سے پڑھوایا۔ سب ہی کامیاب ہوئے۔ شرط ہے تو صرف اتنی کہ انسان یقینِ کامل کے ساتھ پڑھے۔ ان شاء اللہ کامیاب ہوگا۔ اس دعا کے الفاظ شاھد ہیں کہ انسان بارگاہ ایزدی میں صدق دل سے استغاثہ پیش کرے۔

جب دل میں درد ہوگا نکلیں گے آپ آنسو
دامن میں آگ رکھ کر کیسے دھواں چھپاؤں

دعا یہ ہے:

یَا غِیَاثُ اَغِثْنِیْ بِرَحْمَتِكَ۔

امدادِ غیبی حاصل کرنے کا خاص اور مجرب طریقہ

دو رکعت نماز قضائے حاجت چھت پر یا صحن میں پڑھیں۔ خاتمہ نماز کے بعد مصلے پر ننگے سر کھڑے ہو کر گیارہ بار درود شریف، تین سو تیرہ (۳۱۳) بار یَا غِیَاثُ اَغِثْنِیْ بِرَحْمَتِكَ اور فوراً بعد اکیاون (۵۱) بار مندرجہ ذیل دعا پڑھیں:

اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ بِفَضْلِكَ اَغِثْنِیْ بِرَحْمَتِكَ اَغِثْنِیْ بِرَافَتِكَ اَغِثْنِیْ بِلُطْفِكَ اَغِثْنِیْ بِجَمِیْعِ اَسْمَائِكَ وَ صِفَاتِكَ وَ جَمَالِكَ وَ جَلَالِكَ اَغِثْنِیْ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ۔ درود شریف گیارہ بار۔

ان شاء اللہ بہت جلد آپ کو مصیبت اور غموں سے نجات حاصل ہوگی۔ مشکل سے مشکل کام آسانی سے پورے ہوں گے۔ کامل توجہ اور پختہ یقین سے پڑھیں۔

ہر طرح کی مشکل سے نجات

علیحدہ اور صاف پاکیزہ کمرے میں رات بارہ بجے کے بعد دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت پڑھیں۔ نماز ختم کرکے گیارہ گیارہ بار اول و آخر درود شریف اور درمیان میں کم از کم تین سو تیرہ (۳۱۳) بار ورنہ گیارہ سو (۱۱۰۰) بار کامل توجہ کے ساتھ مندرجہ ذیل شعر پڑھ کر دایاں گھٹنا کھڑا کرکے اس پر دایاں گال رکھ لیں اور اپنی حاجت با آواز دل بارگاہ الٰہی میں پیش کریں۔ ان شاء اللہ گیارہ دن میں کامیاب ہوں گے۔

فَسَهِّلْ یَا اِلٰهِیْ هٰذَا صَعْبٍ
بِحُرْمَتِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ

کیا آپ کے گھر پر جادو اور جنات کے اثرات ہیں؟

موجودہ دور میں جادو اور جنات کے اثرات ایک ایسی مسلمہ حقیقت ہے جس کو کسی طرح بھی جھٹلایا نہیں جا سکتا۔ ان کا ہونا اور برے اثرات مرتب کرنا، ایک عام بات ہوگئی ہے۔ افسوس ہے کہ بہت سے لوگ متاثر ہوتے ہیں، ان کے گھر بھی متاثر ہوتے ہیں مگر صحیح علاج کی طرف نہیں آتے۔ خود ہی علاج کرتے رہتے ہیں اور آخر کار جب معاملہ حد سے تجاوز کر جاتا ہے تب کسی روحانی معالج سے رجوع کرتے ہیں۔ خدارا! اثرات کے معاملے میں سستی نہ کریں۔

گھروں پر اثرات ہونے کی صورت میں درج ذیل علامات ہوتی ہیں

✿ گھر والوں کا آپس میں لڑنا ✿ بے برکتی ہونا ✿ بچوں کا پڑھ نہ سکنا ✿ بچوں کا نافرمان ہونا ✿ بیماریوں کا گھر سے نہ جانا ✿ گھر سے باہر سکون ملنا ✿ چھوٹی چھوٹی بات پر لڑائیاں ہونا ✿ گھر کے افراد میں غصہ کی زیادتی ہونا ✿ پیسہ کا نہ آنا یا آ کر خرچ ہو جانا ✿ چیزوں کا خراب ہوتے رہنا ✿ مسلسل نقصانات ہونا ✿ پُرسکون نیند نہ آنا ✿ گھر کے کسی حصے سے خوف آنا ✿ کیڑے مکوڑوں کی زیادتی ہونا ✿ خون یا پانی کے چھینٹے پڑنا ✿ گھر کے اندر یا باہر گندگی، گوشت، دال، چاول، مرا ہوا پرندہ وغیرہ پڑے ملنا ✿ کسی کسی وقت یا خاص جگہ سے خوشبو یا بدبو آنا ✿ کسی خاص حصے میں جائیں تو بوجھ پڑنا یا جسم کا پکڑے جانا وغیرہ وغیرہ

اگر خدانخواستہ آپ کے گھر میں درج بالا علامات میں سے کچھ علامتیں ہیں تو آپ کا گھر متاثر ہے۔

گھر سے جادو جنات کے اثرات دور کروانے کیلئے رابطہ فرمائیں۔

روحانی علاج گاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

0300-8439477 مولانا محمد عرفان 0321-4661681

darulamal.org/ruhaniilajgah, info@darulamal.org

ہر طرح کے مہلک، جان لیوا اور دیرینہ امراض کا روحانی علاج کرنا سیکھیں......فون پر یا دور سے دم کریں

آج کے دور میں جو امراض دیکھنے میں آ رہے ہیں، وہ پہلے نہیں تھے۔ اور یہ امراض تیزی سے پھیلتے جا رہے ہیں۔ لوگ جسمانی علاج معالجہ پر لاکھوں روپے خرچ کرتے ہیں۔ جب کہ روحانی علاج میں خرچ بہت معمولی ہوتا ہے۔ آج کوئی بھی گھر ایسا نہیں جس میں بیمار افراد نہ ہوں۔ اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ ایسا عمل سیکھا جائے، جس کی مدد سے ہر طرح کے امراض کا علاج کیا جا سکے۔ اسی ضرورت کے پیش نظر دار العمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ، عوام کے لئے ایک نورانی عمل پیش کر رہی ہے، جس کو سیکھ کر عام فرد بھی اس قابل ہو جاتا ہے کہ وہ ہر طرح کے مہلک، خطرناک اور جان لیوا امراض سے لے کر معمولی سے معمولی امراض کا علاج بذریعہ دم کر سکتا ہے۔ یہ دم وہ فون پر بھی کر سکتا ہے۔ اور تصور میں بھی دور کے مریضوں کو دم کر سکتا ہے۔

روحانی علاج کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس میں کسی قسم کا کوئی نقصان نہیں۔ اور جو علاج دیا جاتا ہے، وہ ایک ہی وقت میں کئی افراد بھی کر سکتے ہیں۔ یعنی جو روحانی دوا دی جائے گی، وہ گھر کے سبھی افراد استعمال کر سکتے ہیں۔ اس طرح جو مریض ہوں گے، ان کا علاج شروع ہو جائے گا، جو نہیں ہوں گے، ان کی قوتِ مدافعت مضبوط ہوگی۔ نیز جو جسمانی علاج کروا رہے ہوں گے، وہ علاج بھی جلد کام کرے گا اور اس سے کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ ان شاء اللہ

اس عمل کو ہر کوئی سیکھ سکتا ہے۔ طلبائے کرام کے لئے فیس 1600 روپے ہے۔ باقی تمام کے لئے فیس 2100 روپے ہے۔

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

فون دفتر: 042-35033371 موبائل دفتر: 0343-7772772

darulamal.org/ruhanidarsgah, info@darulamal.org

عالم باعمل، عامل کامل، حضرت مولانا خواجہ محمد یٰسین صاحب دامت برکاتہم العالی کے مشکلات اور پریشانیوں سے نجات کے لئے مجرب اعمال

پریشانیوں سے نجات

غم وسختی دور کرنے کا نسخہ مجرب۔ اگر غم وفکر میں پریشان ہے، حیرت وقلق میں، تو یہ دعا پڑھے: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْكَرِیْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ

طریقہ: ہر رات یکصد وگیارہ بار (111) اول آخر درود شریف ہفت ہفت بار پڑھے۔ یہ دعا معظم قیدی کی رہائی کیلئے بھی اسم اعظم کا درجہ رکھتی ہے۔

(بحوالہ کذافی العینی شرح بخاری شریف، مشکوٰۃ شریف ص 212، خیر متین شرح حصن حصین ص 180، کتاب الادعیۃ التعویذات از قطب الارشاد حضرۃ مولانا محمد عبداللہ صاحب بہلوی شریف ثم شجاع آبادیؒ ص 8)

فوائد: گھریلو پریشانیاں، مالی پریشانیاں، کاروباری پریشانیاں، ذہنی پریشانیاں، قرض کی پریشانیاں...... غرضیکہ ہر قسم دینی ودنیوی پریشانیوں کے ازالہ کیلئے خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کا ارشاد گرامی تمام پریشانیوں کے ازالہ کیلئے اکسیر اعظم، تیر بہدف ہے۔ یہ وظیفہ مجرب وبار بار آزمودہ ہے۔

پریشانیوں سے نجات...... حل مشکلات

ظاہری باطنی دشمنوں سے مقدمات میں فتح وکامیابی، مالی پریشانیوں سے نجات، لاینحل مشکلات سے نجات۔ روزانہ باوضو ایک وقت مقرر کرکے سورۂ قریش ایک سو ایک (۱۰۱) بار، اول آخر درود شریف گیارہ بار پڑھ کر عاجزی سے دعا مانگ لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ کے اندر اندر تمام پریشانیوں دور ہو جائیں گی۔ تمام مشکلات سے نجات مل جائے گی۔ اطعمھم پر رزق فراخ کی نیت ہو اور آمنھم من خوف پر دشمنوں حاسدین کا تصور کرکے پڑھ لیا کریں۔ چلتے پھرتے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ **(عطیہ سراج السالکین حضرۃ مولانا محمد عبداللہ صاحب بہلوی قدس سرہ العزیز)**

تمام پریشانیاں دور...... رزق ہی رزق، پیسے ہی پیسے

عطیہ امام الاولیاء شیخ التفسیر حضرۃ مولانا احمد علی صاحب لاہوریؒ، خزینۃ الاسرار ص ۵۵ حضرت شیخ (مولانا غلام حبیب صاحب چکوال والےؒ) کو حضرۃ لاہوریؒ کا عطا کردہ وظیفہ۔ حضرتؒ فرمایا کرتے تھے کہ یہ وظیفہ درحقیقت ایک چیک تھا جو بمنزلہ کیش کے مجھے ملا۔ اس کی برکت سے جو چاہتا، مل جاتا۔ اور حج کے موقعہ پر لاکھوں روپے راہِ خدا خرچ فرماتے۔ **وظیفہ یہ ھے** ہر نماز کے بعد اول آخر ایک ایک مرتبہ درود شریف ابراہیمی نماز والا اور درمیان میں سات مرتبہ سورۂ قریش پڑھیں۔ تحدیث نعمت کے طور پر عرض ہے کہ بندہ ناچیز غلام یاسین عفا اللہ عنہ کو ۱۳۸۶ھ میں حضرت بہلویؒ نے خاص اجازت بخشی۔ اسی روز سے تاحال بندہ کے معمولات میں سے ہے اور اللہ تعالیٰ نے ہر تنگی، ہر پریشانی، ہر مشکل سے بچایا۔ اللہ کا کروڑوں اربوں شکر ہے کہ اس نے گوناگوں نعمتوں سے نوازا ہے۔ الحمد اللہ، ثم الحمد اللہ۔

پریشانیوں سے نجات، فتوحات ودست غیب

عطیہ پیر ومرشد اکابر علمائے حقہ حضرۃ مولانا حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ۔

وظیفہ: یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ نَسْتَغِیْثُ

بعد نماز عشاء، باطہارت کاملہ، روبقبلہ، تین سو تیرہ (313) مرتبہ، اول

وآخر درود ابراہیمی گیارہ بار بلاناغہ پڑھے۔ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ بھی پڑھ سکتے ہیں۔

فوائد: حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس وظیفے کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ تمام غموں اور پریشانیوں سے نجات عطا فرما دیتے ہیں اور روزگار کی وجہ سے پریشان لوگوں پر رزق کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ رزق بارش کی طرح برسے گا۔ مالی پریشانیاں دور ہو کر فرحت و فراوانی حاصل ہو جاتی ہے۔ اگر اس کا رزق سمندر کی لہروں میں ہوگا تو وہاں سے بھی اس کو حاصل ہو جائے گا۔ ہر طرف سے رزق دوڑتا ہوا اس کے گھر داخل ہوگا۔ فتوحات ہی فتوحات ہوں گی۔ اس طرح رزق پہنچے گا کہ اس کو وہم وگمان بھی نہ ہوگا۔ بلکہ سکون قلب اس کے بغیر حاصل ہوتا ہی نہیں ہے اور لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ کثرت سے پڑھا کریں۔ مشکلات اور پریشانیوں کے حل میں یہ انتہائی مجرب ہے کیونکہ رسول رحمت ﷺ کا ارشاد گرامی ہے "لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ جنت کے خزانوں میں سے ہے اور ننانوے بیماریوں کا علاج ہے۔ سب سے چھوٹی مرض فقروفاقہ اور محتاجی ہے"۔ حالانکہ سب بے روزگاری اور فقروفاقہ ومہنگائی میں گھرے ہوئے ہیں، جس کا حل فرمان نبوی ﷺ ہے۔ روزانہ پانچ سو بار پڑھیں۔ اول آخر گیارہ بار درود شریف۔

قضائے حاجات، غم وپریشانیاں دور

عطیہ مولانا محمد موسیٰ خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ روحانی بازی، شیخ التفسیر والحدیث، جامعہ اشرفیہ، لاہور

اگر کسی کو کوئی ایسی حاجت ہو جو کسی بھی طرح سے پوری نہ ہوتی ہو تو ایسی صورت میں چاہئے کہ وہ جمعہ کے دن دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ پھر نماز کی ادائیگی کے بعد گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ یہ کلمات مبارک کہے۔ اس کے بعد اپنی حاجت کیلئے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور حاجت پوری ہوگی۔ قضائے حاجت کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ کلمات مبارکہ یہ ہیں يَابَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَابَدِيْعُ۔ خلوصِ دل سے پڑھے۔ حافظ ثناء اللہ صاحب رحمہ اللہ (ہلوکی، لاہور والوں) نے بھی اس فقیر غلام یاسین کو فرمایا کہ حضرت مولانا محمد موسیٰ خان صاحب قدس سرہ العزیز نے مجھے اس طرح پڑھنے کا بتلایا جو بہت مجرب ہے۔

تمام پریشانیوں سے نجات، تمام مشکلات حل، ہر مقصد پورا

تمام مشائخ، تمام اکابر اولیاء اللہ کا تیر بہدف مجرب المجرب کامیاب عمل۔ روزانہ بارہ دن ایک وقت مقرر کر کے پاکیزہ کامل طہارت کے ساتھ چودہ مرتبہ اول آخر درود شریف نماز والا اور يَابَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَابَدِيْعُ بارہ سو (۱۲۰۰) مرتبہ پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں، یکسوئی کے ساتھ، عاجزی اور زاری سے دعا مانگ لیا کریں۔ جس مقصد کیلئے پڑھیں گے، کامیاب ہوں گے۔

ختم خواجگان چشت کا طریقہ

ہر مشکل اور مہم کے واسطے۔ پہلے وضو کر کے قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے، پہلے دس بار درود شریف (اگر نماز والا درود شریف ابراہیمی پڑھے، تو بہتر ہے) ورنہ جو درود شریف آسانی سے پڑھ سکے، پڑھے۔ اس کے بعد تین سو ساٹھ (360) بار لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ پڑھ کر سورۃ الم نشرح تین سو ساٹھ (360) بار پڑھے۔ پھر یہی دعائے مذکور لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ تین سو ساٹھ (360) بار اور درود شریف دس بار پڑھ کر ختم کرے اور اپنی مراد خدا سے مانگے۔ اسی وقت اسکی دعا قبول ہوگی۔ (کلیات امدادیہ ص 65، عملیات اکابر ص 37)

مولانا محمد ادریس انصاریؒ نے فرمایا مجھے اس ختم خواجگان چشتیہ کی اجازت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ سے ملی۔ مولانا ادریس صاحبؒ فرماتے تھے آخر میں درود شریف بھی تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھیں۔ بندہ ناچیز فقیر یاسین کو بھی اس طرح اجازت فرمائی۔ یہ شرح صدر مقاصد دینی ودنیاوی حل مشکلات کیلئے اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔

حل مشکلات کے واسطے درود شریف ناریہ

اس کا نام درود ناریہ تفریجیہ بھی ہے۔ سرعت تاثیر میں مثل شعلہ ناریہ کے ہے اور اس کی مقدار 4444 بار ہے۔ درود یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلٰوةً كَامِلَةً وَّسَلِّمْ سَلَامًا تَامًّا عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ تَنْحَلُّ بِهِ الْعُقَدُ تَنْفَرِجُ بِهِ الْكُرَبُ وَتُقْضٰى بِهِ الْحَوَائِجُ وَ تَنَالُ بِهِ الرَّغَائِبُ وَ حُسْنُ الْخَوَاتِمِ وَ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَ عَلٰى آلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ فِيْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَّ نَفَسٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ۔

نیز یہ اصل درود شریف ہے (اسرار قدسی ص ۲۵، ۲۶)

تفریج وکروب وتحصیل مطلوب کیلئے عدد مذکور کے ساتھ بہت مفید ہے۔ ہر دن گیارہ بار پڑھنا وسعت رزق کیلئے مجرب ہے۔ جو شخص اس کو بعد نماز کے گیارہ بار پڑھے گا، وہ مراتب اعلیٰ کو پہنچے گا۔ اسی طرح ہر صبح کو اکتالیس بار پڑھنا موجب فلاح وکامیابی ہے۔ اور ہر روز سو بار پڑھنے سے بے شمار فوائد حاصل ہوں۔ امام قرطبیؒ نے پڑھنا، اس کا واسطے تحصیل امر مہم عظیم یا دفع بلائے عظیم کے 4444 بار لکھا ہے، حافظ الدنیا حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے یہی خواص اس عدد 4444 کے ذکر کئے ہیں اور کہا ہے **فانہ اکسیر فی سبب التاثیر**

فوائد؛ یہ درود شریف سخت جلالی ہے۔ اکیس، بائیس یا تئیس آدمی باوضو کامل طہارت سے اپنے مقصد کا ارادہ کرکے فجر کی نماز کے متصل بعد پڑھیں 4444 بار۔ بلا کم وبیش پڑھ کر دعا مانگیں۔ اسی وقت مقصد حاصل ہوگا۔ یہ درود وہ آدمی پڑھیں، جنہوں نے پہلے یاد کر لیا ہوا ہو۔ پڑھنے میں کافی دیر لگتی ہے۔

نماز قضاء حاجات وحل مشکلات

عطیہ شیخ الاسلام سید حسین احمد مدنیؒ۔ یہ نماز بہت مجرب ہے۔ شب جمعہ کو کرلیں تو بہت مفید ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر آفت سے حفاظت اور ہر حاجت پوری ہوگی۔ نماز یہ ہے:

چار رکعت کی نیت کرکے نماز شروع کرے۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۚ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۭ وَكَذٰلِكَ نُـجِي الْمُؤْمِنِيْنَ سو مرتبہ پڑھ کر رکعت پوری کرے۔ دوسری رکعت میں الحمد کے بعد رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ سو مرتبہ پڑھ کر رکعت پوری کرے۔ تیسری رکعت میں الحمد کے بعد سو مرتبہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ پڑھے۔ چوتھی رکعت میں الحمد کے بعد سو مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھ کر نماز پوری کرے۔ بعد نماز کے سر سجدے میں رکھ کر سو مرتبہ رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھے۔ اپنی حاجت اور ضرورت اور مقصد کیلئے عاجزی اور زاری سے دعا مانگے۔

(از مولانا استاد الحدیث مفتی خلیق احمد اخون صاحب فرزند نسبتی (داماد) حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہیدؒ ص 55-56 کتاب الدواء والدعا ص 101)

تنبیہ؛ ہر رکعت میں آیۃ مبارکہ پڑھنے سے قبل ایک بار سورۃ اخلاص پڑھ کر پھر سو سو مرتبہ آیت مبارکہ پڑھیں۔ ابوحنیفۂ ھند حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب کا فتویٰ بھی ہے کہ یہ نماز بڑی عمدہ ہے اور فقہاء حضرات کی تصریح کے مطابق پہلے ایک بار سورۃ اخلاص پڑھ کر پھر ان آیات مبارکہ کو پڑھیں، بڑا مجرب عمل ہے۔

پریشانیوں سے نجات

اگر قافلہ جانے والوں کو رہزنوں سے خطرہ ہے یا کسی کو کسی سخت دشمن سے ڈر ہے یا دشمن اچانک سامنے آگیا ہے، رزق کی پریشانی ہے، قرض ادا کرنے کی پریشانی ہے تو سورۂ قریش اچانک کے وقت جتنا ہوسکے پڑھے۔ اور دوسرے معاملے میں یکصد ویک (۱۰۱) بار، اول آخر درود شریف تین تین بار، پڑھ کر عاجزی سے دشمن کے دفع کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ دفع ہوجائے گا۔ مگر لفظ آمنھم من خوف پر اس کا تصور کرتا رہے (بقیہ ص 92)

دار العمل چشتیہ

1 شعبہ نشر و اشاعت: اسلامی، تصوف، روحانی و عملیاتی، طبی و تربیتی کتب، رسائل، پمفلٹ و پوسٹرز کی اشاعت۔ (darulamal.org/publications)

ماھنامہ خزینۂ روحانیات: ہر ماہ شائع ہونے والا ایک ایسا رسالہ ہے جو روحانی و مخفی علوم کے شائقین کے لئے علوم کا خزانہ ہے۔ روحانی علوم نہایت دلچسپ اور مفصل انداز میں بیان کئے جاتے ہیں۔ ایک خالص روحانی علوم کا حامل مجلہ جو قدم بہ قدم عامل کی رہنمائی کرتا ہے اور آپ کو روحانی دنیا کا تعارف کرواتا ہے اور رابطہ سکھاتا ہے۔ نیز اسلامی معلومات، تصوف، اولیاء اللہ کے حالات، نفسیاتی مسائل اور ان کے حل، نفسیاتی بیماریوں کی معلومات و علاج، معاشرتی مضامین برائے اصلاح عوام، ذہن و جسم کے لئے تربیتی مضامین اور طبی مضامین (ہومیوپیتھی، حکمت، بائیوکیمک، علاج بالغذا وغیرہ) بھی دیئے جاتے ہیں جو کہ عوام کیلئے نہایت مفید ہیں۔ (darulamal.org/magazines/ruhani)

2 روحانی درسگاہ: یہ شعبہ روحانی و مخفی علوم سکھانے کا شعبہ ہے۔ الحمد للہ کثیر تعداد میں طالبین علومِ روحانیات، روحانی علوم سیکھ رہے ہیں۔ ابتداء سے انتہا تک تمام منازل نگرانی میں طے کروائی جاتی ہیں۔ روحانی تشخیص کرنا، جادو اور جنات کا علاج کرنا، حب و بغض کے عملیات، جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج، حصارات اور دفاع کے کثیر اعمال، دشمن سے نمٹنے اور نجات کے اعمال، علم الاعداد، علم النقوش، علم الساعات اور بہت کچھ سکھایا جاتا ہے۔ جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے ان کے لئے نقد صدقہ ادا کر کے سکھانے کا بھی انتظام ہے اور کثیر اعمال ہیں جو نقد صدقہ ادا کر کے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ نیز روحانی عاملین جو بنیادی درجہ حاصل کر چکے ہوں، ان کو بڑے با موکل اعمال بھی سکھائے جاتے ہیں۔ شرعاً جائز کئی اعمال بھی سکھائے جاتے ہیں جو تجربے میں بہت مفید ثابت ہوئے ہیں۔

(darulamal.org/ruhanidarsgah)

3 روحانی علاج گاہ: شریعتِ اسلامیہ کی حدود کے اندر رہتے ہوئے اور کفر و شرک سے بچتے ہوئے قرآنی آیات، مسنون دعاؤں، اکابرین سے ثابت شدہ اعمال و وظائف اور شرعاً جائز عملیات سے ہر قسم کی مشکلات و مسائل کے حل کے لئے کوشش کی جاتی ہے۔ خاص کر جنات اور جادو کا علاج جس میں آج کل عوام و خواص کی اکثریت مبتلا ہے۔ جادو واپس لوٹانا، ہر قسم کی بندش کا توڑ، لڑائی جھگڑے، شادی نہ ہونا، پسند کی شادی، اولاد کا نہ ہونا، معاشی مسائل، تعلیمی مسائل، گھریلو مسائل، نوکری کے مسائل، دشمن کے مسائل، اولاد کی نافرمانی اور غلط راہ پر چلنا، ناجائز تعلقات کی جدائی وغیرہ الغرض اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تمام مسائل و پریشانیوں کا ممکنہ حل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ (darulamal.org/ruhaniilajgah)

4 مطب العارف: جسمانی بیماریوں کے علاج کا شعبہ ہے۔ ہومیوپیتھک، بائیوکیمک، طب یونانی، ریکی، کلر تھراپی، اروما تھراپی، سپیریچوئل ہیلنگ، ہپناٹزم، سائیکو تھراپی اور طب روحانی سے مریض کا علاج کیا جاتا ہے۔ مختلف شعبوں کے ماہرین علاج کرتے ہیں۔ شفاء منجانب اللہ۔ (darulamal.org/matabalaarif)

5 مکتبۃ العارف: روحانی، طبی، دینی اور متفرق کتب و رسائل کی اشاعت کی جاتی ہے۔ نیز مختلف موضوعات پر کتب خصوصی رعایت پر بھی دستیاب ہیں۔ خصوصاً عملیات پر ایک بہت بڑا ذخیرہ شائع شدہ، قلمی بیاضیں، فوٹوسٹیٹ پرانی کتب بھی دستیاب ہیں۔ (darulamal.org/bookshop)

6 لائبریری: مختلف مسالک کے اسلامی، روحانی، طبی، رسائل اور پمفلٹ وغیرہ بھی موجود ہیں۔ خصوصاً عملیاتی کتب کا ایک عظیم ذخیرہ موجود ہے، جس میں شائع شدہ، قلمی بیاضیں، فوٹوسٹیٹ کتب ہیں جو عربی، فارسی، اردو اور انگریزی زبان پر مشتمل ہیں۔ نیز کثیر تعداد میں ماہنامے اور مختلف مجلے قدیم اور جدید بھی موجود ہیں۔ اگر کسی کو کوئی خاص کتاب مطلوب ہو تو اس کی فوٹو کاپی یا scan کاپی مناسب قیمت پر مہیا کی جاتی ہے۔ (darulamal.org/library)

7 شعبہ آڈیو و ویڈیو: محافل قراءت، حدر، ترتیل، مصری قراء کرام کی تلاوتیں، حمد و نعت، بیانات، مکمل قرآن مجید، مناظرے، تراویح، مشاعرے وغیرہ پر مشتمل کیسٹس، سی ڈیز CDs، ڈی وی ڈیز DVDs کی ریلیز و فروخت کی جاتی ہے۔ (darulamal.org/multimedia)

8 آئی ٹی: 30 سے زائد قرآنی فونٹس اور 1000 سے زائد اردو، عربی، فارسی فونٹس کی کلیکشن موجود ہے۔ نیز اپنی مرضی کا فونٹ اپنی مرضی کے Inpage میں سیٹ کیا جاتا ہے۔

(darulamal.org/it)

9 روحانی دکان: روحانی علاج و چلہ کشی میں استعمال ہونے والی اشیاء کی فراہمی کی جاتی ہے۔ مثلاً چھپے ہوئے تعویذات و نقوش، مختلف اقسام کی اگربتی، زعفران، مشک نافہ، مختلف خوشبو اور کوالٹی کے بخور اور بخور دان، عربی و انڈین عطورات کی زبردست ورائٹی، آلہ یکسوئی، الواح وغیرہ۔ (darulamal.org/ruhanishop)

10 ٹرسٹ: دینی و فلاحی کاموں میں معاونت کا شعبہ ہے۔ صدقات، عطیات اور زکوٰۃ کو اس کے صحیح مصرف میں خرچ کیا جاتا ہے۔ مستحق افراد کی کفالت کی کوشش کی جاتی ہے۔ نیز مختلف حوائج و مسائل میں غرباء سے تعاون کیا جاتا ہے۔ (darulamal.org/trust)

11 شعبہ شادی: سنی مسلک کے لوگوں کے لئے رشتے کروانے کا شعبہ ہے۔ طرفین کا رابطہ کروا کر ازدواجی رشتے میں منسلک کروانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ صرف رجسٹریشن فیس ایک ہزار (1000) روپے ہے۔ رشتہ طے ہونے کی کوئی فیس نہیں۔ جو جس کی خوشی ہو، وہ ادارے کے ٹرسٹ میں جمع کروا سکتا ہے۔ نیز صرف فون پر رابطہ کروایا جاتا ہے، نہ ساتھ جاتے ہیں، نہ ہی کوئی ذمہ داری لی جاتی ہے۔ (darulamal.org/matrimonial)

رابطہ 0343-7772772, 0322-4773786
پوسٹ بکس نمبر 9118، پوسٹ کوڈ 54570، لاہور۔ فون نمبر 042-35033371 E-mail: info@darulamal.org

مشکلات اور پریشانیوں سے نجات کیلئے اسماء الحسنیٰ کے اعمال

مرتب: شعبہ روحانی علاج، دار العمل چشتیہ، لاہور

یا اللہ کا عمل ہر مشکل کے حل کے لئے

ایک نشست میں ایک زانو ہو کر ایک ہزار (۱۰۰۰) بار **یا اللہ** پڑھنے سے اللہ تعالیٰ جو بھی مشکل ہو، اس کو حل فرمائیں گے۔

....................*..........*..........*

یا رحمٰن کا عمل، مصیبت دور کرنے کے لئے

بعد نمازِ عشاء یا تہجد، دو رکعت نفل مشکل دور ہونے کی نیت سے پڑھیں۔ اس کے بعد گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ **یا رحمٰن** پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ ان شاء اللہ، جو بھی مصیبت ہوگی، دور ہو گی۔

....................*..........*..........*

مصیبت سے نجات

رات کو بعد نمازِ عشاء دو رکعت نماز برائے دفع مصیبت پڑھے۔ پھر کلامِ ہٰذا اکیس (۲۱) مرتبہ جس کے پہلے و بعد میں اکیس اکیس مرتبہ درود شریف پڑھے اور اپنا مطلب دل میں رکھ کر سو جائے۔ ان شاء اللہ، مصیبت سے نجات ملے گی۔ کلام یہ ہے: يَا رَحْمٰنُ بِحَقِّ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ

....................*..........*..........*

ہر مشکل کے حل کے لئے

جو شخص اسم **خَالِقُ** کو پانچ ہزار ایک سو پندرہ (۵۱۱۵) بار خالی مکان میں پڑھے اور مشکل سے نجات کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ، بہت جلد حاجت پوری ہوگی۔

....................*..........*..........*

ہر مشکل کے حل کے لئے یا وھاب کا وظیفہ

وضو کے بعد دو رکعت نماز حاجت پڑھیں اور پھر سجدہ میں جا کر ایک سو بار **یَا وَهَّابُ** پڑھیں۔ اگر ممکن ہو تو صحن میں یہ عمل کریں یعنی سر پر آسمان ہو۔ چالیس یوم میں وہ مشکل دور ہو جائے گی۔ ان شاء اللہ

....................*..........*..........*

سخت اور بڑی مشکل کے حل کے لئے

اگر کوئی شخص کسی بڑی اور سخت مشکل میں گرفتار ہو جائے تو اس کی خلاصی کے لئے اس کے متعلقین اکیس ہزار (۲۱۰۰۰) مرتبہ **یَا فَتَّاحُ** کو سات یوم بلا ناغہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ، وہ شخص مشکل سے نکل جائے گا۔

....................*..........*..........*

ہر پریشانی سے نجات کے لئے یا فتاح کا عمل

ہر فرض نماز کے بعد تین سو تیرہ (۳۱۳) یا گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ **یَا فَتَّاحُ** پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔ ان شاء اللہ، ہر پریشانی سے نجات ملے گی۔

....................*..........*..........*

ہر پریشانی دور ہو

دو رکعت تحیۃ الوضو ادا کر کے ایک سو مرتبہ **یا لطیف** پڑھ کر دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ پریشانی دور ہو گی۔

....................*..........*..........*

ہر مشکل و پریشانی کے حل کے لئے یا لطیف کا عمل

ہر فرض نماز کے بعد ایک سو انتیس (۱۲۹)، تین سو تیرہ (۳۱۳) یا گیارہ

سو (۱۱۰۰) مرتبہ **یالطیف** پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں۔ جیسی مشکل ہو، اسی تعداد میں پڑھا جائے۔ یعنی زیادہ بڑی ہوتو زیادہ تعداد، معمولی ہوتو کم تعداد کا انتخاب کریں۔ اول و آخر کوئی سا درود شریف سات یا گیارہ مرتبہ پڑھ لیں۔

................*........*........*

ہر قسم کی تکالیف دور کرنے کے لئے

جو شخص اسم **اَلْغَفُوْرُ** کو تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھے گا، اس کی تمام تکالیف اور رنج و غم دور ہوں گے۔

................*........*........*

مشکل سے نجات کے لئے

یَا كَبِيْرُ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا تَهْتَدِی الْعُقُوْلُ بِوَصْفِ عَظْمَتِهٖ یَا كَبِيْرُ

مشکل سے نجات کے لئے تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ پڑھے۔

................*........*........*

ہر پریشانی سے حفاظت و نجات

چلتے پھرتے **یا وکیل** پڑھنے سے جو بھی پریشانی ہو، اس سے نجات مل جاتی ہے اور آئندہ پریشانیوں سے حفاظت بھی رہتی ہے۔

................*........*........*

ہر مشکل کے حل کے لئے

یاحی یاقیوم کی کثرت کرنا، ہر مشکل کے حل کے لئے مجرب ہے۔

................*........*........*

سخت ترین مشکل سے نجات کے لئے یاقیوم کا تین روزہ عمل

سخت ترین مشکل میں ایک فرد یا تین افراد مل کر اکیس ہزار (۲۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ تین یوم تک **یَا قَيُّوْمُ** کا ورد کریں۔ ان شاء اللہ جلد مشکل آسان ہوگی۔

................*........*........*

اللہ الصمد کا عمل برائے حل المشکلات

عروجِ ماہ میں اتوار کی رات سے آغاز کرنا ہے۔ روزانہ ستر (۷۰) مرتبہ **ایاك نعبد و ایاك نستعین** اور ستر (۷۰) مرتبہ **اللہ الصمد** پڑھ کر کھڑے ہو کر اس دعا کو اکیس (۲۱) بار پڑھیں

اللّٰھم یامغیث اغثنی

ان شاء اللہ اکیس یوم کے اندر اندر مشکل دور ہوگی۔ اول و آخر سات بار کوئی سا درود شریف۔ وظیفہ کی مدت اکیس یوم ہے۔ اگر اکیس یوم سے پہلے مشکل حل ہوجائے تو بھی اکیس یوم پورے پڑھنا ضروری ہیں۔

................*........*........*

اللہ الصمد سے سات یوم میں مشکل حل ہو

نئے چاند کی شب اتوار کو بعد نماز عشاء کوئی وقت مقرر کر کے یہ عمل شروع کریں۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور پانچ ہزار (۵۰۰۰) مرتبہ **اللہ الصمد** پڑھیں۔ پھر اکیس مرتبہ یہ عمل پڑھیں:

"بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الصمد یا اللہ یا اللہ بحرمت محمد رسول اللہ محمد رسول اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم"۔ پھر اپنی مشکل دور ہونے کا سوال کریں۔ ان شاء اللہ سات یوم میں ہی پریشانی سے نجات ملے گی۔

................*........*........*

اللہ الصمد کا عمل، ہر مشکل کے حل کے لئے

ہر فرض نماز کے بعد تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں۔ ہر مشکل آسان ہوگی۔

................*........*........*

مشکل آسان کرنے کے لئے

جو شخص مشکل کے وقت اکتالیس (۴۱) مرتبہ اس اسم **یَا قَادِرُ** کو پڑھ لے، اس کی مشکل آسان ہوجائے گی۔

ہر مشکل سے نجات کے لئے

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَام بعد نمازِ عشاء، ایک سو مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ ہر مشکل آسان ہوگی۔

یاباقی سے ہر مشکل کا حل

یَابَاقِیُ کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ جو بھی مشکل ہوگی، بفضلِ تعالیٰ حل ہوگی۔

یاصبور سے ہر مشکل کا حل

یَاصَبُوْرُ کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ، سات دن تک پڑھیں۔ جو بھی مشکل ہوگی، بفضلِ تعالیٰ، حل ہوگی۔

مشکلات سے نجات کے لئے

یَادَائِمُ بِلَا فَنَاءٍ وَّلَا تَدَالَ لِمُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَادَائِمُ

مشکلات سے نجات کے لئے تین روزے رکھے اور فجر کی نماز کے بعد تین سو (۳۰۰) مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

ہر مصیبت و پریشانی سے نجات

سات روز تک روزانہ سات سو (۷۰۰) مرتبہ **یا وکیل یا کفیل** پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے مشکلات سے نجات کی دعا مانگیں۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔

ہر مشکل کے حل کے لئے

یا رحمٰن یا سلام کو چار سو انتیس (۴۲۹) مرتبہ روزانہ صبح و شام پڑھنا ہر مشکل کے حل کے لئے مجرب ہے۔

ہر پریشانی سے نجات کا ایک خاص عمل

فجر کی نماز کے بعد قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ جائیں اور ایک سو (۱۰۰) بار کوئی بھی درود شریف پڑھیں۔ پھر پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھیں۔ پھر درج ذیل ترتیب سے یہ اسماء الحسنیٰ پڑھیں

یَا فَتَّاحُ .... ایک سو (۱۰۰) بار

یَا وَهَّابُ .... ایک سو (۱۰۰) بار

یَا رَزَّاقُ .... ایک سو (۱۰۰) بار

یَا مُعِزُّ .... ایک سو (۱۰۰) بار

یَا سَلَامُ .... ایک سو (۱۰۰) بار

اس عمل کو کر کے اپنی مشکل سے نجات کے لئے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ، بہت جلد مشکل سے نجات ہو جائے گی۔

برائے دفع پریشانی

اگر کوئی ایسی پریشانی میں مبتلا ہو کہ کسی علاج سے دفع نہ ہو تو جمعہ کے دن، عصر کی نماز پڑھ کر غروب آفتاب تک یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم تنہائی میں ورد کرنے سے پریشانی سے نجات مل جائے گا۔ مجرب ہے۔

مشکلات سے نجات

مشکلات سے نجات کے لئے ستر (۷۰) مرتبہ درج ذیل عمل کو رات کے وقت قبلہ رو بیٹھ کر پڑھیں:

یاحی یا حلیم یا عزیز یا کریم

اس سخت کام کو آسان کر

بحق ایاك نعبد و ایاك نستعین

فہرست کتب مکتبہ العارف

نادر کتب عملیات، تعویذات، وظائف، حاضرات، رمل، جفر، نجوم، پامسٹری، جنات، جادو، آسیب وغیرہ (فوٹوسٹیٹ مجلد)

روحانی، عملیاتی، طبی اور تصوف کے موضوع پر فوٹوسٹیٹ کتب کی مکمل فہرستیں طلب فرمائیں۔ اور جلد ہی اپنا آرڈر بک کروائیں۔

نام کتاب	تعارف کتاب	صفحات	اشاعت	قیمت
اصطلاح العملیات	(سید رضی حسین جونپوری)	112		190
الدر النظیم فی خواص القرآن العظیم (اردو)	(ابو محمد عبداللہ یمنی) قرآنی سورتوں کے آداب وخواص، حروف، اسمائے حسنیٰ، تعویذ بنانے کا طریقہ، بعض آیات کے خصوصی اعمال۔	172	لاہور 1332ھ	285
اعمال حب وتسخیر	(ترجمہ مولوی عبدالعزیز کامل) حکیم امام الدین اوران کے ہم عصر بزرگوں کے اعمال	66	لاہور	190
اسرار اسم اعظم	(حضرت خواجہ حسن نظامیؒ) اس کتاب میں خواجہ صاحب نے اپنے خصوصی اوراد ووظائف اور تعویذات درج کردیئے ہیں۔	144	لاہور	250
اعمال رزق حلال	(فیصل حمید) مجرب اعمال وسعت رزق، حصول ملازمت، ترقی، ادائیگی قرض، وسعت کاروبار، بندش کاروبار، برکت دکان، دفع افلاس وغیرہ	72	دستی	225
اعمال قیرفت	عداوت، جدائی، دشمنی کے اعمال کا نایاب مجموعہ	77	قلمی کا عکس	375
الخمر الاحمر	(راجہ فیصل حمید) عملیات، جفر اور نجوم کے باہمی پیوند سے تیار شدہ انتہائی قیمتی اور مجرب الواح، ہفت کواکب کے عملیات کا خزانہ مکمل حل کے ساتھ	121	قلمی کا عکس	350
بیاض اکسیر العین زاہدی	(حافظ زاہد محمود جمال لاہوری)			300
بیاض نینوی	(حاجی احمد نینوی) طب وحکمت اور عملیات کی قدیم ترین بیاض	186	قلمی کا عکس	375
کشکول مجددی	(حکیم صوفی محمد فاروق جان مجددی) تعویذات ونقوش کا مجموعہ	44 بڑا سائز	قلمی کا عکس	375
گلشن اسرار لاہوت وناسوت	عملیات کی اٹھارہ عجیب وغریب کتابوں کا ترجمہ اردو میں	426	لاہور 1344ھ	600
گلدستہ مجربات وعملیات	(حافظ زاہد محمود سلامتپوری) المعروف اکسیر طب وعملیات	400	قلمی کا عکس	750
مجرب اعمال وتعویذات	بیماریوں کے روحانی علاج، سورتوں کے خواص، کاروبار میں ترقی، حصول برکات کے اعمال اور ہر قسم کی ضرورت کے نقوش۔	80	پرانی کتاب قلمی کا عکس	280
مجربات کاملین ملائکۃ الافلاک (کامل 3 حصے یکجا)	(ابو محمد کاشف میاں شفیق حسین قادری چشتی) مجرب اعمال پر ایک جامع کتاب	401	بہاولپور	640

المکتبۃ العارف، دار العمل چشتیہ

042-35033371, 0322-4773786, 0332-4487877

darulamal.org/bookshop, info@darulamal.org

مشکلات اور پریشانیوں سے نجات کیلئے قرآنی کے اعمال

مرتب: شعبہ روحانی علاج، دارالعمل چشتیہ، لاہور

ہر مشکل مہم کے لئے تسمیہ کا عمل

نمازِ عصر کے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قبلہ کی طرف منہ کر کے اذان مغرب تک پڑھتا رہے۔ جب مؤذن اذان شروع کرے۔ یہ سجدہ میں چلا جائے اور اپنی حاجت سجدے میں عرض کرے۔ جب مؤذن اذانِ مغرب ختم کرلے تو یہ اپنے سر کو سجدے سے اٹھائے اور ہاتھ اٹھا کر درود شریف پڑھے اور مؤمن مرد وعورت کے لئے دعائے خیر کر کے نمازِ مغرب میں شامل ہوجائے۔ یہ عمل بلاناغہ روزانہ کرنا ہے۔ اس عمل کے دوران کسی سے بات نہ کرے اور نہ کسی دوسری طرف متوجہ ہو۔ یہ عمل مسجد میں کرے تو زیادہ بہتر ہے۔ اس طرح مغرب کی جماعت بھی ضائع نہیں ہوگی۔

................*........*........*

ہر مشکل کے حل کے لئے

ہر فرض نماز کے بعد ایک سو مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی مشکل سے نجات کی دعا مانگیں۔ ان شاءاللہ، ایک ہفتہ کے اندر ہی مشکل سے نجات مل جائے گی۔

................*........*........*

مشکل سے نجات کے لئے سورۂ فاتحہ کے اعمال

①...... ہر مشکل اور اہم کام کے لئے سورۂ فاتحہ معہ بسم اللہ شریف کے چالیس (۴۰) بار روزانہ پڑھنا مجرب ہے۔ لیکن فجر کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اس ترکیب سے پڑھنا عظیم تاثیر رکھتا ہے۔

اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمد للہ رب العٰلمین۔ الرحمٰن الرحیم۔ اس جگہ الرحمٰن الرحیم کو دو مرتبہ کہے اور اپنے دلی مقصد کا خیال کرے۔ پھر سورۃ مذکورہ پوری کرلے۔ اور جب لفظ امین پر پہنچے تو تین مرتبہ آمین کہے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ، ہر مشکل حل ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔ پابندی شرط ہے۔

②...... دینی یا دنیاوی مقصد میں کامیابی اور بڑی سے بڑی مشکل کے حل کے لئے سورۃ الفاتحہ (الحمد مکمل بمعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم) باوضو ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی اور بڑی سے بڑی مشکل چاہے، دین کی ہو یا دنیا کی حل ہوجائے گی۔ مجرب ہے۔

③...... نوچندی اتوار سے عمل کا آغاز کریں۔ کوئی ایک وقت مقرر کر کے سورۂ فاتحہ کو بسم اللہ کے میم کے ساتھ ملا کر، ستر (۷۰) مرتبہ پڑھیں۔ اوّل و آخر سات بار درود شریف۔ اور دعا مانگیں۔

روز اُسی وقت پر دس کم کر کے پڑھیں۔ ہفتہ کے روز دس (۱۰) بار پڑھا جائے گا۔ یہ ایک بار عمل مکمل ہوا۔ اس طرح لگاتار پانچ بار کریں۔ ان شاءاللہ، جو بھی مشکل یا پریشانی ہوگی، حل ہوگی۔

④...... سورۂ فاتحہ کو نمازِ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس بار چالیس یوم تک پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جو بھی پریشانی یا مشکل ہو گی، وہ دور ہوجائے گی۔

⑤...... درج ذیل ترکیب سے سات یوم تک، ایک وقت، قبلہ رو کھڑے ہو کر پڑھیں۔ ان شاءاللہ ساتویں دن، مقصد پورا ہوگا۔

اتوار کے دن...... اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ پانچ سو دو (۵۰۲) مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔

پیر کے دن...... الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ پانچ سو چھپن (۵۵۶) مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔

منگل کے دن...... مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؁ دوسو گیارہ (۲۱۱) مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔

بدھ کے دن...... اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؁ آٹھ سو چھتیس (۸۳۶) مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔

جمعرات کے دن...... اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ؁ ایک ہزار چالیس (۱۰۴۰) مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔

جمعہ کے دن...... صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔

ہفتہ کے دن...... غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ؁ چار ہزار ستر (۴۰۷۰) مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔

....................*..........*..........*

سورۂ بقرہ کا عمل ہر مشکل کے حل کے لیے

سورۂ البقرۃ سات مرتبہ جس مشکل کے حل کی نیت سے پڑھیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، اس میں کامیاب ہوں گے۔

....................*..........*..........*

مشکل حل ہوجائے

اگر کسی پر کوئی ایسی مشکل آن پڑی ہو کہ جس سے نکلنے اور بچنے کی اسے کوئی راہ دکھلائی نہ دیتی ہو اور اس وجہ سے وہ بہت زیادہ پریشان ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اکہتر (۷۱) مرتبہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پڑھے۔

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا، يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ

﴿سُوْرَةُ الْبَقَرَة: ۲۵۷﴾

پڑھنے کے بعد مشکل کے حل کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ سات یوم تک بلاناغہ ہر نماز کے بعد یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ چند دنوں میں ہی مشکل حل ہوجائے گی۔ پروردگارِ عالم پردہ غیب سے ایسے اسباب پیدا فرما دے گا کہ جس سے مشکل حل ہو جائے گی اور پریشانی راحت میں بدل جائے گی۔

....................*..........*..........*

سخت مشکل کے حل کے لیے سورۂ انعام کا عمل

ایک جلسہ میں اکتالیس (۴۱) بار سورۂ انعام پڑھیں۔ ان شاء اللہ، کیسی ہی مشکل و پریشانی ہو، ختم ہوجائے گی۔

....................*..........*..........*

سورۂ توبہ سے ہر مشکل سے نجات

جس شخص کو سخت مشکل درپیش ہو تو سورۂ التوبہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی۔

....................*..........*..........*

سورۂ یونس سے مشکلات کا حل

سورۂ یونس کو تیرہ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ، جو بھی مشکل و پریشانی ہو، دور جائے گی۔ تین دن لگاتار پڑھیں۔ بہتر وقت شب بدھ، شب جمعرات اور شب جمعہ ہے۔

....................*..........*..........*

ہر مشکل کے حل کے لیے سورۂ مریم کا عمل

جو کوئی سورۂ مریم روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے، اس کی ہر مشکل دور ہو گی۔

....................*..........*..........*

جائز حاجت اور پریشانی سے نجات

اگر کسی کی نیک اور جائز حاجت ہو یا کسی پریشانی میں مبتلا ہو تو وہ ہر نماز کے بعد صدقِ دل اور خلوص نیت کے ساتھ تنہائی میں بیٹھ کر اللہ تعالیٰ سے یہ دعا اکیس مرتبہ مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اس کی حاجت پوری ہو جائے گی اور مشکل سے نجات مل جائے گی۔ قرآن پاک کی سورہ قصص میں مذکور یہ دعا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مانگی تھی اور اللہ تعالیٰ سے رزق طلب فرمایا تھا۔ یہ مقبول اور پُراثر دعا ہے: رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ

خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿سُوْرَةُ الْقَصَصِ: ۲۴﴾

..................*.........*.........*

پریشانیوں سے نجات کے لئے سورۂ یٰس کے اعمال

۱ ...... ایسی مشکل جو آسان نہ ہوتی ہو اور بہت پریشانی ہو تو پچیس (۲۵) مرتبہ سورۂ یٰس پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، مشکل آسان ہو جائے گی۔

۲ ...... سورۂ یٰسین کو اکتالیس مرتبہ روزانہ بدھ سے جمعہ، تین دن پڑھیں۔ وحدت مکان اور وحدت زمان اس میں شرط ہے۔ پڑھتے وقت اپنے سرین کو زمین سے نہ اٹھائیں۔ عمل ختم ہونے پر اس طرح دعا مانگی جائے:

''الٰہی بحرمت حضرت محمد الرسول ﷺ اور برکت خواجگانِ چشت میری مشکل حل فرما''۔

..................*.........*.........*

ہر پریشانی سے نجات کے لئے

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ

﴿سُوْرَةُ الشُّوْرٰى: ۱۹﴾

اگر ہر روز ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھے تو جو بھی پریشانی ہو گی، ختم ہو جائے گی۔

..................*.........*.........*

ہر مشکل کے حل کے لئے سورۂ ملک کا مجرب ختم

سورۂ ملک کو ایک ہی جلسہ میں اکتالیس (۴۱) بار پڑھیں۔ ان شاء اللہ، جملہ مشکلات حل ہوں گی۔

..................*.........*.........*

پریشانیوں سے نجات کے لئے سورۂ مزمل کے اعمال

۱ ...... سورۂ مزمل کو نمازِ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان گیارہ بار پڑھیں۔ اول و آخر سات بار درود شریف۔ اسی عمل کو نمازِ عشاء کے فرضوں کے بعد یعنی فرضوں اور سنتوں کے درمیان پڑھیں۔ ان شاء اللہ، چند روز میں جو بھی مشکل ہو گی، اللہ تعالیٰ کے فضل سے دور ہو گی۔

۲ ...... سورۂ مزمل کو بروز منگل، ستاون (۵۷) بار پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔ پھر اپنی پریشانی دور ہونے کے لئے دعا کریں۔

۳ ...... جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۂ مزمل کو پڑھے گا تو رب العزت اس سے اس کی مصیبت کو دور فرما دے گا۔

۴ ...... روزانہ بعد از نمازِ فجر، سورۂ مزمل کو اس طرح پڑھیں کہ اس سورت میں چار جگہ آنے والی ان چار آیات کو تین تین بار پڑھیں۔

پہلی: رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝۹

دوسری: وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ

تیسری: يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ

چوتھی: وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۲۰

عمل پورے ہوتے ہی حاجات پوری ہوں گی۔ ان شاء اللہ۔

..................*.........*.........*

ہر مشکل کے حل کے لئے

بعد نمازِ مغرب دو رکعت نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ بار سورۂ زلزال پڑھیں۔ سلام کے بعد دعا کریں۔ ان شاء اللہ، جو بھی مشکل ہو گی، دور ہو گی۔ مدت زیادہ سے زیادہ چالیس یوم۔

..................*.........*.........*

ہر پریشانی سے نجات کے لئے سورۂ قریش کا عمل

سورۂ قریش ایک سو مرتبہ بعد نمازِ عشاء ایک ہی نشست میں پڑھا کرے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ پریشانی سے نجات ملے گی۔

..................*.........*.........*

پریشانیوں سے نجات کے لئے سورۂ اخلاص کے اعمال

۱ ...... اول غسل کر کے پاکیزہ لباس پہنیں۔ ہاتھ میں سرخ عقیق یا فیروزہ کی

انگوٹھی ہو (اگر نہ ملے تو نہ پہنے)۔ خلوت میں بیٹھے اور کسی سے بات نہ کرے۔ دو رکعت نمازِ حاجت پڑھے اور سورۃ الحمد کے بعد جو سورت چاہے، پڑھے۔ بعد میں اناسی (۷۹) بار سورۃ الم نشرح پڑھے۔ پھر ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ درود شریف پڑھے اور سات دفعہ سورۃ فاتحہ پڑھے۔ پھر سجدے میں جائے اور حضورِ قلب سے اپنی حاجت درگاہِ باری تعالیٰ میں عرض کرے۔ ان شاء اللہ جو بھی دعا مانگی جائے گی، مقبول ہوگی۔ عمل کی ابتداء شبِ جمعہ کو کی جائے۔ اگربتی سلگائیں۔ اگر جمعرات کو روزہ بھی رکھ کر عمل کریں تو بہتر ہے۔

۲..... سات روز تک ہر روز نمازِ فجر کے بعد ایک سو بار سورۃ اخلاص پڑھیں۔ سلام کے بعد کسی سے بات نہیں کرنی۔ ان شاء اللہ ایک ہفتہ میں مشکل دور ہوگی۔

۳..... اٹھارہ (۱۸) روز تک ہر روز تین مرتبہ سورۃ اخلاص اس طرح پڑھے کہ اللہ الصمد کی ہزار مرتبہ تکرار کرے۔ ہر روز سورۃ اخلاص پڑھنے کے بعد ایک مرتبہ سورۃ فتح کی آیت ۲۹ پڑھے۔ خلوت میں باطہارت، قبلہ کی طرف منہ کرکے پڑھے۔ ان شاء اللہ مشکل حل ہوگی۔ آیت یہ ہے:

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّاۗءُ عَلَي الْكُفَّارِ رُحَمَاۗءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۡ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ڔ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۾ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْــَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰي سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۭ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝ ۲۹

۴..... اکتالیس مرتبہ اکتالیس روز تک سورۃ اخلاص پڑھ کر تیرہ بار یہ دعا پڑھیں:

يَامُفَتِّحُ فَتِّحْ يَامُفَرِّجُ فَرِّجْ يَامُسَبِّبُ سَبِّبْ يَامُبَشِّرُ بَشِّرْ يَامُسَهِّلُ سَهِّلْ يَامُدَبِّرُ دَبِّرْ يَامُتَمِّمُ تَمِّمْ بِرَحْمَتِكَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

اللہ تعالیٰ کے حکم سے جو بھی مشکل ہوگی، دور ہو جائے گی۔

۵..... سورۃ اخلاص کو روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھیں تو جو مشکلات بھی ہوں، بفضلِ تعالیٰ، حل ہوں گی۔

..........................*.............*.............*

آیتِ کریمہ کے اعمال برائے حل المشکلات

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ڰ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۭ وَكَذٰلِكَ نُـْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (الانبیاء: 88-87)

کسی بھی مشکل سے نجات کے لئے اس آیت کا ورد بہت مجرب ہے۔ اس کے دو طریقے لکھے جاتے ہیں

۱..... آیت کریمہ کو سوا لاکھ مرتبہ اجتماعی حالت میں ایک مجلس میں پڑھا جائے۔ اور پھر دعا کی جائے۔

۲..... ایک شخص اس آیت کو اکیلے تین سو بار بعد نمازِ عشاء اندھیرے کمرے میں بیٹھ کر باوضو اور قبلہ رو ہو کر پڑھے۔ ایک پیالہ پانی کا پاس رکھے۔ اور تھوڑی دیر بعد اس پانی میں اپنا ہاتھ ڈال کر بدن اور منہ پر پھیرتا رہے۔ تین روز یا سات روز یا چالیس روز تک اسی ترتیب سے پڑھے۔

..........................*.............*.............*

صلوٰۃ کن فیکون

یہ نماز خاص رازوں میں سے ایک راز ہے۔ یہ اولیاء اور صوفیاء کے ہاں تو ملتی ہے، مگر عالمین اور عوام کو زیادہ معلوم نہیں ہے۔ اس نماز کی خاصیت یہ ہے کہ ایک ہی بار پڑھ کر جس مشکل سے نجات کی دعا مانگی جاتی ہے، اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس سے نجات عطا فرماتے ہیں۔ طریقہ یہ ہے:

شبِ جمعہ کے اخیر پہر میں دو رکعت نماز خلوت میں پڑھی جائے۔ اول رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ انعام آیت ۹۳ تک پڑھی جائے۔ پھر

رکعت کو مکمل کریں۔ دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ انعام آیت ۹۴ سے آخر تک پڑھی جائے۔ سلام کے بعد ایک سو مرتبہ نبی کریم ﷺ اور ان کی آل پر درود بھیجیں۔ پھر اپنے مقصد کا اللہ ﷻ سے سوال کریں۔

..................*.........*.........*

ہر مشکل کے حل کے لئے

نمازِ فجر کے بعد یہ عمل پڑھ کر دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دعا قبول ہو گی اور تمام پریشانیاں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ختم ہو جائیں گی۔

بِسْمِ اللهِ وَ صَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ۔ وَ اُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللهِ ؕ اِنَّ اللهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ۔ فَوَقٰىهُ اللهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَ كَذٰلِكَ نُـْۨجِي الْمُؤْمِنِيْنَ۔ حَسْبُنَا اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ۔ مَا شَآءَ اللهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ مَا شَآءَ النَّاسُ۔ مَا شَآءَ اللهُ وَ اِنْ كَرِهَ النَّاسُ۔ حَسْبِيَ الرَّبُّ مِنَ الْمَرْبُوْبِيْنَ۔ حَسْبِيَ الْخَالِقُ مِنَ الْمَخْلُوْقِيْنَ۔ حَسْبِيَ الرَّازِقُ مِنَ الْمَرْزُوْقِيْنَ۔ حَسْبِيَ اللهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ۔ حَسْبِيْ مَنْ هُوَ حَسْبِيْ۔ حَسْبِيْ مَنْ لَّمْ يَزَلْ حَسْبِيْ حَسْبِيْ مَنْ كَانَ مُذْ كُنْتُ لَمْ يَزَلْ حَسْبِيْ حَسْبِيَ اللهُ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔

..................*.........*.........*

ہر مشکل سے نجات کی خاص نماز

ہر طرح کی جائز حاجت کے لئے یہ عمل بہت ہی پُر اثر ہے۔ چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک سو مرتبہ یہ آیت پڑھیں:

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَ كَذٰلِكَ نُـْۨجِي الْمُؤْمِنِيْنَ

دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک سو مرتبہ یہ پڑھے

رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ

تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک سو مرتبہ یہ پڑھے

وَ اُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللهِ ؕ اِنَّ اللهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ۔

چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک سو مرتبہ یہ پڑھے

حَسْبُنَا اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

رکوع و سجود مکمل کر کے جب سلام پھیرے تو ایک سو مرتبہ یہ پڑھے

رَبِّ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

بفضلِ باری تعالیٰ، جو بھی اللہ تعالیٰ سے مانگے گا، اسے حاصل ہو گا۔

..................*.........*.........*

ہر حاجت پوری ہو، ہر مشکل کا حل ہو

جتنے مفرد مقطعات حروف قرآن شریف میں ہیں، ان سب کو انگشتری پر کندہ کرا کر جو شخص اپنے پاس رکھے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی سب حاجتیں پوری ہوں گی، ہر مشکل حل ہو گی اور زندگی بخیر و خوبی بسر ہو گی۔

دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ

ان تمام صاحب حیثیت مسلمان بہن بھائیوں سے جو دردمند دل رکھتے ہیں، گذارش ہے کہ نقد اور اجناس کی صورت میں اللہ تعالیٰ کی عطا کی ہوئی نعمتوں سے ان مسلمان، بہنوں، بھائیوں اور بچوں کی مدد کریں جو ان نعمتوں سے محروم ہیں۔

دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ درج ذیل شعبہ جات میں مستحق مسلمان بہنوں اور بھائیوں کی مدد کے لئے آپ کے تعاون کا طلبگار ہے۔

فی الحال مندرجہ ذیل شعبوں میں ادارہ اپنی خدمات فراہم کر رہا ہے۔

تعلیم

ایسے طلباء وطالبات جو تعلیم جاری رکھنا چاہتے ہیں لیکن وسائل نہ ہونے کی بناء پر مشکلات کا شکار ہیں ان کو فیس، درسی کتب وغیرہ فراہم کرنا۔

علاج

ایسے خواتین وحضرات جو بیمار ہیں اور مالی مشکلات کی وجہ سے اپنا علاج معالجہ نہیں کروا سکتے۔ ان کو علاج معالجہ کے لئے وسائل مہیا کرنا۔

لباس

ہمارے بہت سے ایسے بہن بھائی ہیں، جو پہننے کے لئے کپڑے نہیں بنا سکتے۔ ایسے بہن بھائیوں کو نیا یا استعمال شدہ لباس فراہم کرنا۔

خوراک

اس مہنگائی کے دور میں جن غریب گھرانوں میں اشیائے خوردونوش کی قلت ہے، ان گھرانوں غذائی اجناس فراہم کرنا۔

شادی

شعبۂ شادی میں غریب گھروں کی بیٹیوں کی شادی کے لئے امداد کی جاتی ہے۔ نیز معزز اور شریف گھرانوں کے رشتے بھی کروائے جاتے ہیں۔

مالی امداد

مستحق مقروض افراد جن کے قرض ادا کرنے کی کوئی سبیل نہیں، ان کی تحقیق کی بعد امداد کی جاتی ہے۔ اس شعبہ میں نقد رقوم کی بہت ضرورت ہے۔

نقد عطیات پاکستان میں میزان بینک کی کسی بھی برانچ میں بنام خالد مقبول، اکاؤنٹ نمبر 02127660000077 علامہ اقبال ٹاؤن برانچ، لاہور میں جمع کروائے جاسکتے ہیں۔ اجناس کی صورت میں عطیات دفتر دارالعمل چشتیہ، 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور پر بھجوائے جاسکتے ہیں۔ **رابطہ** 042-35033371, 0322-4773786

Web: darulamal.org/trust, E-mail: info@darulamal.org

◆ مہربانی فرما کر عطیہ دیتے وقت یہ تحریر فرمائیں کہ آپ کس مد (یعنی زکوٰۃ، صدقہ، خیرات یا کوئی اور) میں عطیہ دے رہے ہیں۔

◆ طلب کرنے پر مستحق افراد کا نام و پتہ دیا جاتا ہے۔ ◆ اللہ تعالیٰ معاونین کی جملہ شرعی حاجات پوری فرمائے اور مشکلات دور فرمائیں۔ (آمین)

مشکلات اور پریشانیوں سے نجات کیلئے درود شریف کے اعمال

مرتب: شعبہ روحانی علاج، دار العمل چشتیہ، لاہور

دس دن میں پریشانی اور سختی سے نجات

اس درود شریف کو دس رات، روزانہ ایک ہزار بار پڑھا جائے۔ اچھی خوشبو جلا کر پڑھنا ہے۔

اللھم صل علی سیدنا محمد وعلی الہ وصحبہ اجمعین الحبیب الشفیع الرؤوف الرحیم الذی اخبر عن ربہ الکریم

اللہ ﷻ آپ کو کرب وسختی سے نکال دے گا، آپ کی حالت اچھی کر دے گا، آپ کا مقصد آپ کو حاصل ہوگا۔ ان شاء اللہ

..................*.........*

بڑی سے بڑی مصیبت سے نجات اور ناگہانی حادثہ سے حفاظت کا نایاب درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ وَكَرِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَشَفِيْعِ الْاُمَّةِ الَّذِيْ اَرْسَلْتَهٗ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ ٥ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ ٥ وَعَلٰی اَزْوَاجِهِ الطَّاهِرَاتِ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ ٥ اَفْضَلَ صَلَاةٍ وَّاَزْكٰی سَلَامٍ وَّاَنْمٰی بَرَكَةٍ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِكَ ٥ وَزِنَةَ مَافِيْ عِلْمِكَ ٥ وَمِلْءَ مَافِيْ عِلْمِكَ ٥ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَمَبْلَغَ رِضَاكَ ٥ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ وَكَرِّمْ كَذَالِكَ كُلِّهٖ اَفْضَلَ صَلٰوةٍ وَّاَزْكٰی سَلَامٍ وَّاَنْمٰی بَرَكَاتٍ عَلٰی جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ٥ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَصْحَابِ كُلٍّ مِّنْهُمْ وَالتَّابِعِيْنَ ٥ وَعَلٰی كُلِّ وَلِيِّ اللّٰهِ فِي الْعَالَمِيْنَ ٥ وَسَائِرِ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ٥ عَدَدَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ ٥ وَزِنَةَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ ٥ وَارْحَمْنَا اِلٰهَنَا بِحُرْمَتِهِمْ اَجْمَعِيْنَ ٥ وَاشْفِنَا وَعَافِنَا مِنْ كُلِّ اٰفَةٍ وَّعَاهَةٍ ٥ وَاعْفُ عَنَّا ٥ وَعَامِلْنَا بِلُطْفِكَ الْجَمِيْلِ ٥ وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا بِذُنُوْبِنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا ٥ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ٥

ترجمہ: ''اے اللہ! صلوٰۃ وسلام اور برکتیں اور کرامتیں نازل فرما ہمارے آقا اور ہمارے نبی مکرم حضرت محمد ﷺ پر، جو آپ کے بندے اور رسول نبی امی ہیں۔ نبی رحمت ہیں۔ شفیع امت ہیں۔ جن کو آپ نے رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا اور آپ ﷺ کی آل واصحاب، اولاد وذریت اور آپ ﷺ کے اہل بیت طیبین وطاہرین پر اور آپ ﷺ کی ازواج مطہرات امہات المومنین پر نازل فرما۔ آپ ﷺ پر سب سے افضل رحمت، سب سے پاکیزہ تر سلام اور سب سے بڑی برکت، تعداد میں ان چیزوں کے جو آپ کے علم میں ہیں، وزن میں ان چیزوں کے جو علم میں ہیں اور ان چیزوں کی بھرتی کے مطابق جو آپ کے علم میں ہیں، آپ کے کلمات کی روشنائی اور آپ کی رضا کے منتہا کے مطابق، اسی طرح صلوٰۃ وسلام اور برکتیں اور کرامتیں نازل فرما، افضل پاکیزہ تر سلام اور سب سے بڑی برکتیں تمام انبیاء ومرسلین پر اور ہر ایک کی آل وازواج اور اصحاب واتباع پر اور تمام اولیاء اللہ پر جہانوں میں اور تمام اہل ایمان پر خواہ اولین میں سے ہوں یا آخرین میں، تعداد میں ان چیزوں کے جو اللہ تعالیٰ کو معلوم ہیں اور وزن میں ان تمام چیزوں کے جو اللہ تعالیٰ کو معلوم ہیں اور ہم پر رحمت نازل فرما۔ یا الٰہی! ان سب حضرات کی برکت سے ہمیں شفاء اور عافیت عطا فرما، ہر آفت اور مصیبت سے۔ ہمیں معاف فرما اور ہمارے ساتھ اپنے لطفِ جمیل کے مطابق معاملہ فرما اور ہمارے گناہوں کی نحوست سے ایسے لوگوں کو ہم پر مسلط نہ فرما جو ہم پر رحم نہ کریں۔ اے ارحم الراحمین! اپنی رحمت سے ان دعاؤں کو

قبول فرما"۔

فائدہ اگر کوئی شخص کسی ایسی مصیبت میں گرفتار ہو جائے جس سے خلاصی کی راہ دکھائی نہ دیتی ہو تو وہ یہ درود شریف بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب اکیس (۲۱) بار پڑھ کر دعا کرلے تو اللہ تعالیٰ غیب سے محض اپنے لطف وکرم کے ساتھ خلاصی عطا فرمادیتے ہیں۔ نیز اگر کوئی اس درود شریف کو ہر نماز کے بعد پابندی سے کم از کم ایک بار پڑھ لیا کرے تو اچانک حادثات اور ناگہانی آفات سے محفوظ رہتا ہے۔

(ذریعۃ الوصول حوالہ نمبر ۱۲۶)

....................*..........*..........*

ہر قسم کی مشکل اور حاجت برآری کے لئے عمدہ درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُهٗ وَمُسْتَحِقُّهٗ۔

ترجمہ: "اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر جیسا کہ آپ ﷺ اس کے اہل اور اس کے مستحق ہیں"۔

فائدہ: اگر کسی کو کوئی دشوار کام پیش آجائے اور کسی بھی طرح حل ہوتا دکھائی نہ دے یا کوئی جائز حاجت پوری نہ ہو رہی ہو تو اس کو چاہئے کہ لوگوں کے سونے کے بعد تازہ وضو کر کے پاک جگہ قبلہ رخ بیٹھ جائے اور یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ بسم اللہ شریف کے ساتھ پڑھے، اس کے بعد ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ مع بسم اللہ شریف پڑھ کر نہایت گڑگڑا کر مطلوبہ کام کے لئے دعا کرے ان شاء اللہ العزیز بہت جلد کام ہو جائے گا۔ مجرب المجرب ہے۔

(ذریعۃ الوصول حوالہ نمبر ۱۳۰)

....................*..........*..........*

تین روز میں مشکل حل ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً کَامِلَۃً وَّسَلِّمْ سَلَامًا تَامًّا عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ تَنْحَلُّ بِهِ الْعُقَدُ تَنْفَرِجُ بِهِ الْکُرَبُ وَتُقْضٰی بِهِ الْحَوَائِجُ وَ تُنَالُ بِهِ الرَّغَائِبُ وَحُسْنُ الْخَوَاتِمِ وَ یُسْتَسْقَی الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ الْکَرِیْمِ وَ عَلٰی آلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ فِیْ کُلِّ لَمْحَةٍ وَّ نَفَسٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ۔

کسی مشکل کے حل کیلئے تین (۳) روز تک تین سو تیرہ (۳۱۳) بار روزانہ قبل از خواب توجہ کاملہ سے پڑھیں۔ ان شاء اللہ کامیاب ہوں گے۔

....................*..........*..........*

درود تنجینا سے مشکلات کا حل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سیدنا محمد صلوۃ تنجینا بھا من جمیع الاھوال والا فات وتقضی لنا جمیع الحاجات وتطھرنا بھا من جمیع السیات و ترفعانا بھا عندك اعلی الدرجات وتبلغنا بھا اقصی الغایات من جمیع الخیرات فی الحیات و بعد الممات انك علی کل شئی قدیر۔

مشکلات کے حل کے لئے اکتالیس (۴۱) بار پڑھیں۔ ان شاء اللہ سب مشکلیں حل ہوں گی۔

....................*..........*..........*

ہر مشکل سے نجات

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاهِرِ الزَّکِیِّ صَلٰوۃً تَحُلُّ بِهَا الْعُقَدُ وَتُفَکُّ بِهَا الْکُرَبُ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضًی وَلِحَقِّهٖ اَدَآءً وَّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

خشوع وخضوع کے ساتھ ہر مشکل سے نجات کے لئے گیارہ بار پڑھیں۔

....................*..........*..........*

پریشانی سے نجات کے لیے درود شریف خضری

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ

کتنی بھی سخت پریشانی لاحق ہو یا قرض میں مبتلا ہو یا کسی لڑکے لڑکی کی شادی نہ ہو رہی ہو تو اس درود شریف کو طالب لڑکی یا لڑکے کے نام کے اعداد کے مطابق اکیس روز یا چالیس روز پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ قرض سے

سبکدوشی حاصل ہوگی اور سخت مہمات حل ہوں گی۔ اور لڑکی یا لڑکے کے بے شمار رشتہ و پیغام آئیں گے اور جلد سے جلد کامیابی حاصل ہوگی۔

جو شخص مشکل میں ہو، اس کے نام کے عدد کے مطابق درود شریف پڑھیں۔

................*........*........*

مشکلات کا حل

امورات دین اور کشائش و فراخی معاش و ترقی رزق کے لئے ہزار بار بلا ناغہ رات دن میں پڑھیں، بہت مفید اور نہایت مجرب ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِكَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ

................*........*........*

مشکل مہم آسان ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ ذَرَّۃٍ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّۃٍ وَّ اٰلِہٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ

اگر کوئی مہم یا مشکل پیش آ جائے، تو چند روز ایک ہزار ایک مرتبہ اس درود شریف کو پڑھیں۔

................*........*........*

مشکلات کا حل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ حَبِیْبِكَ اِنِّیْ مُشْتَاقٌ بِنُوْرِ جَمَالِكَ وَرَسُوْلِكَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ

ظہر کے وقت تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ جو بھی مشکل ہوگی، دور ہوگی۔

................*........*........*

سخت مشکل سے نجات

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُطَاھِرِیْنَ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَالْمُرْشِدِیْنَ۔

سات یا گیارہ روز اس درود شریف کو پانچ سو اکیاون (۵۵۱) مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ سخت سے سخت مشکل حل ہوگی۔

................*........*........*

ہر دشواری دور ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ حَسَنٍ وَّالْحُسَیْنِ وَ عَلِیٍّ وَ فَاطِمَۃَ وَ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اگر کسی کو کسی بھی دشواری کا سامنا ہو تو اس درود شریف کو چند روز پڑھے۔ ان شاء اللہ دشواری دور ہو کر ہر کام میں آسانی حاصل ہوگی۔

پریشانی سے نجات کے لیے درود شریف خضری

صل اللہ علی حبیبہ محمد وآلہ وسلم

بعد از نماز عشاء یا تہجد کے بعد گیارہ تسبیح پڑھیں۔

................*........*........*

کیا آپ چاہتے ہیں کہ مصیبتوں، بلاؤں، آفتوں اور پریشانیوں سے محفوظ رہیں

آج ہر انسان پریشان ہے۔ پریشانیوں سے محفوظ رہنے کے لئے رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے: ”بَادِرُوْا بِالصَّدَقَةِ فَاِنَّ الْبَلَاءَ لَا یَتَخَطَّاھَا“

ترجمہ: ”مصیبت آنے سے پہلے صدقہ دے دو کیونکہ (صدقہ دیوار کی طرح آڑے آجاتا ہے اور) مصیبت اس کو پھاند کر نہیں آسکتی“۔ (مشکوٰۃ ص 167)

اور اگر خدانخواستہ آپ کسی بیماری، پریشانی یا مصیبت میں مبتلا ہو گئے ہیں تو حضرت محمد ﷺ کا ارشاد پاک ہے:

”اَلصَّدَقَةُ تَرُدُّ الْبَلَاءَ“ ترجمہ: ”صدقہ کرو کیونکہ صدقہ بلاؤں یعنی مصیبتوں کو کھا جاتا ہے“۔ (زاد الطالبین)

تجربہ ہے کہ صدقہ دینے سے پریشانیاں دور ہو جاتی ہیں ورنہ کم از کم ان میں کمی ضرور آتی ہے اور مزید آنے والی پریشانیوں سے حفاظت رہتی ہے۔ آج کل ہر طرف آفات اور بلاؤں کا دور دورہ ہے۔ بے شک! یہ ہمارے گناہوں ہی کی شامتِ اعمال ہے۔ آنے والا وقت زیادہ پریشان کن نظر آرہا ہے۔ ہم لوگ ہر ممکن تدبیر کرتے ہیں۔ بیمار ہیں تو اچھا سے اچھا ڈاکٹری علاج۔ روحانی مسئلہ ہے تو عامل سے رجوع کرتے ہیں۔ مقدمہ کا معاملہ ہے تو اچھا وکیل کرتے ہیں۔ مگر آقائے دوجہاں ﷺ کے بتائے ہوئے ارشادات پر عمل نہیں کرتے۔ مسلمان بہن بھائیوں کیلئے مخلصانہ مشورہ ہے کہ ہر ہفتہ، پندرہ دن یا مہینے میں کم از کم ایک بار حسب توفیق صدقہ دیا کریں۔ صدقہ دینے کے لئے مناسب یہ ہے کہ گھر کے تمام افراد کا فی کس اور ایک حصہ اپنے مال واسباب کا صدقہ کریں۔ مثلاً آپ کے گھر میں کل چار افراد ہیں۔ دو میاں بیوی اور دو بچے۔ آپ 50 روپے فی کس صدقہ کرنا چاہتے ہیں تو 50 روپے کے حساب سے چار افراد کے 200 روپے ہوئے اور 50 روپے مال واسباب کا صدقہ ہوا۔ کل ملا کر 250 روپے ہوئے۔ اسی طرح اپنی استطاعت کے مطابق صدقہ دینے کی عادت بنالیں اور **باقاعدگی کے ساتھ صدقہ دیا کریں**۔ جو لوگ 50 روپے فی کس سے زیادہ دے سکتے ہیں وہ زیادہ دیں اور جو کم دے سکتے ہیں وہ کم دیں، مگر دیں ضرور۔ ان شاء اللہ بہت سی موجودہ اور آنے والی مصیبتوں سے حفاظت رہے گی کیونکہ عرصہ سے بہت سے لوگوں کا یہی تجربہ ہے۔

اگر کسی کا خیال ہے کہ صدقہ کرنے سے رقم یا مال کم ہو جاتا ہے تو وہ آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد مبارک ذہن نشین کرلے۔

”مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِنْ مَالٍ“ ترجمہ: ”صدقہ کرنا مال کو کم نہیں کرتا“۔ (مسلم، مشکوٰۃ)

تجربہ شاہد ہے کہ ہر مصیبت کو دور کرنے میں صدقہ، دعا اور استغفار کو خصوصی دخل ہے۔ صدقات کا صحیح مصرف دینی کام یا مستحق افراد ہیں۔ دار العمل چشتیہ ٹرسٹ ایک معتبر دینی وفلاحی ادارہ ہے۔ جس میں علماء سے مشاورت کے ساتھ صدقات و زکوٰۃ وغیرہ کو صحیح مصرف میں خرچ کیا جاتا ہے۔ ادارہ مکمل تحقیق (جو ممکن ہو سکتی ہے) کے بعد فقط مستحق افراد (دین داروں) کی مدد کرتا ہے اور آپ کے عطیے کو آخرت کے **Bank** میں **Transfer** کرنے کے فرائض بخوبی انجام دے رہا ہے۔ نیز مستحق افراد کا نام و پتہ بھی طلب کرنے پر بتایا جاتا ہے۔ عطیات دینے والے احباب کے لئے خصوصی دعائیں بھی کی جاتی ہیں۔ اگر مناسب سمجھیں تو اپنی مشکل سے بھی آگاہ فرمادیں تاکہ آپ کی اس پریشانی سے نجات کے لئے ہمیں دعا کی بھی خوب توفیق ہو۔ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے غصے کو بجھانے اور ان کی رضا حاصل کرنے مع دنیوی و اخروی کامیابیوں اور پریشانیوں سے نجات کا نسخۂ اکسیر یہی ہے کہ انفاق فی سبیل اللہ خوب کیا جائے۔ ہمارا ادارہ آپ کے لئے اور بالخصوص امت مسلمہ کے جملہ مصائب سے نجات کے لئے دعا گو رہے گا۔

نقد عطیات (صدقات، زکوٰۃ خیرات، فطرانہ فدیہ، کفارہ، قربانی کی رقم وغیرہ وغیرہ) پاکستان میں میزان بینک کی کسی بھی برانچ میں بنام خالد مقبول، اکاؤنٹ نمبر 0212010037763 علامہ اقبال ٹاؤن برانچ، لاہور میں جمع کروائے جاسکتے ہیں یا بذریعہ منی آرڈر یا خود دفتر آکر جمع کرواسکتے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لئے رابطہ فرمائیں: **042-35033371, 0322-4773786, 0332-4487877**

مشکلات، پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات کیلئے اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اعمال

مرتب: شعبہ روحانی علاج، دارالعمل چشتیہ، لاہور

سیدنا حامدٌ صلی اللہ علیہ وسلم

(اللہ تعالیٰ کی تعریف کرنے والے)

جو شخص ہر وقت پریشان رہتا ہو اور وہ چاہے کہ اس کی تمام پریشانیاں دور ہو جائیں تو وہ روزانہ نمازِ فجر کے بعد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ ان شاء اللہ، ذہنی و دماغی پریشانی دور ہو جائے گی اور ہمیشہ خوش و خرم رہے گا۔

..................*.........*

سیدنا عاقبٌ صلی اللہ علیہ وسلم

(پیچھے والے یعنی آخری پیغمبر)

ہر طرح کی مشکلات سے نجات کی غرض سے روزانہ نمازِ عشاء کے بعد دو سو (۲۰۰) مرتبہ پڑھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ، بہت جلد مشکل دور ہو گی۔

..................*.........*

سیدنا نبیٌّ صلی اللہ علیہ وسلم

(خبر دینے والے)

ہر نماز کے بعد باسٹھ (۶۲) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لینے سے اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل و کرم حاصل ہوتا ہے۔ معرفت کی دولت مل جاتی ہے۔ ہر مشکل دور ہو جاتی ہے۔

..................*.........*

سیدنا مزمّلٌ صلی اللہ علیہ وسلم

(کملی والے۔ چادر اوڑھنے والے)

ہر طرح کی مشکل کے خاتمے کے لئے سات یوم تک بلاناغہ نمازِ تہجد کی ادائیگی کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے تو ان شاء اللہ تعالیٰ مشکل آسان ہو جائے گی۔

..................*.........*

سیدنا حُجّةٌ صلی اللہ علیہ وسلم

(دلیل)

کسی بھی پریشانی سے نجات کے لئے چالیس یوم تک بلاناغہ روزانہ چار سو گیارہ (۴۱۱) مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، جو بھی پریشانی ہو گی، دور ہو جائے گی۔

..................*.........*

سیدنا مرتضیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

(محبوب اور پسند کیے گئے۔ برگزیدہ)

اگر کوئی مشکل یا پریشانی لاحق ہو گئی ہو تو سات یوم تک بلاناغہ روزانہ باوضو حالت میں چودہ سو پچاس (۱۴۵۰) مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے تو ان شاء اللہ تعالیٰ پریشانی اور مشکل ختم ہو جائے گی۔

..................*.........*

سیدنا شکورٌ صلی اللہ علیہ وسلم

(شکر گزار۔ بہت زیادہ شکر کرنے والا)

جو کوئی کسی ایسی پریشانی میں مبتلا ہو کہ جس کے باعث شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہو تو وہ ہر نماز کے بعد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھ لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، چند دنوں میں پریشانی ختم ہو جائے گی۔

..................*.........*

ساحروں اور دشمن پر ان کا جادو واپس پلٹنا سیکھیں

جب سحر مسلسل کا معاملہ ہو تو مریض علاج کرواتا رہتا ہے اور دشمن وار کرتا رہتا ہے اس طرح مریض کی حالت مکمل ٹھیک نہیں ہو پاتی۔ایسی صورت میں دشمنوں کے اعمال ان پر واپس کر دینا ایک مجرب طریقہ ہے۔اس پر مستقل عمل کرنے سے مریض کی سحر سے جان چھوٹ جاتی ہے اور آئندہ بہت حد تک حفاظت بھی رہتی ہے۔شرعاً جادو کا پلٹنا جائز ہے۔

فیس **5000** روپے ہے

واپسی سحر کورس

کورس کی مدت **3** ماہ ہے

اس کورس میں ایسے عملیات سکھائے جاتے ہیں جن کی مدد سے ساحروں اور دشمنوں پر ان کے کئے ہوئے اعمال واپس پلٹے جاتے ہیں۔یہ کورس صرف عاملین کے لئے ہے۔عام آدمی یا غیر عامل اگر واپسی کے اعمال کسی ساحر یا جادوگر پر کرے گا تو اس کا شدید نقصان دیکھنے میں آیا ہے۔

وقت کی کمی کے باعث جو افراد چلہ نہیں کر سکتے ,وہ نقد صدقہ -/10000 دے کر مختلف واپسی سحر کورس کے اعمال کی اجازت حاصل کر سکتے ہیں۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ ، لاہور فون (دفتر): 042-35033371 موبائل (دفتر): 0343-7772772
Web: darulamal.org/ruhanidarsgah, E-mail: info@darulamal.org

حصار کا خاص عمل جس میں ملائکہ پڑھنے والے کی حفاظت کرتے ہیں

آج کل ''حفاظت'' بہت ضروری ہوگئی ہے۔حفاظت کے بغیر کوئی انسان محفوظ نہیں۔جہاں آسمانی و زمینی آفتوں کا معاملہ ہے، وہیں نہ نظر آنے والی مخلوق ''جنات و شیاطین'' سے حفاظت بہت ضروری ہے۔حیرت ہے کہ پتہ ہونے کے باوجود کہ شیطان ہمارا کھلا دشمن ہے، ہم اس سے حفاظت کا کوئی انتظام نہیں کرتے۔اسی طرح جنات اور جادو کا ہونا سند سے ثابت ہے۔اور کسی کو اس میں اختلاف نہیں۔لیکن ادھر سے بھی ہم بہت غافل ہیں۔اور جو حضرات روحانی علاج معالجہ کرواتے ہیں، ان کو عموماً یہ شکایت ہوتی ہے کہ دوبارہ اثر ہوجاتا ہے۔ان سب حضرات کے لئے یہ عمل ایک خاص تحفہ ہے۔اس کے پڑھنے والے کی حفاظت فرشتے کرتے ہیں۔اور جنات، شیاطین اور جادو کے شر سے انسان محفوظ رہتا ہے۔

تنبیہ: یاد رکھیں کہ جو لوگ یہ عمل کریں، ان کو چاہئے کہ ہر ممکن گناہوں سے پرہیز کریں۔کیونکہ اس عمل میں کامیابی کسی کسی کو ملتی ہے کیونکہ ملائکہ گناہ گار لوگوں کی اس طرح مدد نہیں کرتے جس طرح متقین کی کرتے ہیں۔آسانی سے سمجھ میں آنے والی بات ہے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کو راضی رکھیں، اور جو لوگ ناراض رکھیں، وہ دونوں برابر نہیں ہو سکتے۔اور فرشتے ان لوگوں کو زیادہ عزیز رکھیں گے جو اللہ تعالیٰ کو عزیز رکھتے ہیں اور ناراض نہیں کرتے یا بہت کم کرتے ہیں۔

اس عمل کا عامل بننے کے لئے اجازت حاصل کرنے کے بعد ایک ماہ کا چلہ کرنا پڑتا ہے۔چلہ بوقت تہجد کیا جاتا ہے۔رمضان کریم میں ہی بندے نے کئی سال قبل اس کا عمل کیا تھا۔رمضان میں عمل کی طاقت کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔اسی لئے جو احباب یہ عمل کرنا چاہیں، وہ رابطہ فرمالیں۔

اجازت کا ہدیہ
ممبران کے لئے **1600** روپے
غیر ممبران کے لئے **2100** روپے

نوٹ: اجازت لینے والے آگے کسی اور کو اجازت دینے کے مجاز نہیں ہیں

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ ، لاہور
فون (دفتر): 042-35033371 موبائل (دفتر): 0343-7772772
darulamal.org/ruhanidarsgah, info@darulamal.org

مشکلات، پریشانیوں سے نجات کیلئے ختم جمیع خواجگان نقشبندیہ قدس اللہ اسرارھم

حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

یہ ختم شریف قضائے حاجات کے لئے دوسرے سلاسل میں بھی معمول ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ اول ہاتھ اٹھا کر سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے کہ یا اللہ اس ختم خواجگان کو قبول فرمالے اور جن بزرگوں کی طرف یہ ختم منسوب ہے، ان کو اس کا ثواب پہنچادے۔ اس کے بعد

سورۂ فاتحہ مبارک مع بسم اللہ	....	سات بار
درود شریف	....	ایک سو بار
سورۂ الم نشرح مع بسم اللہ	....	اناسی (۷۹) بار
سورۂ اخلاص مع بسم اللہ	....	ایک ہزار بار
سورۂ فاتحہ مبارک مع بسم اللہ	....	سات بار
درود شریف	....	ایک سو بار
یا قاضی الحاجات	....	ایک سو بار
یا کافی المھمات	....	ایک سو بار
یا دافع البلیات	....	ایک سو بار
یا شافی الامراض	....	ایک سو بار
یا رافع الدرجات	....	ایک سو بار
یا مجیب الدعوات	....	ایک سو بار
یا ارحم الراحمین	....	ایک سو بار

ہر اسم شریف کے اول میں ایک دفعہ اللّٰھم ملائے اور یا ارحم الرحمین سے پہلے ایک دفعہ برحمتک ملائے اور کہے یا اللہ اس ختم شریف کا ثواب اپنے فضل وکرم سے ان بزرگوں کو، جن کی طرف یہ منسوب ہے اور ان کے پیران طریقت کو اپنے نبی کریم ﷺ تک اور ان کے خلفاء وخدام کو خصوصاً جمیع حضرات نقشبندیہ قدس اللہ اسرارھم کی ارواح مبارکہ کو پہنچادے۔

بعض بزرگان سلسلہ نقشبندیہ کے ختم شریف

ختم شریف حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا

پانچ صد بار، اول وآخر درود شریف یک صد بار۔

1 ختم حضرت خواجہ محمد سعید قریشی ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ

وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ

پانچ سو مرتبہ اول وآخر درود شریف سو سو مرتبہ۔

2 ختم حضرت خواجہ محمد فضل علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

پانچ سو مرتبہ، اول وآخر درود شریف سو مرتبہ۔

3 ختم حضرت خواجہ سراج الدین شاہ رحمۃ اللہ علیہ

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

پانچ سو مرتبہ، اول وآخر درود شریف سو مرتبہ

4 ختم حضرت خواجہ محمد عثمان دامانی رحمۃ اللہ علیہ

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ

پانچ سو مرتبہ، اول وآخر درود شریف سو سو مرتبہ۔

5 ختم حضرت خواجہ دوست محمد قندھاری رحمۃ اللہ علیہ

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ

پانچ سو مرتبہ، اول وآخر درود شریف سو سو مرتبہ۔

6 ختم حضرت خواجہ احمد سعید رحمۃ اللہ علیہ

يَا رَحِيْمُ كُلِّ صَرِيْخٍ وَّمَكْرُوْبٍ وَّغِيَاثَهٗ وَمَعَاذَهٗ يَا رَحِيْمُ

پانچ سو مرتبہ، اول وآخر درود شریف سو مرتبہ۔

7 ختم حضرت شاہ عبداللہ غلام علی مجدد دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پانچ سو مرتبہ، اول وآخر درود شریف سو مرتبہ۔ اور ہر سینکڑے کے بعد ایک مرتبہ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَحُبَّ عَمَلٍ يُّبَلِّغُنِيْ اِلٰى حُبِّكَ پڑھے۔

8 ختم مرزا مظہر جان جاناں رحمۃ اللہ علیہ

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ

پانچ سو مرتبہ، اول وآخر درود شریف سو مرتبہ۔ اور ہر سینکڑے کے بعد ایک مرتبہ اَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ پڑھے۔

9 ختم حضرت خواجہ محمد معصوم فاروقی رحمۃ اللہ علیہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

پانچ سو مرتبہ، اول وآخر درود شریف سو سو مرتبہ۔ اور ہر سینکڑے کے بعد ایک مرتبہ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ پڑھے۔

10 ختم حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

پانچ سو مرتبہ، اول وآخر درود شریف ایک سو مرتبہ۔

11 ختم خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ

يَا بَاقِيْ اَنْتَ الْبَاقِيْ

پانچ سو مرتبہ، اول وآخر درود شریف سو مرتبہ اور ہر سینکڑے کے بعد ایک مرتبہ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ پڑھے۔

12 ختم حضرت خواجہ شاہ بہاؤ الدین نقشبند بخاری رحمۃ اللہ علیہ

يَا خَفِيَّ اللُّطْفِ اَدْرِكْنِيْ بِلُطْفِكَ الْخَفِيِّ

پانچ سو مرتبہ، اول وآخر درود شریف سو مرتبہ

13 ختم حضرت محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

پانچ سو مرتبہ، اول وآخر درود شریف سو مرتبہ اور ہر سینکڑے کے بعد ایک مرتبہ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ پڑھے۔

14 ختم حضرت خیر الخلق سید الاولین والآخرین سیدنا ومولانا محمد رسول اللہ ﷺ۔ تین سو تیرہ مرتبہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيَاةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

نوٹ ان میں سے ہر ختم شریف کو پڑھتے وقت اول ہاتھ اٹھا کر سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ پڑھ کر کہے کہ یہ ختم شریف فلاں بزرگ کا ہے، یا اللہ اس کو قبول فرمالے اور اس کا ثواب ان بزرگ کو پہنچادے۔ پھر ختم شریف پڑھے۔ اس کے بعد ہاتھ اٹھا کر سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے کہ اس ختم کا ثواب اپنے فضل وکرم سے فلاں بزرگ کو اور ان کے پیران طریقت کو نبی کریم ﷺ تک اور ان کے خلفاء وخدام کو پہنچادے۔ اس کے بعد ان بزرگ کے وسیلے سے جو دعا چاہے مانگے۔

فائدہ ان سب ختمات شریف کے پڑھتے وقت تھوڑا سا پانی کسی برتن میں رکھ لیا جائے اور بعد ختم کے تمام شرکاء ختم اس پر دم کریں۔ یہ پانی شفائے امراض کے لئے عجیب چیز ہے۔

خوشحال زندگی کیلئے صدقہ بہترین عمل

مرتب: مولانا محمد اسحٰق ملتانی مدظلہٗ

صدقہ کی دو قسمیں

ایک عام صدقہ کہ صدقے کرنے والے کو اس کا ثواب مل جاتا ہے لیکن اس کا ثواب ہمیشہ جاری نہیں رہتا۔ مثلاً کسی ضرورت مند کو کھانا کھلا دیا، کسی بیمار کے علاج معالجہ کیلئے پیسے دے دیئے وغیرہ۔ یہ صدقہ بھی عبادت ہے۔ اس کا بڑا ثواب ہے۔ اس میں حسبِ استطاعت حصہ لیتے رہنا چاہئے۔

صدقہ کی دوسری قسم صدقہ جاریہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے کوئی تادیر قائم رہنے والی خیر اور دیر تک فائدہ پہنچانے والی چیز دوسروں کیلئے مقرر کردی جائے تو اس کو ''صدقہ جاریہ'' کہتے ہیں۔ عام طور پر صدقہ جاریہ ہمیشہ کیلئے ہوتا ہے اور ہمیشہ اس کو ثواب ملتا رہتا ہے۔ صدقہ کرنے والا دنیا سے چلا گیا لیکن کام ایسا کر گیا کہ اب اس کے مرنے کے بعد بھی وہ جاری ہے تو اس کو ثواب برابر ملتا رہے گا۔ ایسے صدقہ کو صدقہ جاریہ کہتے ہیں۔

ایک حدیث شریف میں صدقہ جاریہ کی سات مثالیں بیان کی گئی ہیں۔ چنانچہ فرمایا گیا سات آدمی ایسے ہیں جنہیں ان کے (صدقات و اعمال) کا اجر موت کے بعد ان کی قبر میں دیا جاتا ہے (وہ یہ ہیں)

1. جو شخص علم سکھائے۔
2. نہر بنائے۔
3. کنواں کھودے۔
4. درخت لگائے۔
5. مسجد بنادے۔
6. قرآن پاک ترکہ میں چھوڑ جائے۔
7. ایسا لڑکا چھوڑ جائے جو اس کی موت کے بعد اس کیلئے استغفار کرتا رہے۔ (بیہقی فی شعب الایمان)

یہ سات آدمی ایسے ہیں کہ جب وہ دنیا سے چلے جائیں گے اور اپنی اپنی قبروں میں پہنچ جائیں گے، تب بھی ان کے کئے ہوئے صدقات جاریہ کا ثواب برابر ان کیلئے جاری رہے گا۔

دنیا فانی اور آخرت باقی ہے۔ ہمیں اس فانی دنیا میں رہ کر اپنی ہمیشہ ہمیشہ کی آخرت کی زندگی کو بنانا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے، اس کی رضا کے کاموں میں لگنے اور ان کی فکر کرنے سے بنے گی۔ اور اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے والے کاموں میں جہاں نماز، روزہ، حج وعمرہ، نوافل واذکار وغیرہ ہیں، وہاں ایک بہترین عمل صدقہ بھی ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ کے راستے میں صرف اس کی رضا کی خاطر اخلاص کے ساتھ اس کے دیئے ہوئے مال میں سے کچھ نہ کچھ خیر کے کاموں میں لگاتے رہنا چاہئے۔

صدقہ کی آسان ترکیب یہ ہے کہ ہر شخص اپنی آمدنی کا کچھ حصہ اللہ کی راہ میں صدقہ کرنے کیلئے مخصوص کرلے، چاہے ایک فیصد ہو یعنی سو روپے پر ایک روپیہ، ایک ہزار روپے پر دس روپے اور اس قدر صدقہ وہ باقاعدگی سے ادا کرتا رہے اور اتنا معمولی صدقہ ہر شخص بآسانی دے سکتا ہے۔ لہٰذا نفلی صدقہ دینے کا کچھ نہ کچھ دائمی معمول بنانا چاہئے۔

صدقہ کی مختلف صورتیں ہیں۔ ان میں سے بعض کے متعلق حدیث شریف میں فرمایا گیا کہ ہر مسلمان پر صدقہ کرنا لازم اور ضروری ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کہ اگر وہ نہ پائے تو؟

حضور ﷺ نے فرمایا ''وہ اپنے ہاتھ سے مزدوری کرے اور خود کو بھی نفع پہنچائے اور صدقہ بھی کرے''۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کہ ''اگر وہ یہ بھی نہ کر سکے تو؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''وہ کسی پریشان حالت شکستہ حاجت مند کی مدد کر کے صدقہ کا ثواب حاصل کرے''۔ صحابہؓ نے عرض کیا ''اگر وہ یہ بھی نہ کر سکے تو؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''وہ خیر کا حکم کرے یا فرمایا نیکی کا حکم دے''۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ ''اگر وہ یہ نہ کر سکے تو؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''وہ کسی کو تکلیف دینے سے باز رہے، اس کیلئے یہی صدقہ ہے''۔

(اللہ ﷻ ہم سب کو صدقہ کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ خ)

معمہ اسمِ اعظم۔۔۔فتح مقدمات لاعلاج امراض قرضداری اور حل المشکلات کا خاص عمل

فقیر امتیاز حسین سروری (کوئٹہ)

تاثیرات اسمائے الٰہی اور آیاتِ قرآنی کے اثبات میں بہت کچھ اسنادو تحقیق موجود ہے۔ جیسا کہ فرمایا اکابرین نے کہ "تاثیرات الاسماء حق"۔ یہی مومنین کامل الیقین کا عقیدہ ہے۔ بعض منکرین اسمائے حسنہ اور آیاتِ قرآنی وغیرہ کا انکار کرتے ہیں اور ان کو فعلِ عبث سمجھتے اور کہتے ہیں کہ ان میں کچھ تاثیر نہیں۔ ان کے پڑھنے سے کیا ہوگا۔ ہمارا تو خدا پر توکل ہے۔ وہ راہِ حق کو چھوڑ کر گمراہی کا راستہ اختیار کیے ہوئے ہیں اور اپنے دلائل کو ثابت کرنے کے لیے مختلف قسم کی جاہلانہ تقریریں کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس جہل سے بچائے اور صراطِ مستقیم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے **وننزل من القرآن ما ھو شفاء** اور جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ **من لم یتشف بالقرآن فلا شفاہ اللہ** اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین باتباع رسول کریم ﷺ آیاتِ قرآنی وادعیہ ماثورہ پڑھ کر اکثر بیماروں پر دم کیا کرتے تھے اور علماء نے اس بارے میں بہت کچھ لکھا ہے اور مشائخ امتِ محمدیہ ﷺ نے آیاتِ قرآنی سے صدہا قسم کے اعمال ترتیب دیئے ہیں اور زکوۃ دینے کے طریقے اپنے مریدوں اور طالب علموں کو تعلیم فرمائے ہیں۔ ایسے امر بین سے انکار اچھا نہیں ہے۔ ہر ذی عقل وذی شعور اس بات سے آشنا ہے کہ حق تعالیٰ نے کوئی ایسی چیز نہیں بنائی جس میں تاثیر نہ ہو اور وہ محض عبث ہو۔ احجار، اشجار، اثمار، حیوانات، نباتات، ہوا، پانی، مٹی غرضیکہ ہر چیز اپنی اپنی جداگانہ تاثیر رکھتی ہے۔

دعاء ماثورہ، اسمائے حسنہ اور آیاتِ قرانیہ تو اشرف واعلیٰ کائنات ہیں تو پھر ان میں تاثیرات ہونے میں کیا شک رہ جاتا ہے؟ بلاشبہ ان کی تاثیرات، کیفیات، نفع اور ضرر عام طور پر آئے روز مشاہدہ ہوتے رہتے ہیں اور قیامت تک یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ اللہ جل شانہ نے فرمایا ہے: "قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى"۔ اخلاصِ نیت سے آیاتِ قرآنی پڑھنا اور اپنی حاجات اللہ جل شانہٗ سے طلب کرنا یا کسی مشکل وقت میں اسمائے حسنہ یا کوئی قرآنی عمل پڑھنا، سو یہ بھی استقامت باللہ اور رجوع الی اللہ ہی تو ہے کہ جس کی اسناد متواتر کتاب اللہ اور حدیث رسول اللہ ﷺ اور اجماع امتِ محمدیہ ﷺ سے پائی جاتی ہے تو پھر ایسے اعتراض کرنا، باعثِ گمراہی اور روحانی علوم سے ناواقفیت نہیں تو اور کیا ہے؟

یاد رہے! ہر امر میں ترتیب وترکیب کو بڑا دخل ہے۔ بغیر ترکیب کے کوئی کام درست نہیں ہوسکتا مثلاً اطباء نے مریضوں کے لیے نسخہ جات ترتیب دیئے ہیں۔ مگر اس کے ساتھ ہی اوقات، پرہیز اور ترتیب بھی بتا دی۔ جس کے خلاف کرنے سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ اگر کوئی ناواقف شخص بغیر کسی تشخیصِ مرض کے اور دوا کی تاثیر کے، محض نسخہ نقل کر کے دے تو اس کے استعمال سے، بجائے فائدہ کے، نقصان لازم آئے گا۔ اسی لیے مثل مشہور ہے نیم حکیم خطرہ جان نیم ملا خطرہ ایمان۔ الغرض کوئی بھی شے بدون ترکیب کے تیار نہیں ہوسکتی۔ ایسے ہی عملیات پڑھنے اور تعویذات لکھنے میں ترکیب اور ترتیب کو ضروری قرار دیا گیا ہے تا کہ عامل وشاغل کی محنت برباد نہ ہو جائے۔ ترکیبِ خاص کے ساتھ جو تعویذ ونقش وغیرہ لکھا جائے گا وہ ضرور موثر ہوگا۔ اللہ رب العزت کسی کی محنت کو ضائع نہیں فرماتے۔ اب اگر یہ کہا جائے کہ ہم نے بہت عمل پڑھے اور تعویز لکھے مگر کوئی اثر ظاہر نہ ہوا تو یہ بھی اس کا اپنا قصور ہی ہوگا کیونکہ عمل کی قبولیت کے واسطے دو امر بہت ضروری ہیں: ایک صدق مقال دوسرا اکلِ حلال۔ یہ دونوں امور، عوام تو درکنار فی

زمانہ خواص میں بھی مفقود ہیں اور بغیر ان امور کے عملیات کیسے مؤثر ہوں گے؟

جو عامل خود اس کے لائق نہ ہو، وہ ناواقفی سے عمل کر کے بداعتقاد ہو کر طعن و تشنیع کر رہا ہو۔ اگرچہ اللہ رب العزت نے سب امور جو ہوئے ہیں، اور جو ہونے ہیں سب لوحِ تقدیر پر لکھ دیے ہیں۔ مگر اس کے ساتھ ہی یہ بھی فرمادیا کہ اُدْعُونِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ۔ عقلمند کو چاہیے کہ محنت و کوشش سے ہرگز غافل نہ ہو اور اپنی حاجت کو برابر درگاہِ الٰہی میں عرض کرتا رہے۔

مگر اس کے ساتھ ہی محض اپنی ترکیب و تدبیر پر ہی بھروسہ نہ ہو بلکہ اس رب ذوالجلال کی عظمت پر کامل یقین رکھے کہ دوا ہو یا دعا، بغیر حکم الٰہی کے کچھ اثر نہیں کرتی۔ لَا تُحَرِّکُ ذَرَّۃٌ اِلَّا بِاِذْنِ اللہِ تَعَالٰی۔ کبھی ایک ہی دوا سے فائدہ ہوتا ہے اور کبھی اسی سے نقصان ہوجاتا ہے۔ نفع اور ضرر سب کچھ خدا کے اختیار میں ہے، کسی کو کچھ دخل نہیں۔ اگر دوا یا عمل سے کسی کو فائدہ نہ ہو رہا ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ دوبارہ، سہ بارہ تکرار کرے اور اپنی غلطی کو ڈھونڈے کہ کہاں کمی رہ گئی یا استادِ کامل سے رجوع کرے کیونکہ بلا ترکیب و ترتیب کامیابی کی اُمید عبث ہے۔ جیسا کہ آج کل کم فہم آدمی عملیات کی کتابیں اٹھائے پھرتے ہیں اور ناجائز امور کے لیے قرآنی اعمال پڑھتے ہیں یا ایمان کو گنوا کر سفلی و مشرکانہ اعمال پڑھتے ہیں۔ ایسے تمام امور میں خود بھی مصیبت میں مبتلا ہوجاتے ہیں اور مخلوق خدا کو بھی زحمت میں ڈال دیتے ہیں اور اپنے ایمان اور اعتقاد کے ساتھ دوسروں کے ایمان و اعتقاد کو بھی ضائع کردیتے ہیں۔

چاہیے تو یہ تھا کہ اصول کے مطابق اخلاصِ نیت سے بارگاہِ الٰہی میں عاجزی و انکساری کے ساتھ فریاد گزار ہوتا کہ اللہ تعالیٰ اس کی دعا و مناجات قبول فرما کر عمل میں تاثیر پیدا کرتا۔ اگر تمام امور کو ملحوظ رکھتے ہوئے بھی تاثیر ظاہر نہ ہو تو اللہ کی مرضی پر صبر کرنا چاہیے کیونکہ انسان بہت سے کاموں کو اپنے لیے اچھا جانتا ہے مگر درحقیقت، وہ اس کے لیے بُرے ہوتے ہیں اور جن کو وہ بُرا جانتا ہے وہ اس کے لیے اچھے ہوتے ہیں۔ اس لیے مومن مسلمان کی یہ شان ہونی چاہیے کہ وہ اپنے مولا کی مرضی کے سامنے سربسجود ہو جیسا کہ اللہ تعالیٰ سورہ بقرہ میں فرماتے ہیں:

وَعَسٰۤی اَنۡ تَکۡرَہُوۡا شَیۡئًا وَّہُوَ خَیۡرٌ لَّکُمۡ ۚ وَعَسٰۤی اَنۡ تُحِبُّوۡا شَیۡئًا وَّہُوَ شَرٌّ لَّکُمۡ ﴿سُوۡرَۃُ الۡبَقَرَۃِ: ۲۱۶﴾

اسم اعظم

اسمِ اعظم، شبِ قدر، ساعتِ جمعہ یا خطِ تقدیر کے مثل پوشیدہ ہے۔ کوئی بھی شخص قطعی یہ نہیں کہہ سکتا کہ اسمِ اعظم صرف یہ ہے۔ مگر محققین اور بزرگانِ دین نے اپنی اپنی تحقیق اور رائے کے مطابق الگ الگ اسم اعظم بیان کیے ہیں۔ اکثر عاملین کاملین و صالحین و زاہدین و عابدین بلکہ عامۃ المسلمین صدیوں سے اسمِ اعظم کی تلاش میں سرگرداں ہیں۔ کتنی ہی کتابیں تصنیف کی گئیں اور اکثروں نے اس کی تلاش میں کتبِ تفسیر و حدیث کے مطالعہ میں زندگیاں صرف کردیں مگر کسی ایک نقطہ پر سب کی رائے مرکوز نہ ہوسکی۔ عوام تو عوام، خواص اور عالم روحانیت والے بھی اس امر پر متفق نہ ہوسکے کہ یہی حقیقی اسم اعظم ہے۔ لہٰذا ان ہی اقوال بزرگان دین کی روشنی میں آج قارئین خزینہ روحانیات کی خدمت میں معمہ اسم اعظم جو حضرت سعد الدین حمویؒ نے بزبان فارسی بطریق جفر نااہل سے مخفی رکھا اور اسی معمہ اسمِ اعظم کو حضرت میاں فقیر اللہ علوی شکارپوریؒ (شیخ و مرشد احمد شاہ ابدالی، شاہ افغانستان) نے اپنی مشہور زمانہ کتاب قطب الارشاد ۱۳۱۶ھ، جسے مکتبہ امیر حمزہ، کانسی روڈ، کوئٹہ نے شائع کیا، کے صفحہ نمبر ۲۶۵ پر لکھا ہے:

حضرت شیخ سعد الدین حموی قدس سرہ فرمودہ اند کہ ہر کہ سورہ یس شریف را باذن مرشد کامل تلاوت نماید ہری کہ داشتہ باشد بسرعت بر آید و در سورت یس سہ جائیست کہ چون بدان برسد ہرچہ خواہد شود کہ آنرا علمای این فن ہر مزد ایما نوشتہ اند کہ ہر ناکس بران وقوف نیابد زیر انکہ چون ازان واقف کردند کارہائی ناشایستہ پیش و در ہلاکت خلق کوشند بنا بران بزرگان افشای آن نکردہ اند و این فقیر بحکم مرشد یکمرتبہ در عمل آوردہ بود مرشد این فقیر نیز بحکم مرشد خویش یکبار در عمل آوردہ بودند و ایضاً منع است کہ

جز طالب حق راىند گفت۔

جای اول: واقع است درمیان دو کلمه که مجموع حروف ہر دو کلمه و ابواب بہشت است و کلمه اوّل

چہار حرف است و ہر یکحرف بعدد دیگری تکرار یافته و حروف کلمه ثانی او مکرر نیست اگرچه حرف اول از و در کلمه اول تکرار یافته و حرف ثانی حرف از کلمه است در اعداد و حرف ثالث بازای حرف اول است در مرتبه ثانیه از اعداد جمل وحرف الرابع مثل مجموع حرف اوّل و ثالث است۔

اشاره ثانیه: واقع است در سه کلمه که حروف مجموع این کلمات بعددی ابواب نیران است و حرف اوّل و سابع یکمثل اند یعنی در تشبیه مماثلند چنانچه ثانه و سادس و ثالث و خامس و حرف رابع مرکز است ہر مجموع را و او حرفیست که با زبر و بنیات مطابق اسمِ اعظم است بلکه اسم اعظم ازوست واد حرفیست که رتبه خاتم ولایت دارد و دائر حرف با و منتہی میشود و از بینات او کلمه آخر باوّل پیوند و دیگر آن عمل ازوی آید که در وقت انضمام با کلمات از مغلوب وے نیز مطق عمل آید وہمان حروف حاصل شوند بغیر کم و زیاده۔

اشاره ثالثه: واقع است در پنچ که مجموع حروف این کلمات بعدد تمام ابواب مذکوره است بیکی زیاده و حروف کلمتین که موقع اشارت اول است بعینها بر ترتیب کلمه اول و ثانی است غیر مرتب درین کلمات مندرج اند و عدد نقاط که درین کلمات است جمیع جہات را احاطه کرده است نصفی فوقانیه و نصفی تحتانیه و ضاہر است که اسما حسنیٰ دران جلوه می نمائیند یکی در اول و یکی در آخر و در تسطیر دی دو اسم با اتفاق علما اندراج یافته که اسم اعظم آن است و اسماء دیگر ازان استنباط میتوان نموده که بعجی الباری المومن الحلیم

است و باقی علیٰ ہذا القیاس و زیاده ازین افشا در انکرده اند و بعدد دانستن این موضع از مرشد اکملی بر ہرچه خواہی بر حصول آن قدرت یابی۔

حل و تشریح

اگر کوئی شخص ایک بار سورہ یٰس شریف سجدے میں اس طرح پڑھے اور جو مقامات رمز و اشارے میں لکھے ہوئے ہیں، وہ سو سو بار تکرار کرے تو تمام مقاصد کے لیے راقم کا مجرب و آزمودہ ہے۔ تو جان لے کہ اس سورۂ شریفہ میں تین محل اشاروں کے مقامات ہیں، جو رمز و اشارے میں لکھے ہیں کہ اگر ان امور کا افشا ہو جائے اور مخلوق ان سے واقف ہو جائے تو کارہائے عظیم رونما ہوں اور کوئی بھی شخص نافرمانی نہ کرے۔

پہلا اشارہ 8 دو کلموں کے درمیان واقع ہے کہ ہر دو کے حروف کا مجموعہ بہشت کی تعداد کے مطابق ہے۔ پہلے کلمہ کے چار حروف ہیں کہ ہر حرف نے دوسرے کے بعد تکرار کیا ہوا ہے اور دوسرے کلمہ کے چاروں حروف ہی غیر مکرر ہیں۔ اگرچہ ان میں سے ایک حرف کا پہلے کلمہ میں تکرار موجود ہے اور دوسرا اور تیسرا حرف پہلے کلمہ کے حرفِ اول کے مقابل ہے جو مراتبِ اعدادِ جمل کے مرتبہ ثانیہ میں ہے۔ اور چوتھا حرف، پہلے اور تیسرے حرف کے مجموعہ مثل ہے جو امام مبین نکلا۔

دوسرا اشارہ 8 تین کلموں کے درمیان واقع ہے کہ ان حروف کا مجموعہ ابواب کی تعداد سے باہر ہے۔ پہلا اور ساتواں حرف ہم مثل ہے۔ چنانچہ دوسرا اور چھٹا، تیسرا اور پانچواں ہم مثل ہیں اور چوتھا حرف ان حروف کے مجموعے کا مرکز ہے اور وہ ایک ایسا حرف ہے کہ وہ زبر و بینہ کے ساتھ اسمِ اعظم کے مطابق ہے کہ اس سے اسمِ اعظم مراد ہے اور حروف کا دائرہ اس پر تمام ہو جاتا ہے اور اس کا بینہ ہا آخر اوّل سے ملا ہوا ہے اور اس میں دوسری علامت یہ ہے کہ کلمات کے انضمام کا عمل اگر مقلوبی طور پر کیا جائے تو پھر بھی وہی کلمات پیدا ہو جاتے ہیں جو یہ ہیں **کل فی فلک**۔

تیسرا اشارہ 8 پانچ کلموں کے درمیان واقع ہے کہ ان کلموں کے حروف کا

مجموعہ تمام ابواب مذکورہ کی تعداد کے مطابق ہے اور ایک زیادہ ہے اور دو کلموں کے حروف جو پہلے اشارہ کے مقام پر ہیں، بعینہٖ پہلے اور دوسرے اشارے کی ترتیب پر غیر مرتب ان کلمات میں مندرج ہیں اور ان کلمات کے نقاط تمام جہات کو احاطہ کئے ہوئے ہیں۔ نصف نقاط بالائی ہیں اور نصف نقاط زیریں ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ اس اسم اعظم کے اول و آخر میں جلوہ گر ہیں۔ جو یہ ہے: **سلام قولا من رب رحیم۔**

قارئین خزینہ روحانیات یہ عمل نہایت زود اثر ہے اور خود راقم السطور کا تجربہ شدہ ہے۔ جیسی بھی سخت سے سخت حاجت ہو، اس عمل کو کرنے سے باذن اللہ ضرور حل ہو جاتی ہے۔ اس عمل کی مزید تفصیل ہماری آئندہ آنے والی کتاب **انوار العملیات** میں آپ کو ملے گی۔

عمل یٰس

